ہمدردِ جامعہ

مرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہمدرد جامعہ

جلد ۴ بابت ماہ مارچ سنہ ۳۹ء مطابق محرم الحرام سنہ ۱۳۵۸ھ | نمبر ۲

معذرت

اس سال کچھ ایسی صورتیں پے در پے پیش آئیں کہ رسالہ ہمدرد جامعہ باوجود ہماری خواہش کے اکتوبر سے اب تک شائع نہیں ہو سکا۔ اس میں کچھ ہماری معذوریاں اور کچھ ڈاکخانہ کی رخنہ اندازیاں تھیں اس کی تفصیل سے ناظرین کو دلچسپی نہ ہوگی۔ اس لئے صرف اس مجمل بیان کے ساتھ ہم معذرت خواہ ہیں۔ انشاء اللہ آئندہ پابندی سے رسالہ حاضر خدمت ہوا کرے گا۔ اس اشاعت کو اکتوبر سنہ ۱۹۳۸ء سے مارچ سنہ ۱۹۳۹ء تک کا رسالہ تصور فرمایا جائے اسمیں فہرستیں اکتوبر سنہ ۳۸ء تک شامل ہیں۔ باقی فہرستیں اس کے بعد والے رسالے میں شائع ہوں گی چونکہ یہ رسالہ کئی رسالوں کی بجائے شائع ہو رہا ہے۔ اس لئے طے کیا گیا ہے کہ اس کی اور اس کے بعد دو ایک اور رسالوں کی ضخامت بڑھا دی جائے۔ امید ہے کہ اس طرح پچھلی کوتاہیوں کی قدرے تلافی ہو جائے گی۔ ہم اپنے ناظرین سے پھر ایک بار اس طویل غیر حاضری کی معذرت چاہتے ہیں۔

حالات جامعہ

عطیہ

حلقہ ہمدردان اور بہی خواہان جامعہ میں یہ خبر بہت ہی مسرت اور خوشی سے سنی جائے گی کہ جناب خان بہادر احمد علاءالدین صاحب بالقابہ نے حیدرآباد سے ازراہ لطف و عنایت اور بکمال علم دوستی پانچ ہزار کی گراں بہا رقم جامعہ ملیہ کو مرحمت فرمائی۔ جزاک اللہ احسن الجزا

ہم اس گرانقدر عطیہ پر خان بہادر قبلہ کا دلی تشکریہ پیش کرتے ہیں

ہندوستان کے مشہور و معروف عالم حضرت مولانا عبیداللہ سندھی کو کچھ مہینے ہوئے ہندوستان آنے کی اجازت مل گئی تھی اور اب وہ ایک مدت کے بعد وطن آنے کے لئے آمادہ تھے لیکن پاسپورٹ کے ملنے میں تاخیر ہو گئی اور ادھر حج کا زمانہ بھی آگیا تھا اس لئے اب آپ رک گئے ہیں اور کچھ عرصہ کے بعد مراجعت فرما ہوں گے۔

ہماری خوش بختی ہے کہ حضرت مولانا نے اپنے قیام اور افادات کے لئے جامعہ میں کرم فرمانے کا ارادہ کیا ہے مولانا کی خواہش ہے کہ وہ اہل جامعہ کو قرآن اور فلسفہ شاہ ولی اللہ کے نکات و غوامض سے بہرہ مند فرمائیں مولانا نے اپنی عمر کا پورا سرمایہ ان دو چیزوں پر صرف کر دیا ہے۔ اب وہ اپنے اس علم و فضل سے اہل جامعہ کو مستفیض ہونے کا موقعہ دیں گے۔

چونکہ مولانا کی تشریف آوری میں کچھ دیر تھی اس

لئے جامعہ کے ہونہار فرزند اور استاد مولانا محمد سرور صاحب فاضل مصر حضرت مولانا سے استفادہ کرنے کو مکہ معظمہ تشریف لے گئے ہیں تاکہ جب تک مولانا وہاں تشریف رکھیں وہ وقت ضائع نہ جائے۔ خدا وہ دن جلد لائے کہ مولانا کی تشریف آوری سے جامعہ اور اسلامیان ہند فیض یاب ہوں۔

اور شعائر حج کے متعلق وضاحت سے بیان کیا۔

امریکہ کے مشہور پروفیسر ہارلو صاحب اور ان کی بیگم نے جامعہ کو دیکھا اور بہت پسند فرمایا۔ موصوف نے جامعہ کے ایک عام جلسہ میں تقریر بھی فرمائی۔

عطیہ

نواب کمال یار جنگ بہادر حیدر آباد ہمارے دلی شکریہ کے مستحق ہیں کہ موصوف نے بکمال لطف و کرم دو ہزار کے گرانقدر عطیہ سے جامعہ کو نوازا۔ جزاک اللہ خیر الجزا

ہم اراکین جامعہ کی طرف سے نواب صاحب قبلہ کی خدمت میں مخلصانہ شکریہ ادا کرتے ہیں۔

پچھلے دو مہینوں میں جامعہ میں کئی عام جلسے ہوئے۔ جس میں بعض اہل فن حضرات نے تقریریں فرمائیں۔

جناب حاجی خان بہادر ظفر حسین صاحب (محکمہ آثار قدیمہ) نے حج کے متعلق دو تقریریں فرمائیں اور دلپذیر انداز میں مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی عمارات

اس سال ۹ فروری کو عثمانیہ کلب پانی پت کے ہائی اسکول تقریری مقابلہ میں شرکت کے لئے تعلیمی مرکز نمبر ۱ جامعہ (مدرسہ ابتدائی غیر مقیم طلبہ) سے چھٹی جماعت کے دو طالب علم سید محمد رؤف اور مشتاق صدیق۔ ماسٹر عبد الخالق صاحب کے ساتھ بھیجے گئے تھے۔ پانی پت عثمانیہ کلب کا یہ جلسہ ہر سال بہت اہتمام کے ساتھ ہوتا

ہے۔ اس سال کافی مدرسوں نے حصہ لیا تھا۔

۱۰ر فروری کو تقریروں کا فی البدیہ مقابلہ تھا اور ۱۲ر کو مقررہ موضوع "سائنس کی ایجادات انسانیت کے لئے باعث تخریب ہے" پر مشتاق صدیقی فی البدیہ تقریر میں اول آئے اور ان کو پہلا انعام ملا۔ مجموعی حیثیت سے دونوں مقرروں کی تقریریں اچھی رہیں اور بہت پسند

کا مقابلہ حسب سابق ہوا۔ مقامی اور باہر کے بہت سے مدرسوں نے تقریر، تحریر اور کھیلوں میں حصہ لیا مجموعی طور پر مدرسہ جامعہ نگر کا ابتدائی مدرسہ اول آیا۔ مدرسہ فیض عام ہائی اسکول میرٹھ دوم۔ چونکہ قاعدے کے مطابق جامعہ نگر کا مدرسہ خود اپنی ٹرافی نہیں لے سکتا اس لئے وہ ٹرافی فیض عام ہائی اسکول میرٹھ کو ملی۔

عطیہ

جامعہ کے طلبائے قدیم کی انجمن آج کل اپنے مشاغل میں سرگرم ہے۔ عنقریب انجمن کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کی تجویز ہو رہی ہے اس سلسلہ میں طلبائے قدیم جامعہ سے فراہمی رقم کی درخواست کی گئی تھی۔ نہایت مسرت کی بات ہے کہ جامعہ کے قدیم طالب علم **جناب علی حسن صاحب** باوجود جامعہ سے دور سنگاپور رہنے کے اپنی مادر تعلیمی کو ہمیشہ یاد رکھتے ہیں۔ موصوف نے پانچ پانچ سو کی دو قسطوں میں **ایک ہزار** روپیہ کی گراں قدر رقم اپنی انجمن کو عطا فرمائی۔

خدا انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

کی گئیں۔ سید محمد رؤف کو بھی ایک خاص انعام ملا اور تعلیمی مرکز جامعہ اس مقابلہ میں اول رہا اور ننھے سپاہی پانی پت کے میدان سے ایک خوشنما ٹرافی جیت کر لائے۔

گذشتہ ماہ مدرسہ جامعہ نگر اوکھلا میں سالانہ علمی ٹرافی

تقریری مقابلے کے جلسہ کی صدارت جناب سعید انصاری صاحب پرنسپل استادوں کا مدرسہ نے کی اور انعامی جلسہ کی صدارت مولانا عبدالرحمن صاحب پروفیسر سینٹ اسٹیفنس کالج نے فرمائی اور اپنے دست مبارک سے انعامات تقسیم کئے اور آخر میں ایک نصیحت آمیز تقریر فرمائی۔

یومِ تاسیسِ جامعہ

تاسیس جامعہ کی تقریب کے سلسلے میں ہر سال جامعہ میں ایک جلسہ ۲۹۔ اکتوبر کو ہوا کرتا ہے۔ اس سال بھی یہ جلسہ منعقد کیا گیا۔ اس موقعہ پر اہل جامعہ ایک جگہ جمع ہوتے ہیں اپنے پچھلے کاموں کا جائزہ لیتے ہیں اور آئندہ کے لئے لائحہ عمل تیار کرتے ہیں۔ ماضی کی روشنی میں مستقبل کا خاکہ بنانے کے لئے زیادہ سے زیادہ تفصیلات کی ضرورت تھی۔ اس لئے قائم مقام شیخ الجامعہ صاحب نے جامعہ کے ہر شعبہ سے سال بھر کی کارگذاری اور آئندہ ارادوں کے بیان کرنے کی درخواست کی تھی لہذا ہر شعبہ کے منتظم صاحب نے اپنے اپنے شعبہ کی رپورٹ تمام اہل جامعہ کے سامنے پیش کی۔ ہم ان رپورٹوں کے ضروری اقتباسات اپنے ہمدردوں کی اطلاع کے لئے شائع کر رہے ہیں۔ اس اشاعت میں جناب محمد مجیب صاحب قائم مقام شیخ الجامعہ اور جناب محمد عاقل صاحب مہتمم کتب خانہ کی رپورٹ کے اقتباسات شریک کئے جاتے ہیں۔ آئندہ اشاعتوں میں انشاء اللہ اور شعبوں کے اقتباسات دئے جائیں گے۔

شیخ الجامعہ کی تقریر

جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب شیخ الجامعہ آنکھوں کی تکلیف کی وجہ سے بمبئی میں زیر علاج تھے اس لئے یوم تاسیس کے جلسہ کی صدارت جناب محمد مجیب صاحب قائم مقام شیخ الجامعہ نے فرمائی موصوف کی تقریر حسب ذیل ہے:

جامعہ نے جہاں کئی اور باتوں میں عام روش اور عام وضع کو چھوڑا ہے وہاں تاسیس کی تقریب منانے میں بھی انوکھا چلن اختیار کیا ہے، ایسا چلن کہ اس پر رعب اور شان کا فریب کھائے ہوئے لوگ مسکراتے ہیں، قاعدے اور ضابطے کے سیدھے رستے پر چلنے والے حیران ہوتے ہیں یا الجھتے ہیں، مگر سادگی اور خلوص، ایمانداری اور انکسار کے قدردان کو اس میں کچھ نہ کچھ دل میں رکھنے اور ساتھ لے جانے کو ضرور نظر آجاتا ہے۔ میں ان دنوں میں جامعہ میں نہ تھا جب اُسے سرکاری یونیورسٹیوں کے ڈھرے پر چلانے اور عام رواج کو برتنے کی کسی قدر کوشش کی جاتی تھی، جب اس کی فکر ہوتی تھی کہ تاسیس کے دن ملک کا کوئی آبرودار شخص آکر تقریر کرے، سندیں تقسیم کرے اور سند کے ساتھ طالب علموں کو ایسی نصیحتیں بھی کرے جس پر عمل کئے بغیر تعلیم کی سند ایک ڈھکوسلہ سمجھی جاتی ہے۔ جس سال میں آیا، تاسیس کے دن شکایت اور تنقید نے جشن منایا تھا، پھر کچھ دنوں یہ خیال رہا کہ اس تقریب کو جامعہ کی دولت اور اثر کا نہیں تو جامعہ کی ملنساری، مہمان نوازی اور ادبی ذوق کے اظہار کا ایک موقع بنانا چاہئے۔ لیکن تقریب کی صورت ہنگامے کی ہوتی یا خاموشی کی، محفل عام ہوتی یا خاص جامعہ والوں کی، ہم نے خدمت کا جو ارادہ کیا تھا اسے ہم کسی نئے پہلو سے دیکھتے اور تازہ شوق کے ساتھ دل سے لگاتے ضرور تھے۔ ہم اس دنیا کو جو خرچ اور آمدنی کو برابر رکھنا چاہتی ہے، اور حوصلے کو

مالی استطاعت کی تنگی سے کترتے رہنا کامیابی کا راز سمجھتی ہے کبھی خوش کرنے کی فکر نہیں کی ہم نے اپنی کارگذاری کو کبھی اعداد وشمار کے چوکھٹے میں بند نہیں کیا۔ ہم کبھی خود ایسے مطمئن نہ تھے کہ دوسروں کو مطمئن کریں، ہم نے اپنا کام خود ہی اپنے سر لیا تھا ہم کس سے کہتے کہ دیکھئے جو کام ہمارے سپرد ہے وہ انجام پا رہا ہے، جو روپیہ ہمیں ملتا ہے وہ حسب تخمینہ خرچ ہوا ہے۔ ہم تو بس یہ کرتے رہے کہ جو رستہ ہم نے طے کرلیا تھا اس کی لمبائی کو ناپیں، ہم نے جو ترقی کی تھی اس کا اندازہ کریں، اور وہ بھی صرف اس لئے کہ زیادہ امیدوار حوصلے کے ساتھ آگے قدم بڑھائیں۔ ہمارے لئے مناسب بھی یہی تھا۔ ہماری ترقی کے معنی یہ تھے کہ جو مقصد ہم نے اپنے سامنے رکھا تھا اسے خود زیادہ صاف دیکھ سکیں، جو ارادے اپنے دلوں میں رکھتے تھے انھیں زیادہ مضبوط پائیں، جو کام ہم کر رہے تھے اس سے اپنے آئندہ کاموں کو زیادہ ممکن اور قریب ہوتے دیکھیں۔ ہماری کارگزاری کا اگر ایک پہلو یہ تھا کہ ہم نے ایک معمول کی استقلال کے ساتھ پابندی کی اور دوسرا اور ہمارے دلوں کو زیادہ عزیز پہلو یہ تھا کہ ہم نے ایک نئے اور بہتر معمول کی طرح ڈالی، ہم نے اگر کچھ بنایا تھا تو اُسے مٹا کر بہتر چیز بنانے کی دھن میں بھی لگے تھے۔ اور سب سے بڑی بات جس میں ہم سمجھتے کہ جامعہ کے وجود کا راز بھی پوشیدہ ہے، یہ ہے کہ ہم اپنے کاموں کے ساتھ خود بھی بنتے رہے۔ جامعہ کی کارگذاری ہمارے دلوں کی کیفیت، ہماری واردات قلبی سے جدا نہیں کی جاسکتی، جامعہ کوئی ادارہ یا اداروں کا مجموعہ نہیں ہے، ہمارے دلوں کی کہانی بھی ہے، کوئی عمارت یا عمارتوں کا مجموعہ نہیں ہے، بہتے چشموں کا ایک جال سا ہے کہ جس سے زمیں سیراب اور بستی شاداب ہوتی ہے۔

چشموں کو بہانے کے لئے ایک بڑا چشمہ بھی چاہیئے کہ جس کی روانی زمین کی ناہمواری کو اپنے بلوں میں لیتی ہزاروں رکاوٹوں میں سے رستہ نکالتی چلی جائے۔ چشموں کا بہاؤ اسی کے زور سے ہوتا ہے، ان کے نغمے اسی کے گیت سے بنتے ہیں، یہ روانی یہ زور، یہ نغمہ سرائی اسی کو نصیب ہوتی ہے کہ جسے خدا دے۔ اپنا کام وہی کرسکتا ہے، اپنی بات وہی کہہ سکتا ہے۔ اسی وجہ سے کئی سال سے یہ ہوتا چلا آیا ہے کہ جامعہ کی تاسیس کے دن جامعہ کے بارے میں جو کچھ بیان ہوا ہمارے شیخ الجامعہ کی زبانی بیان ہوا، اور انھوں نے وہی کہا جو اُن کے دل میں تھا۔ ان کی شخصیت نے ان کی باتوں کو ایک آئینہ بنا دیا کہ جس میں ہم اپنی اور جامعہ کی صورت دیکھتے تھے۔ مگر وہ صورت نہیں کہ جس کی تصویر کاغذ پر اتاری جاسکے، بلکہ وہ صورت جس کے رنگ تاریخ، مذہب، انسانی شخصیت کے رنگوں سے مل کر زندگی پر اسی طرح چھا جاتے ہیں جیسے آسمان پر افق کے رنگ۔ جامعہ کی تاسیس کی تقریب سچ پوچھئے تو انھیں رنگوں کا پھوٹنا اور پھیلنا اور ہمارے کاروبار کا ان کی روشنی میں چمک اٹھنا تھا۔

اس سال ہم اپنی تاسیس اس شان سے منا نہیں سکتے۔ لیکن ہم اپنے بہاؤ کو، اپنے کام کے پھیلاؤ کو دیکھ سکتے ہیں۔ ہمارے جو مختلف ادارے ہیں ان کے مقاصد کو جوڑ کر جامعہ کے بڑے مقصد کو آنکھوں کے سامنے لانے کی کوشش کرسکتے ہیں۔ ہمارے شعبوں کا مختصر سا حال آپ اُن کارکنوں کی زبانی سنیں گے جس کے وہ اس وقت سپرد ہیں، میں آپ کو صرف اس طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ وہ کام جسے ہم مشق اور تجربہ کہتے ہیں اب آہستہ آہستہ نظیر اور سند بن رہا ہے، ہم کو اب یہ ذمہ داری پوری کرنا ہوگی کہ تعلیم کے جن طریقوں کو ہم آزما چکے ہیں ان میں مہارت پیدا کریں، تاکہ آئندہ ترقی کی بنیاد مضبوط رہے، ہمارا ہر کام

اس سہولت اور صفائی سے ہونا چاہیے جو پختہ ارادے اور کامیاب شوق کی سچی علامت ہے، اب ہمارے لئے لازمی ہوگیا ہے کہ تفصیلی کاموں میں آپ اپنے چار[illegible]نہیں، ایک مرکز سے قوت حاصل کرنے کے بجائے اپنے جوش اور شوق سے مرکز کو تقویت پہنچا کر اور اس اشتراک عمل کو قائم رکھتے ہوئے جو ہماری چھوٹی سی جماعت کا مایۂ ناز ہے اپنے مخصوص کام کو جامعہ کے مجموعی کام اور مجموعی مقصد سے اس طرح ہم آہنگ کردیں کہ جو کچھ ہونا چاہیے وہ آپ ہی ہوتا رہے۔ ہمارا کام اب تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے، اس اعتبار سے نہیں کہ افراد کے ذمہ زیادہ کام ہوگیا ہے یا شعبوں کی تعداد زیادہ ہوتی جارہی ہے بلکہ اس سبب سے کہ ہندوستان کی تعلیمی اور تہذیبی زندگی سے وہ تعلق جو ہمارے دل اور ارادے تک محدود تھا اب ایک نیا روپ لے رہا ہے، اب یہ ناگزیر ہوگیا ہے کہ ہمیں اپنے اندرونی کام کی طرف سے پورا اطمینان ہو تاکہ ہم وہ مطالبے پورے کرسکیں جو ہماری قوم اس وقت ہم سے کر رہی ہے اور جنھیں پورا کئے بغیر جامعہ اپنے اصل مقصد تک پہنچ نہیں سکتی۔

آپ جانتے ہیں کہ عام جبری تعلیم کی ایک تجویز جامعہ کی طرف منسوب کی جارہی ہے جسے ہمارے شیخ الجامعہ نے تیار کیا اور جسے کئی صوبوں کی حکومتیں ان کے مشورے سے مگر اپنی بساط اور ذہنیت کے مطابق عمل میں لانے والی ہیں۔ عام جبری تعلیم کے اصول اور نصاب تجویز کرنا ایسا کام نہ تھا کہ جس سے انکار کیا جائے، خصوصاً جب اس کی امید تھی کہ اس تجویز میں تعلیم کے بہترین طریقے پیش کئے جاسکیں گے اور گاندھی جی اپنی شخصیت کے پورے زور اور اثر کو اسے مقبول اور رائج کرنے میں صرف کریں گے۔ یہ تجویز بنیادی تعلیم کی ہے اور خالص تعلیمی ہے، لیکن ایک طرف شخص اور مقام کی پرستش کے ایک پرانے میلان نے اسے وردھا اسکیم کا نام دے دیا ہے، دوسری طرف جائز بدگمانیوں اور ناجائز خوف نے اسے اسلامی تہذیب اور مسلمانوں کے مفاد کے خلاف ایک گہری تدبیر ٹھہرا کر اس کی اصل تعلیمی حیثیت کو بالکل مٹا دیا ہے، ایک صوبے کے وزیر تعلیم نے موقع کو غنیمت جان کر بنیادی تعلیم کی اس تجویز کو جو ہمارے شیخ الجامعہ نے مرتب کی تھی ودیا مندر کے نام سے دیہاتی اسکول قائم کرنے کی ایک تجویز سے ملا دیا جو انھوں نے پہلے سے سوچ رکھی تھی، جسے تعلیم اور طریق تعلیم سے کوئی سروکار نہ تھا اور جس کا مقصد ہندوؤں کی مذہبیت سے فائدہ اٹھا کر اسکولوں کے لئے زمین اور عمارت حاصل کرنا تھا۔ ان تمام باتوں نے ایسی غلط فہمیاں پیدا کردی ہیں کہ جنھیں دور کرنے میں ایک عرصہ لگے گا، جو شاید اسی وقت دور ہوسکیں جب اس سیاسی کشمکش اور معاشرتی اور اخلاقی مقابلے کی شدت کچھ کم ہو جو ایک مدت سے ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان جاری ہے اور نہ جانے کب تک جاری رہیگا۔ جب تک ہندو مسلمان کی کشمکش زیادہ تر سیاسی تھی، جامعہ والے یہ کہہ کر اس سے الگ رہ سکتے تھے کہ جامعہ کوئی سیاسی ادارہ نہیں، مسلمانوں کی ایک آزاد تعلیم گاہ ہے اسے سیاسی جھگڑوں سے مطلب نہیں لیکن اس فریق سے اسے ہمدردی ضرور ہوگی جو ہندوستان کو برطانیہ کے قبضے سے چھڑانے کی جدوجہد کرے اور قوم میں آزادی اور خودداری کا چرچا کرے۔ اب مگر یہ کشمکش تہذیبی اور دینی ہوگئی ہے، یعنی اس کا میدان وہ خاص سرزمین ہے کہ جس میں جامعہ نے اپنا گھر بنایا ہے اور کاروبار کرتی ہے اور ہم بنیادی تعلیم کی تجویز اور اُسے آگے بڑھانے اور رائج کرنے کی کوششوں کی بدولت اس ضد اور تعصب کی لپیٹ میں آجاتے ہیں جو مسلمانوں کو ہندوؤں اور کانگریس سے پہلے

بھی تھا مگر اب بہت بڑھ رہا ہے۔ عناد اور تعصب کی اس آگ کو بھڑکانے اور پھیلانے کے لئے اتنا ایندھن فراہم ہو رہا ہے کہ وہ ہمارے بجھائے نہیں بجھ سکتی، اور اس کی لپیٹ سے بچنے کے لئے کوئی گوشۂ عافیت تلاش کر لینا جامعہ کے بنیادی مقاصد سے منہ پھیرنا ہوگا لیکن اگر ہم ان غلط فہمیوں کو دور نہ کر سکے جو اس وقت پھیل رہی ہیں تو اس کا اندیشہ ہے کہ ملت اسلامی سے ہمارا جو تعلق ہے وہ کمزور پڑ جائے گا اور جس خدمت کے لئے ہم نے جامعہ کو قائم کر رکھا ہے اسی کو ہم انجام نہ دے سکیں گے۔

اس وقت ہم پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں وہ تین طرح کے ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہمارا انگریزوں اور گاندھی جی سے جو اشتراک عمل ہے وہ وقت کی مصلحت اور مسلمانوں کی عام ذہنیت کو دیکھتے ہوئے ایک اسلامی ادارے کے لئے مناسب نہیں لیکن تعلیمی اور تعمیری کاموں میں بھی اشتراک عمل سے پرہیز کرنا غلط اور خود ہمارے لئے مہلک ہوگا جب تک کہ مسلمان ہندوستان کی عام زندگی اور کاروبار سے اپنا حصہ کاٹ کر الگ نہ کر لیں، اور اس ربط ضبط کی گنجائش ہی نہ رہے جو پڑوس اور خدمت کا فرض اور سچے اسلامی اخلاق برتنے کا حوصلہ ہمارے لئے لازمی کر دیتا ہے۔ دوسری قسم کے اعتراضات یہ ہیں کہ وردھا اسکیم کے مطابق لڑکوں اور لڑکیوں کو ساتھ تعلیم دینا لازمی ہوگا، انھیں ناچ گانا سکھایا جائے گا، اسلام کے صحیح اور سچے، مکمل اور بہترین مذہب ہونے کا عقیدہ چھوڑ کر ایسی رواداری برتنا سکھایا جائے گا جو ہر طرح کے عقیدوں کو ایک سطح پر لا کر ان کے درمیان کوئی امتیاز باقی نہ رہنے دے گا۔ یہ تمام اعتراض وہی لوگ کرتے ہیں جنھوں نے بنیادی تعلیم کے نصاب پر ایک نظر ڈالنے کی زحمت گوارا نہیں کی ہے اور جن کا تخیل کچھ ایسا بھڑک گیا ہے کہ اب وہ ہر چیز کو دیکھ کر بدکتا ہے۔ تیسرا اعتراض جو ہم پر کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ ہم نے جامعہ میں تو دین کو تعلیم کا سنگ بنیاد بنایا ہے اور عام جبری تعلیم کی تجویز میں مذہب کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا ہے۔ یہ وہ اعتراض ہے کہ جس کی طرف میں آپ کو خاص طور سے توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

اصولاً یہ اعتراض غلط ہے۔ عام جبری تعلیم میں جس کا انتظام کسی حکومت کے ہاتھ میں ہو، دینی تعلیم ہونا ہی نہ چاہیے ورنہ سیاسی مصلحت مذہبی عقیدوں کی صورت بگاڑ کر رکھ دے گی۔ اس زمانے سے جب کہ ریاستیں تعلیم کا انتظام کرنے لگیں آپ دیکھیں گے کہ ہر جگہ مذہبی جماعتوں نے سرکاری اور دینی تعلیم کو الگ رکھا، اور اقلیتوں نے ہر جگہ اپنی بقا اور سلامتی کے لئے اصرار کیا کہ ان کے دین کی تعلیم خود ان کے ہاتھوں میں رہے اور ریاست کو اس کے انتظام میں ذرا بھی دخل نہ ہو۔ ہندوستان کے مسلمان اگر چاہتے ہیں کہ ان کی ملت کا الگ وجود قائم رہے، اور اس میں ایک اتحاد ہو جو سیاسی تقسیم اور فرقہ بندی پر غالب آ سکے اگر وہ چاہتے ہیں کہ ان کی دینی اور اخلاقی روایات، ان کی معاشرت اور ان کی تہذیب، جس میں اردو، فارسی اور عربی زبانیں بھی شامل ہیں، مخالف اثرات سے محفوظ رہ سکیں، تو انھیں اپنی دینی تعلیم کا انتظام اپنے ہاتھ میں لینا اور بالکل اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہئیے اور یہ سمجھنا چاہئیے کہ حکومت سے کسی طرح کی رعایت یا سہولت کی درخواست کرنا اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا ہے۔

لیکن اس طرح نصیحت کرنے سے کام نہیں بنتا۔ بنیادی تعلیم کے لئے جو عمر تجویز کی گئی ہے اسے دیکھئے تو شروع میں پورے دو سال ایسے ملتے ہیں کہ جن میں دین اور زبان کی تعلیم دی جا سکتی ہے، بنیادی تعلیم کے دوران میں بھی اہم سلسلہ

جاری رکھ سکتے ہیں، اور ہمیں اس کا بھی انتظام کرنا چاہیئے کہ بنیادی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد بھی ہمارا طالب علموں سے مستقل تعلق رہے۔ عمر اور تعلیمی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے دینیات کا ایک مکمل نصاب بنانا اب خاص طور سے جامعہ والوں کا فرض ہوگیا ہے، اور ہم کو جلد سے جلد ایسا نصاب تیار کرکے اور تجربے سے اسے آزما کر ملت کے سامنے پیش کرنا چاہیئے۔ اسی کے ساتھ بالغوں کی تعلیم بھی ایک ایسی خدمت ہے کہ جسے انجام دینے کی فکر کرنا ہمارے ذمہ ہے، اور یہ کام بھی ہمیں پورے ذوق اور شوق سے شروع کر دینا چاہیئے۔

جامعہ کے ابتدائی اور ثانوی مدرسے مجوزہ بنیادی تعلیم کے ادارے نہیں ہیں، ان کا نصاب بنیادی تعلیم کے نصاب سے الگ ہے اور رہے گا۔ ہمارے ذمہ اب جو کام ہے وہ یہ نہیں کہ نئی تجویز کے مطابق طریق تعلیم کو بدلیں، بلکہ نئے تعلیمی فرائض کو انجام دینے کا ارادہ کریں اور اس کی تدبیریں سوچیں۔ اس میں ہم اس تجربہ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو ہمیں جامعہ میں حاصل ہوا ہے، اور نئے کام کو پرانے کی توسیع کا سلسلہ سمجھ سکتے ہیں، جیسا کہ وہ حقیقت میں ہے بھی، لیکن یہ نیا کام ہمارے پرانے کام سے بہت بڑا ہے، ان دونوں کی نسبت وہی ہے جو مدرسے اور زندگی کے بے پایاں میدان عمل کی۔ ہمیں جتنی مشق اور جتنے تجربے کی ضرورت تھی وہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں حاصل ہو گیا ہے، خدا کے فضل سے جامعہ کی اب ملک میں وہ حیثیت ہو گئی ہے کہ لوگ اب ہم سے پیش قدمی اور رہنمائی کی امید رکھتے ہیں، اور اب ہمیں بغیر کسی جھجک اور خوف کے اس میدان میں قدم رکھنا چاہیئے جو ہماری ہمت اور حوصلہ کو للکار رہا ہے۔ میں نے اس وقت جو کچھ عرض کیا ہے وہ کچھ اپنی طرف سے نہیں بلکہ اس یقین کے ساتھ کہ یہ کم و بیش جامعہ کے کارکنوں کے عام خیالات ہیں، اور میں نے یہ جانی بوجھی باتیں دہرائیں اس غرض سے ہیں کہ آج وہ خاص موقع ہے جب کہ جامعہ والوں کو اپنے خیالات کا سرمایہ جمع کرکے سوچنا چاہیئے کہ وہ اس میں سے کتنا کس کام میں لگائیں گے۔ زمانے نے جو نئی ذمہ داری ہم پر ڈالی ہے اس کی طرف میں اشارہ کر چکا ہوں اس کے بعد اب ہماری برادری کے ہر فرد کو یہ سوچنا چاہیئے کہ وہ اس میں کس طرح زیادہ سے زیادہ شرکت اور مدد کر سکتا ہے ہماری پرانی ذمہ داری کہ جامعہ کا ہر کام دیانت اور شوق کا نمونہ ہو ہم پر اس وقت بھی ہے اور خدا کرے ہم اس سے کبھی غافل نہ ہوں۔ اب آئیے اپنے اپنے دل میں خدا کا نام لیں، اس کی قدرت کے سامنے اپنی مجبوری اور بے بسی کا اعتراف کریں اور ہمیں جو استعداد عطا ہوئی ہے اس کا پورا پورا حق ادا کرنے کا تہیہ کر لیں۔

ادارہ تعلیم و ترقی

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

یہ ادارہ اس لئے قائم کیا گیا ہے کہ تعلیم بالغان کے لئے!

۱ - نصاب تعلیم اور تعلیمی سامان تیار کیا جائے اور

۲ - حلقہ تعلیم و ترقی قائم کئے جائیں۔

ان مقاصد کے پیش نظر

۱ - اَن پڑھ بالغوں کے لئے اردو کا ایک قاعدہ جو موجودہ قاعدوں میں بڑی عمر کے لوگوں کے لئے مفید اور مناسب معلوم ہوا تجویز کیا گیا ہے، اس قاعدہ کے تین حصے ہیں اور چونکہ نئے طرز پر لکھا گیا ہے اس لئے اس کے استادوں کی ہدایت کے لئے ایک "قاعدہ نما" بھی ہے، یہ قاعدہ ایک تجربہ کی بنیاد پر ترتیب دیا گیا ہے اس لئے مصنف نے اپنے پورے تجربہ کو علیحدہ قلمبند کر کے شائع کر دیا ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ایک بالغ اَن پڑھ آدمی کو اردو پڑھنا اور لکھنا سیکھنے میں کس قسم کی مشکلات پیش آتی ہیں اور ان کو کس طرح سے مصنف نے حل کیا۔ قاعدہ کے تینوں حصے اور آخرالذکر رسالے مکتبہ جامعہ دہلی نے شائع کئے ہیں اور وہیں سے قیمتاً مل سکتے ہیں۔

(۲) چونکہ بالغ مبتدیوں کے لئے درسیات کا کوئی سلسلہ موجود نہیں ہے جس سے لکھنے پڑھنے کی مشق اور مہارت پیدا ہو، اس لئے چھوٹے چھوٹے رسائل کا ایک سلسلہ ادارہ تعلیم و ترقی کی طرف سے تیار کیا جا رہا ہے۔ یہ رسائل غالباً سولہ سولہ صفحات کے ہونگے اور خط بھی موٹا ہوگا تاکہ ایک مبتدی آسانی سے پڑھ سکے، ہر رسالہ کا علیحدہ ایک موضوع ہوگا اور کوشش کی جائے گی کہ موضوع سے متعلق جتنے الفاظ اور اصطلاحات عام طور پر بول چال میں رائج ہیں وہ آجائیں تاکہ مبتدی کو ان الفاظ کے پڑھنے کی اچھی طرح مشق ہو جائے اور آگے اپنی تعلیم وہ خود جاری رکھ سکے۔ امید ہے کہ اس سلسلہ کے چند رسائل آخر مارچ تک شائع ہو جائیں گے۔

(۳) اسلامی تعلیمات کے کتبے اور مدنی اور سماجی زندگی کے متعلق ضروری معلومات کا ایک سلسلہ تیار کیا جا رہا ہے۔ کتبے مساجد میں اور گھروں میں دوکانوں میں اور بیٹھکوں میں آویزاں کئے جائیں گے کوشش کی جائے گی کہ تعلیمی معلومات اور ہدایات کا ایک سبق ہر ہفتہ شائع ہو جائے۔

(۴) حلقہ تعلیم و ترقی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی، قائم کیا گیا ہے، اور مقامی حالات کا لحاظ رکھ کر ایک پروگرام تجربہ کے لئے تجویز کیا گیا ہے جو حسب ذیل ہے۔

حلقۂ تعلیم و ترقی کا پروگرام

(۱) بستی کے ہر پڑھے لکھے مرد اور عورت کو آمادہ کیا جائے کہ سال میں کم از کم ایک ان پڑھ آدمی کو جو مدرسہ کی باقاعدہ تعلیم سے محروم ہے پڑھنا لکھنا سکھانا اپنے اوپر لازم کرلے۔ اس سلسلہ میں "ایک خدمت کا عہد" تیار کیا گیا ہے، اور اس عہد کے لئے تعلیم یافتہ مردوں اور عورتوں کو آمادہ کیا جارہا ہے۔

(۲) بستی میں چند تعلیمی حلقے قائم کئے جائیں جن میں دینی اور سماجی تعلیم کا انتظام کیا جائے، رسائل، اخبار اور کتب بینی کا شوق پیدا کیا جائے۔

(۳) ایک گشتی کتب خانہ قائم کیا جائے اور تعلیمی حلقوں کے ذریعہ سے کتابیں مطالعہ کے لئے تقسیم کی جائیں۔

(۴) بستی کی صفائی اور حفظانِ صحت کے سلسلہ میں بستی کے لوگوں کو متوجہ کیا جائے اور حکومت، میونسپلٹی اور امپرو ومنٹ ٹرسٹ کو بھی توجہ دلائی جائے۔

(۵) تعلیمی کتبات کو رائج کیا جائے۔

---

(۱) پڑھنا لکھنا سکھلانے کا کام آج ہر طرف یہی چرچا ہے کہ اس ملک میں کوئی ان پڑھ نہ رہے اور ہر شخص جس کو مدنی حقوق حاصل ہوں کم از کم اخبارات اور رسائل کا مطالعہ کرسکے، ملکی حالات سے باخبر رہے، حق رائے کا صحیح استعمال کرے اور اصلاح و ترقی کے کاموں میں حصہ لے سکے۔

دوسرے ملکوں کے تجربات سے معلوم ہوتا ہے کہ بالغ آدمی کو پڑھنا لکھنا سکھانا بہت مشکل کام نہیں ہے اور مادری زبان میں لکھنا اور پڑھنا چند ماہ کے اندر اچھی طرح سکھایا جاسکتا ہے۔ لیکن وسائل کی کمی، اپنی بے حسی اور حکومت کی بے توجہی سے یہ اہم تعلیمی کام جس کے بغیر اصلاح و ترقی کے میدان میں کوئی قدم آگے نہیں بڑھایا جاسکتا ہنوز ہماری پوری توجہ کا محتاج اور مستحق ہے۔

پڑھنا لکھنا سکھانے کے لئے بالعموم مدارس شبینہ قائم کئے جاتے ہیں لیکن اس قسم کے مدارس قائم کرنے میں بعض ایسی انتظامی دشواریاں حائل ہیں جن پر عام طور پر قابو پانا بحالات موجودہ ہمارے لئے بہت دشوار معلوم ہوتا ہے اس لئے یہ تحریک شروع کی گئی ہے کہ ہر تعلیم یافتہ مرد اور عورت کم از کم ایک ان پڑھ آدمی کو ہر سال پڑھنا لکھنا

سکھلانے کا ذمہ دار بن جائے۔ اس وسیع ملک میں جہاں سو میں بانوے آدمی ان پڑھ گنے جاتے ہیں پڑھنا سکھانے کا کام اسی طرح ممکن بھی ہے کہ ہر پڑھا لکھا آدمی اپنی جگہ پر ایک معلم اور خادم بن جائے اور یہ تمدنی خدمت انجام دے۔ ورنہ اتنی بڑی آبادی کے لئے بے شمار معلم اور استاد کہاں سے آئیں گے جو یہ کام کریں۔ نیز اس تحریک سے ہم اپنے تعلیم یافتہ طبقے میں خدمت کا جذبہ پیدا کر سکتے ہیں اور یہ احساس بھی پیدا کر سکتے ہیں کہ ان پڑھ لوگوں کو پڑھنا لکھنا سکھانا ہر پڑھے لکھے کا قومی اور تمدنی فرض ہے جس سے ہم اسی وقت سبکدوش ہو سکتے ہیں جب سال میں کم از کم ایک ان پڑھ کو ہماری وجہ سے پڑھنا لکھنا آ جائے۔

تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ بڑی عمر کے لوگوں کو پڑھنا سکھانے کے لئے کسی خاص استادی کی ضرورت نہیں۔ ہر شخص جو معمولی پڑھنا لکھنا جانتا ہے ایک ان پڑھ آدمی کو حروف شناسی کی تعلیم دے سکتا ہے۔ آدھ گھنٹہ روزانہ کی تعلیم اس کے لئے بہت کافی ہے خواہ کسی قاعدہ سے تعلیم دی جائے یہ توقع کی جاتی ہے کہ معمولی سمجھ بوجھ کا آدمی بھی چار مہینے کے اندر پڑھنے لکھنے کا طریقہ سیکھ لے گا۔ قاعدہ یا پہلی کتاب ختم کرنے کے بعد پھر پڑھنے لکھنے کی مشق کے لئے البتہ درسیات کے ایک سلسلہ کی ضرورت ہے جو بالغوں کے مذاق اور ان کی ضروریات کا لحاظ رکھ کر تیار کیا جائے یہ کام ادارہ تعلیم و ترقی کی طرف سے شروع کیا گیا ہے امید ہے کہ مارچ تک چند رسالے اس سلسلہ کے تیار ہو جائیں گے لیکن جب تک سلسلۂ تعلیم و ترقی کے رسائل نہ شائع ہوں موجودہ بچوں کی کتابوں میں سے مبتدیوں کے لئے کچھ کتابوں کا انتخاب کیا جا سکتا ہے جو قاعدہ ختم کرنے کے بعد بالغ مبتدیوں کو بھی شروع کرا دی جائیں۔ اس کے بعد بالغ مبتدیوں کو کتب بینی اور اخبار بینی کا شوق دلایا جائے تاکہ وہ اپنی تعلیم کو خود آئندہ جاری رکھ سکیں۔

جو لوگ 'خدمت کا عہد' کریں گے ان کو تعلیم دینے کے لئے ایک ان پڑھ طالب علم بھی تلاش کرنا ہوگا لیکن ہمارے ملک میں ان پڑھ لوگوں کی کیا کمی۔ ہر گھر میں کوئی عزیز کوئی قریب، کوئی ملازم یا کوئی آنے جانے والا ان پڑھ ضرور مل جائے گا اور سب سے پہلے تعلیم پانے کے حق دار یہی لوگ ہیں، تاکہ چراغ کے نیچے اندھیرا نہ رہے۔ اس کے بعد پڑوس اور محلہ میں کسی ان پڑھ کو تلاش کرنا چاہیئے۔

ان پڑھ طالب علم سے بھی ایک وعدہ پر دستخط لئے جائیں گے، لیکن جو شخص لکھنا نہیں جانتا وہ دستخط کیسے کریگا؟ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ جو ان پڑھ پڑھنا لکھنا سیکھنے کے لئے آمادہ کیا جائے اس کو سب سے پہلے دستخط کرنا سکھلایا جائے۔ دس بارہ مرتبہ مشق کرنے سے ہر ان پڑھ آدمی اپنا نام پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکتا ہے اور ایک دو دن کے بعد ہر طالب علم اپنے دستخط کا نشان وعدہ کے کاغذ پر ضرور بنا سکے گا صرف دستخط کرنا اور اپنے نام کو پڑھنا اگر کوئی شخص سیکھ جائے تو بجائے خود یہ بھی ایک بہت بڑی خدمت سمجھنا چاہیئے۔

دورانِ سال میں یہ کوشش کی جائے گی کہ بستی کے خدام کو کبھی کبھی جمع کرکے پڑھنا لکھنا سکھانے کے مختلف

طریقوں پر غور کیا جائے اور جو تجربات حاصل ہوں ان کے متعلق تبادلہ خیال کیا جائے طلبہ کیلئے سال میں تین مرتبہ امتحان کا انتظام کیا جائے گا اور یہ توقع کی جائے گی کہ ہر طالب علم سال کے دوران میں کسی ایک امتحان میں شریک ہو کر یہ ثبوت دے، کہ اس نے پڑھنا لکھنا سیکھ لیا ہے۔ کامیاب طلبہ کو ادارہ کی طرف سے سندیں تفویض کی جائینگی اور پھر وہ بھی حسبِ عدہ خدام کی فہرست میں شریک ہو جائیں گے تاکہ اسی طرح دئیے سے دیا جلتا رہے ۔

(۲) تعلیمی حلقے

اس میں شک نہیں کہ پڑھنا لکھنا سیکھنا اس وقت خاص اہمیت رکھتا ہے لیکن یہ سمجھنا کہ تعلیم بالغان اسی پر ختم ہو جاتی ہے بڑی غلطی ہے، تعلیم بالغان کا اصل مقصد جہالت کو دُور کرنا ہے جو کتابی تعلیم کے علاوہ زبانی اور مشاہدہ کی تعلیم سے بھی ممکن ہے۔ اور جہاں تک بالغوں کی تعلیم کا تعلق ہے آخر الذکر دونوں طریقوں کو اختیار کئے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ اس لئے تجویز ہے کہ بستی میں حالات کے اعتبار سے چند تعلیمی حلقے قائم کئے جائیں تعلیمی حلقوں کا ایک اعزازی مہتمم ہوگا اور بالالتزام روزانہ درس کی بجائے وقتاً فوقتاً درسی تقاریر اور مشاہدہ کے ذریعہ تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ خیال یہ ہے کہ عام طور پر تعلیمی حلقوں میں طلبہ کی تعداد بہت زیادہ نہ ہوگی لیکن طلبہ کی تعداد مہتمم کی کوشش اور پروگرام کی دلچسپی پر موقوف ہے۔ ان حلقوں میں وہ لوگ بھی شریک کئے جائیں جنھوں نے پڑھنا لکھنا سیکھنے کا کوئی وعدہ نہیں کیا ہے۔

تعلیمی حلقوں کی نوعیت بالآخر طلبہ کی ضروریات اور دلچسپی پیشے اور برادری، تعلیمی حالت، مذہبی اور سیاسی عقاید کے لحاظ سے مقرر ہوگی لیکن یہ تجربہ سے معلوم ہوگا کہ کس قسم کے حلقے تعلیمی حیثیت سے زیادہ کامیاب اور مفید ہو سکتے ہیں تجویز یہ ہے کہ پہلے دینی تعلیم اور مدنی مسائل سے دلچسپی پیدا کرنے کے لئے تعلیمی حلقوں کا پروگرام بنایا جائے۔

تعلیمی حلقوں کا یہ کام بھی ہوگا کہ رسائل، اخبار اور کتب بینی کا شوق بھی اپنے حلقے کے لوگوں میں پیدا کریں اور تختہ اخبار کو رواج دیں، تختۂ اخبار کے لئے روزانہ مواد فراہم کرنا بحالات موجودہ مشکل بھی ہے اور مصارف بھی بہت زیادہ ہوں گے لیکن ہفتہ وار دلچسپ خبروں اور سبق آموز مضامین کے تراشے فراہم کرنا غالباً زیادہ دشوار نہ ہوگا البتہ مواد کے انتخاب اور ترتیب کے لئے خاص کاوش، ذوق اور ذمہ داری کی ضرورت ہے، اگر کوئی مناسب آدمی اس خدمت کے لئے تیار ہو گیا تو اخبار بینی کا شوق پیدا کرنے کے لئے یہ طریقہ بھی اختیار کیا جائیگا۔

(۳) گشتی کتب خانہ

پڑھے لکھے لوگوں کی تعداد میں جتنا اضافہ ہوتا ہے اسی قدر کتابوں کی ضرورت اور کتب خانوں کی اہمیت بھی بڑھتی جاتی ہے۔ دوسرے ملکوں کے تجربہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کتب بینی اور تحصیل علم کا شوق پیدا کرنے میں کتب خانوں اور دار المطالعوں کا بہت بڑا حصہ ہے اور بالغوں کی تعلیم کے سلسلہ میں مستقل انتظام یہی سمجھا جاتا ہے کہ کتب خانوں کی تعداد اور کتابوں کے ذخیرہ میں اضافہ کیا جائے۔

ہمارے یہاں اول تو پڑھے لکھے لوگوں کی تعداد بہت تھوڑی ہے اور جو لوگ تعلیم یافتہ ہیں ان میں بھی کتب بینی اور تحصیل علم کا شوق مفقود ہوتا ہے اس لئے یہ شوق پیدا کرنے کے لئے کتب خانوں اور دارالمطالعوں کی خاص طور پر ضرورت ہے۔ اس بستی کے لئے ایک گشتی کتب خانہ کی ابتدا کی گئی ہے اور ایک چھوٹا سا ذخیرہ کتابوں کا جمع کیا گیا ہے اس میں زیادہ کتابیں بالغ مبتدیوں کی استعداد مذاق اور دلچسپی کو پیش نظر رکھ کر منتخب کی گئی ہیں۔ یہ کتابیں تعلیمی حلقوں یا خدام کے ذریعہ سے محلہ کے لوگوں میں مطالعہ کے لئے دی جائیں گی۔

۴۔ صحت اور صفائی تندرستی اور حفظان صحت کے لئے بستی کی صفائی میونسپلٹی کے فرائض میں داخل ہے لیکن چونکہ خود بستی کے لوگوں کو صفائی کی عادت اور حفظان صحت کا خیال نہیں ہے اس لئے میونسپلٹی کی خدمات سے نہ پورا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اور نہ حفظان صحت کے متعلق ابتدائی باتوں کا کوئی خیال رکھا جاتا ہے۔ اس لئے تعلیمی حلقوں میں اور پوسٹروں کے ذریعہ بستی کے لوگوں کو گھر کی اور محلہ کی صفائی وغیرہ کی طرف توجہ دلائی جائے اور اس سلسلہ میں میونسپلٹی وغیرہ کی خدمات سے بھی پورا فائدہ اٹھایا جائے۔

۵۔ تعلیمی کتابت ادارہ تعلیم و ترقی کی طرف سے مذہب اخلاق اور مدنیات کی تعلیم کے لئے کتبات کا ایک سلسلہ تیار کیا جا رہا ہے اس لئے بستی کی مساجد، مدارس اور دوسرے مقامات پر تعلیم و ترقی کے تختے لگائے جائیں گے اور ان پر یہ کتبات آویزاں کئے جائیں گے اگر کسی نمایاں جگہ پر ایک کتبہ چند روز لگا رہے گا تو امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ بار بار اس کو دیکھیں گے اور پڑھیں گے اور کتبہ کا تعلیمی مقصد پورا ہوگا۔

یوم قرآن

از عبدالواحد صاحب سندھی استاد تعلیمی مرکز نمبر ۱

تعلیمی مرکز ۱ میں چونکہ سب کے سب طلبہ غیر مقیم ہیں۔ یہ بچے صرف پانچ چھ گھنٹے مدرسہ میں رہتے ہیں اور باقی وقت اپنے گھروں میں بسر کرتے ہیں اس لئے بعض باتوں کی طرف خاص توجہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

ان امور میں سے ایک چیز مذہبی تعلیم ہے۔ جامعہ کے ابتدائی مدرسہ کے نصاب میں اسلامیات کا نصاب بہت زیادہ ہے۔ عربی ادب، سیرت، مذہبی مسائل اور ناظرہ قرآن سب مل کر ایک مضمون ہوتا ہے جس کا نام اسلامیات ہے۔ مدرسہ کے نظام الاوقات میں ان سب چیزوں کے لئے ایک گھنٹہ روزانہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اس چیز کا اثر قرآن کی ناظرہ تعلیم پر پڑنے لگا۔

جامعہ کے موجودہ سیشن شروع ہونے سے پہلے تعلیمی مرکز ۱ کے اساتذہ کا ایک جلسہ ہوا جس میں یہ طے ہوا کہ آئندہ تعلیمی سال سے قرآن کی تعلیم کے لئے ایک مستقل گھنٹہ ہو، اور تیسرے درجہ سے اوپر جتنے طلبا ہیں ان کو تین فریق میں بانٹا جائے۔ فریق اول میں وہ تمام لڑکے ہوں جو قرآن ختم کرچکے ہوں، اس کی تلاوت کی نگرانی کی جائے۔ یعنی یہ فریق قرآن کی تلاوت روزانہ کرے اور اگر پڑھنے میں روانی نہ ہو تو انھیں مشق کراکر روانی پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔ دوسرے فریق میں وہ تمام لڑکے ہوں جو قاعدہ یسرنا القرآن ختم کرچکے ہوں اور پہلا پارہ پڑھتے ہوں یا اس سے زیادہ پڑھ چکے ہوں مگر ابھی تک انھوں نے قرآن مجید ختم نہیں کیا ہو، ان کا ایک الگ فریق بنایا جائے اور چند ذہین طلبہ کی مدد سے ایک استاد کی نگرانی میں ان کو قرآن کی تعلیم دی جائے۔ تیسرا فریق ان طلبہ کا تھا جنھوں نے ابھی تک قرآن کا قاعدہ بھی نہیں پڑھا تھا ان کا فریق الگ قرار پایا۔ اسی طرح سے کل تین فریق بنے اور ان سب طلبہ کے لئے قرآن کا ایک گھنٹہ متعین ہوا۔

قرآن پڑھانے والوں کے سامنے یہ دشواری پیش آئی کہ وقت کم ہے اور بچوں میں شوق نہیں ہے۔ یا دوسرے لفظوں میں ان میں قرآن سے کوئی خاص دلچسپی نہیں پائی جاتی ہے۔ چنانچہ مجلس اساتذہ میں اس کا حل یہ سوچا گیا کہ اس سال رمضان کے برکت والے مہینہ میں جب اسلامی ماحول قرآنی نغمات سے مانوس ہوتا ہے۔ اس موقعہ سے فائدہ اٹھا کر بچوں کے ذہن میں قرآن کی عظمت، عزت اور اہمیت بٹھانے اس سے لگاؤ پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔ چنانچہ اس منصوبہ کو بچوں کے سامنے رکھا گیا انھوں نے اسے پسند کیا۔ اب بچوں کی مدد اور رہنمائی کے لئے اساتذہ کی ایک کمیٹی بنی جس نے اس منصوبہ کا تقسیم کار کیا اور ہر جماعت کے سپرد ایک کام کیا۔

جس کی تفصیل یہ ہے پہلی جماعت میں قرآن کے متعلق دس باتیں بتائی گئیں جیسے کہ "یہ قرآن ہے۔ یہ اللہ کی کتاب

ہے وغیرہ وغیرہ سورہ فاتحہ مع مطلب بچوں کی زبان میں یاد کرائی گئی۔

دوسری میں تین کہانیاں تھیں جو قرآن کے قصوں میں سے تھیں اور انھوں نے اپنے لئے قرآن کے عنوانوں سے ایک گیت جناب عبدالخالق صاحب استاد تعلیمی مرکز نمبر۱ سے لکھوایا جو بچوں ہی کی زبان میں لکھا گیا تھا۔ اس گیت کی دلچسپی اور پسندیدگی کا یہ عالم تھا کہ مدرسہ کے چھوٹے بچے ابھی تک اسے خالی وقت میں گنگناتے رہتے ہیں۔

تیسری جماعت نے قرآن کی ان کہانیوں کو اپنے ذمہ لیا جن میں اولوالعزم انبیا کا ذکر ہے جیسے حضرت ابراہیم حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام وغیرہ اس کے علاوہ انھوں نے قرآنی آیات کے مختلف ڈرائنگ کے ڈزائن تیار کئے

چوتھی جماعت چونکہ ایک منصوبہ اپنے سامنے رکھتی تھی اس نے قرآن کی سالگرہ کے منصوبہ میں سے اپنے منصوبے یعنی کاغذ سازی کے لحاظ سے یہ مضمون چنا کہ نزول قرآن کے زمانہ سے اس وقت تک قرآن کن کن چیزوں پر لکھا گیا ہے چنانچہ انھوں نے اس عنوان کے سلسلہ میں وہ تمام چیزیں تیار کیں جن پر قرآن مجید لکھا جاتا تھا یعنی درختوں کے پتے لکڑی، ہڈیاں، پتھر، کاغذ وغیرہ اس کے علاوہ جلسہ کی تزئین کے سلسلہ میں انھوں نے کاغذ سے مختلف چیزیں تیار کیں

پانچویں جماعت نے اپنے ذمہ دنیا کا نقشہ بنانا لیا جس میں یہ دکھانا مقصود تھا کہ غار حرا سے قرآنی پیغام جو نکلا وہ کہاں کہاں پہنچ چکا ہے چنانچہ انھوں نے دنیا کے پانچ نقشے تیار کئے ایک میں انھوں نے عرب کو سورج بنا کر اس کی دنیا کے سارے ملکوں پر کرنیں ڈالیں جس کا مطلب یہ تھا کہ قرآن عرب سے نکل کر سارے عالم کو روشن کر رہا ہے۔ دوسرے نقشہ میں ہر ملک میں قرآن کی کتابی صورت کی تصویریں بنائی گئی تھیں جس سے پتہ چلتا تھا کہ قرآن اس اس جگہ پہنچ گیا ہے اسی طرح بڑی محنت اور دلچسپی سے بچوں نے دنیا کے نقشے تیار کئے۔ اس کے علاوہ اس جماعت نے اپنے معیار کے مطابق مختلف عنوان چنے جیسے قرآن غیروں کی نظر میں، قرآن کی تہذیب، قرآن کے ترجمے کن کن زبانوں میں ہو چکے ہیں۔

چھٹی جماعت کے سامنے باغبانی پروجکٹ تھا۔ اس نے اپنے لئے یہ کام منتخب کئے کہ قرآن میں جہاں، پانی، نہر، باغات، دریا، بارش، بجلی، پودے، میوے، غلے، کھیتی وغیرہ کا ذکر آتا ہے ان سب آیات کو چنا۔ اور اسی سلسلہ میں بیس دن میں پوری جماعت نے پورے قرآن کی بامعنی تلاوت کی ممکن ہے بعض قارئین کرام اسے مبالغہ سے تعبیر کریں لیکن واقعہ یہ ہے کہ چھٹی جماعت کے بچوں نے دن دن بھر قرآن کی تلاوت میں صرف کیا اور مزے لے لے کر پڑھتے تھے جب پڑھنے میں محو ہو جاتے تھے تو ان کو چھٹی تک کی خبر نہ ہوتی تھی۔ ان بچوں نے باغبانی کے پروجکٹ کے سلسلہ میں ایک رسالہ نکالا ہے جس کا نام "چمن" ہے انھوں نے اس رسالہ کا "قرآن نمبر" نکالا مختلف نظمیں خود لکھیں اور دوسرے شاعروں کی اچھی اچھی نظمیں چنیں اور اپنے معیار کے مطابق انھوں نے ان عنوانات پر مضامین تیار کئے۔ مثلاً قرآن پڑھنے کے آداب۔ آسمانی کتابیں وغیرہ۔

اس تیاری کے بعد اپنے نتائج کو جانچنے کے لئے انھوں نے ۲۰ رمضان المبارک کی رات جلسہ کے لئے مقرر کی۔ جلسہ کی آرائش کے لئے انھوں نے ڈرائنگ، نقشے قرآنی آیات کے کتبے اور قرآن کے مختلف رکوع قرات کے ساتھ یاد کئے ان کے ترجمے یاد کئے اور اسی سلسلہ میں بچوں نے اپنی انجمن کے صدر (مدرسہ کے ایک استاد) کی نگرانی میں قرآن کے مختلف قلمی نسخوں اور مختلف ترجموں، قدیم طبع شدہ نسخوں کی مختصر نمائش بھی ترتیب دی جو اس سلسلہ میں ایک بالکل نئی چیز تھی۔

بعض بے نظیر و نایاب قلمی نسخوں کی فراہمی صدر انجمن نے جناب سید ظفر الحسن صاحب ڈپٹی ڈائرکٹر محکمہ آثار اور جناب محمد حسین صاحب بی اے بی ٹی استاذ عربک ہائی اسکول اور جناب حکیم محمد کامل صاحب کے توسط سے کی۔ حکیم صاحب اور جناب محمد حسین صاحب ایسے مواقع پر تعلیمی مرکز نمبرا کے اساتذہ کی بڑی مدد فرماتے رہے۔

اس سلسلہ میں سب سے زیادہ نمایاں اور جاذب نظر جو چیز تھی وہ قرآن کریم کی وہ آیت تھی جو چھٹی جماعت کے طلبہ نے دیوار پر سرسوں کے پتوں سے تیار کی تھی وہ یہ تھی انا شققنا الارض شقاً فانبتنا فیھا حباً اور اس کے نیچے زمین پر اس کا ترجمہ سرسوں کے بیج میں بو یا گیا تھا جو عین جلسہ کے موقعہ پر زمین کو پھاڑ کر نکل رہا ہے اور اس آیت کی گویا عملی تفسیر و توضیح یا قرآن کی فطرت نگاری کو ظاہر کر رہا تھا۔

اس منصوبہ سے یہ نتیجے نکلے کہ مدرسہ کے طلبہ میں قرآن سے ایک قسم کا لگاؤ پیدا ہو گیا ہے۔ اب بچے قرآن سے دلچسپی لینے لگے ہیں اور اسی کھوج میں لگے رہتے ہیں کہ قرآن کے آسان حصوں کو سمجھیں اور قرآن کی کہانیاں سننے کے مشتاق رہتے ہیں۔ استاد بچوں کو یہ بتاتے رہتے ہیں کہ ترجمہ والا قرآن پڑھنے کی کوشش کریں۔ چنانچہ بعض بچے مترجم قرآن رکھتے ہیں اور قرآن سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ خدا انھیں قرآن سمجھنے کا فہم عطا کرے۔ آخر میں اتنی گذارش کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر کسی اسلامی مدرسہ کے اساتذہ اپنے ہاں اس تقریب کو منانا چاہیں۔ تو ان کی امداد بذریعہ خط و کتابت کی جا سکتی ہے۔ ایسے حضرات کو نگران تعلیمی مرکز نمبرا جامعہ قرول باغ سے خط و کتابت کرنا چاہیے اگر ضرورت ہوئی تو یوم قرآن کے پروگرام شائع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

کتب خانہ جامعہ

یوم تاسیس جامعہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۸ء کے موقعہ پر جناب محمد عاقل صاحب مہتمم کتب خانہ جامعہ نے جو رپورٹ پیش کی تھی اس کے خاص اقتباسات حسب ذیل ہیں:

جامعہ ملیہ کی علی گڑھ میں جب بنیاد رکھی گئی تھی اس وقت بجز ان کتابوں کے جو مولانا محمد علی مرحوم کی خاص ملکیت تھیں اور کوئی ذخیرہ کتابوں کا جامعہ میں نہیں تھا اور اس درس گاہ کا تمام سرمایۂ علمی ایک چھوٹی سی الماری میں محدود تھا۔ طلبائے جامعہ نے جس طرح قیام جامعہ میں حد درجہ ایثار سے کام لیا تھا اسی طرح جامعہ کے اس اہم شعبہ کی نشو و ترقی میں بھی انھوں نے شروع ہی سے بہت مدد دی۔ اپنی کتابیں کتب خانہ کو دے دیں اور اپنے احباب سے کتابیں دلوانے کی کوشش کی۔ لیکن باوجود ان اصحاب کی مدد کے ترقی کی رفتار بہت سست رہی۔

دوسرے سال چند مربیان اور کارکنان جامعہ کی طرف سے ایک اپیل قوم اور ملک کے نام شائع کی گئی جس میں کتب خانہ کو مدد دینے کی مختلف صورتیں پیش کی گئی تھیں اور لوگوں سے مدد کی درخواست کی گئی تھی اس اپیل کا خاطر خواہ اثر ہوا۔ چند بڑے بڑے ذخیرے دستیاب ہوگئے۔ جن سے کتب خانہ کی حیثیت وقیع ہوگئی۔

چنانچہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء تک جو بڑے بڑے ذخیرے دستیاب ہوئے ان کی تفصیل حسب ذیل ہے

(۱) عطیہ مفتی انوار الحق

(۲) عطیہ جناب سیف اللہ صاحب بھٹی رئیس گوجرانوالہ

(۳) عطیہ مولانا محمد علی مرحوم

(۴) عطیہ عبدالمجید خواجہ صاحب سابق شیخ الجامعہ اور موجودہ امیر جامعہ

لیکن اصحاب مندرجہ صدر کی فیاضی کے باوجود جامعہ کی ضرورتیں پوری نہ ہوسکیں اور فوری ضروریات کے لحاظ سے بہت سی کتابیں قیمتاً خریدنا پڑیں اور اس سلسلہ میں فروری سنہ ۲۳ء تک تقریباً آٹھ ہزار روپیہ صرف کیا گیا۔ دینی کتب کی خریداری میں ایک ہزار روپیہ جو ایک مرد خدا کا عطیہ تھا ان کے علاوہ صرف ہوا۔

اس کے بعد عطیات اور خریداری کتب کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ عطیات میں خاص طور پر قابل ذکر حسب ذیل ہیں۔

۱۔ عطیہ صاحبزادہ ساجد علی صاحب علی گڑھ

۲۔ عبدالقیوم صاحب نقوی سہسوان (بدایوں)

۳۔ بیگم صاحبہ ڈاکٹر انصاری مرحوم

۴۔ عطیہ جناب نصرت میرخاں صاحب فرخ آباد

۵۔ امانت سید جالب مرحوم اڈیٹر ہمدم

کتب خانہ میں قیمتی مخطوطات کا بھی ایک مختصر ذخیرہ اکٹھا ہوگیا ہے جن میں سے بعض نسخے نادر ہیں۔

۱۹۴۲ء سے کتب خانہ کو پبلک لائبریری بنا دیا گیا ہے جس سے جامعہ کے علاوہ باہر کے لوگوں کو بھی رکن بننے کا موقعہ مل گیا ہے۔ علی گڑھ سے دہلی منتقل ہونے کے بعد کتابوں کے رکھنے کے لئے ایک عرصہ تک کوئی معقول مکان نہ مل سکا اور وہ بے ترتیبی کے ساتھ بند پڑی رہیں۔ جب کتب خانہ کی موجودہ عمارت کو کرایہ پر لیا گیا تو میرے پیشرو مہتمم صاحب نے کتب خانہ کو از سرنو ترتیب دیا۔ ان کی بنوائی ہوئی فہرستوں کا کارڈ موجود ہے لیکن کتابوں کو ڈیوی کی تقسیم اعشاری میں اپنی ضرورت کا لحاظ کرتے ہوئے ترمیمیں کی تھیں اور کتب خانہ کی موجودہ ترتیب ان ہی کی ترمیم شدہ تقسیم کے مطابق ہے۔ اس تقسیم میں بعض خامیوں کا مجھے احساس ہو رہا ہے حیدر آباد اور علی گڑھ کے مشرقی کتب خانوں نے جن ترمیموں کو اختیار کیا ہے وہ بھی میری نظر کے سامنے ہیں۔ آل انڈیا لائبریری ایسوسی ایشن جس کا اجلاس گذشتہ سال دہلی میں ہوا تھا اس سلسلہ میں جو ترمیمیں پیش کرنے والی ہیں ان کا بھی کچھ علم حاصل ہوا ہے لیکن جامعہ کے کتب خانہ کی پوری کتابوں کو از سرنو ترتیب دینے کا کام اس قدر بڑا اور مہنگا ہے کہ اس کو ہاتھ میں لینا فی الحال ہمارے لئے ممکن نہیں معلوم ہوتا۔

گذشتہ سال ساڑھے نو سو کتابوں کا کتب خانہ میں اضافہ ہوا۔ ان میں سے اہم کتابیں تو نئی ہیں اور باقی ایسی ہیں جنھیں ذخیرے سے نکال کر ترتیب دیا گیا اور اجرا کے لائق بنایا گیا۔ ان میں سے دس کتابیں فلسفہ کی ۱۲۵، مذہب کی ۱۹۲، اجتماعیات کی ۴۲، لسانیات کی ۳۰، سائنس کی ۶۱، فنون مفیدہ کی ۹، فنون لطیفہ کی ۲۵۵، ادب کی ۱۴۵، سوانح اور تاریخ کی اور ۲۶ کتب عامہ تھیں۔ کتابوں کی تلاش کو سہل کرنے کے لئے گذشتہ سال سے کتابوں کی الماریوں کے پاس ہر کمرہ میں مضامین کے انڈکس کی تختیاں لگا دی گئی ہیں جنھیں دیکھ کر کتابوں کو سہولت کے ساتھ ڈھونڈا جا سکتا ہے پھر کتب خانہ کی کتابوں کی ترتیب اور قواعد و ضوابط کے بارے میں یکجائی طور پر معلومات فراہم کرنے کے لئے ایک رسالہ رہنمائے کتب خانہ کے نام سے چھپوا لیا گیا ہے جس کی قیمت ایک آنہ اس لئے رکھ دی گئی ہے تاکہ اس کی طباعت کا خرچ نکل آئے۔

ہمارے کتب خانہ کو جو چیز دہلی کے دوسرے کتب خانوں سے ممتاز کرتی ہے وہ اعلیٰ معیار کے غیر ملکی رسالوں کی کثرت ہے غیر ملکوں کی تاریخ حاضرہ اور واقعات موجودہ پر جتنا اچھا مواد ہمارے کتب خانہ میں ان رسالوں کے ذریعہ سے جن کے ہم باقاعدہ خریدار رہتے ہیں۔ مل سکتا ہے اتنا دہلی کے کسی دوسرے پبلک کتبخانہ میں شاید ہی مل سکے۔ ہمارے یہاں گذشتہ سال اول درجے کے ۱۸ غیر ملکی رسالے آتے رہے اسی طرح اردو زبان کے جرائد اور رسائل کی فراہمی میں بھی ہمارا نمبر غالباً سب سے آگے ہوگا۔ ہمارے یہاں پندرہ روزانہ اور سہ روزہ اخبارات ۳۶ ہفتہ وار اخبارات اور ۵۵ ماہوار رسائل آتے رہے اس کے علاوہ انگریزی زبان کے ۱۶ ہفتہ وار اور روزانہ اخبارات آتے رہے۔ کتابوں کا اضافہ ہمارے یہاں جتنا ہونا چاہیئے تھا آمدنی کی کمی کے باعث

اتنا نہیں ہو سکا لیکن اس کے باوجود ہم نے بڑی رقم خرچ کر کے تین مفید کتب حوالہ کا کتب خانہ میں اضافہ کیا اور تین اور کتب حوالہ کے لئے بڑی رقموں کی فرمائشیں بھیج رکھی ہیں جن کا شمار آئندہ سال کے اضافہ کتب میں کیا جا سکے گا۔

گذشتہ سال کتب خانہ سے تین ہزار پانسو چوبیس کتابیں جاری کی گئیں بارہ ہزار ایک تریپن صاحبان کتب خانہ میں تشریف لائے اور سات ہزار ایک سو ستانوے کتابیں نکلوا کر پڑھی گئیں کتب خانہ کے اراکین کی مجموعی تعداد ۲۷۵ رہی۔

کتب خانہ کے گذشتہ کام کی یہ مختصر روداد ہے۔ پچھلے تجربات کے پیش نظر آئندہ سال کے کام کے لئے بھی ایک پروگرام بنایا گیا ہے۔

اس میں دو باتیں خاص طور پر ایسی ہیں جن کی طرف میں یہاں اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں کتب خانہ کے لئے سب سے اہم مسئلہ جگہ کی کمی کا ہے گنجائش نکالنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں یا تو یہ کہ کتب خانہ کے لئے کوٹھی اور مکان حاصل کیا جائے یا یہ کہ موجودہ کتابوں کی تعداد کو کم کیا جائے۔ کتابوں کی تعداد میں کمی کی خاص گنجائش ہے۔ ہمارے کتب خانہ کو بہت سی کتابیں دوسرے لوگوں سے عطیہ کے طور پر ملی ہیں اور ملتی رہتی ہیں اور ان میں سے بہت کتابیں ایسی ہوتی ہیں جن کے انتخاب کی آزادی اگر ہمیں حاصل ہوتی تو ہم کتب خانہ کے لئے حاصل نہ کرتے پھر بہت سی کتابیں نہایت بوسیدہ حالت میں ملتی ہیں بعض تو اس قدر بوسیدہ حالت میں ملتی ہیں کہ جلد بندی سے بھی ان کے تحفظ کا انتظام کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ اس میں شک نہیں۔ ان میں بعض کتابیں مشرقی ادبیات اور علوم و فنون کی نہایت مستند کتابیں ہوتی ہیں لیکن جس حالت میں ہم تک پہنچتی ہیں اس کو سامنے رکھتے ہوئے ہم مجبور ہوتے ہیں کہ ان کا شمار جمع کے کھاتہ میں کرنے کی جگہ فرضی کھاتہ میں کریں۔ ایسی کتابیں اگر علیحدہ کر دی جائیں تو شاید کچھ زیادہ حرج نہ ہوگا۔ اس کے لئے ارادہ ہے کہ ماہران فنون کی ایک باقاعدہ کمیٹی مقرر کرائی جائے تاکہ وہ جملہ امور کو پیش نظر رکھ کر کتب خانہ کی کتابوں کا جائزہ لے اور اس بات کا فیصلہ کرے کہ کون سی کتابیں ایسی ہیں جنھیں آسانی کے ساتھ کتب خانہ سے خارج کیا جا سکتا ہے دوسری اہم تجویز۔ جو پیش نظر ہے وہ اردو کتابوں کے ایک مکمل ذخیرہ سے متعلق ہے۔

موجودہ مالی حالات میں ہمارے لئے اس بات کا حوصلہ کرنا کہ ہم اپنے کتب خانہ کو ایک اول درجہ کا جدید علوم و فنون کا کتب خانہ بنا سکیں تو بہت مشکل ہے لیکن چونکہ ہماری جامعہ میں اردو کو ذریعۂ تعلیم بنایا گیا ہے اور ہم علوم فنون کی اشاعت اردو کے ذریعہ کرنا چاہتے ہیں تو یہ بات ہمارے لئے سہولت کے ساتھ ممکن ہے کہ ہم اپنے اردو کے شعبہ کو آہستہ آہستہ ایک ہمہ گیر اور مکمل شکل دے سکیں۔ اس کام کے لئے بھی شعوری طور پر ابتدائی قدم اٹھانے کا اس سال ارادہ ہے۔

اس کے علاوہ تجلید کتب کی طرف پہلے سے زیادہ دھیان دیا جائے گا اور کتابوں کی نگہداشت اور ترتیب کے سلسلہ میں بھی کچھ اصلاحیں پیش نظر ہیں جن کے لئے دعا ہے کہ خدا انھیں پورا کرے۔

محمد عاقل۔ مہتمم کتب خانہ جامعہ۔

ہماری تعلیمی خرابیاں اور ان کی اصلاح

لالہ بہاری لال صاحب تعلیمی مسائل اور بچوں کی تربیت کا خاص ذوق رکھتے ہیں اور شاید اسی لئے وہ ایک اچھے اُستاد بھی ہیں۔ جامعہ کی تعلیم اور قومی بنیادی تعلیمی سکیم سے بھی خاص دلچسپی ہے۔ ذیل میں آپ کا ایک مضمون نذر ناظرین ہے۔ اُمید کہ شوق سے پڑھا جائے گا۔

تعلیم کیا ہے؟ ایک شخص کچھ خیالات پیش کرتا ہے۔ دوسرا شخص ان پر غور کرکے ان کو جذب کرلیتا ہے ہم کہیں گے پہلے شخص نے دوسرے شخص سے کچھ علم حاصل کیا۔ یہ علم زبانی بھی حاصل کیا جاسکتا ہے اور تحریری بھی۔ پس علم کا حاصل کرنا تعلیم ہے۔ مختلف آوازوں کی علامات کو ملاکر الفاظ بنانا اور پڑھنا تعلیم نہیں ہے بلکہ وہ ایک آلہ ہے جو علم حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہاں حروف کو سیکھنا اور ان کی مدد سے انفیت حاصل کرنا پڑھنے کے متعلق علم حاصل کرنا ہے اور ایک ہنر سیکھنا ہے جس کی مدد سے ہم دوسروں کے تجربات کتابوں کے ذریعہ حاصل کرسکتے ہیں۔

تعلیم کا منشا تعلیم کا منشا مختلف لوگوں نے مختلف پیش کیا ہے کوئی اسے روزی کمانے کا ذریعہ سمجھتا ہے کوئی معاشرتی اصلاح کا ذریعہ کوئی بتاتا ہے کہ نیک شہری بنا تعلیم کا اصل مدعا ہے کوئی تعلیم کو اخلاق کی درستی کا ذریعہ سمجھتا ہے غرضکہ ہر ایک عالم نے اپنے اپنے وقت میں تعلیم کے مختلف مقاصد بیان کئے ہیں۔ فی الواقع قدرت نے ہر ایک انسان میں خاص خاص قسم کی طاقتیں عطا کی ہیں۔ یہ عطیہ مختلف قسم کا ہے کیونکہ ان کی ضروریات مختلف ہیں اگر تمام لوگوں کا رجحان ایک ہی کام کی طرف ہوتا تو دنیا میں امن قائم نہ رہ سکتا۔ اس باغ کو زینت اختلاف سے ہے۔ تعلیم کا منشا یہ ہے کہ انسان کے فطری قویٰ کی اس طرح نشو ونما کی جائے کہ ہر ایک انسان بذات خود اپنے لئے اور کل بنی نوع انسان کے لئے انسانی سوسائٹی کا ایسا بہترین جزو بن سکے۔ جس کے لئے قدرت نے اُسے پیدا کیا ہے

معلم کی اہمیت دنیا کے اندر مختلف طاقتیں کام کر رہی ہیں۔ انسان کچھ نہ کچھ کام کرتا ہے۔ اس کام سے مختلف ضروریات پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے کسی قسم کا ہنر بھی ایک بڑی طاقت ہے آج کل روپیہ کی طاقت کو بہت بڑا سمجھا جاتا ہے۔ روپے کے ذریعہ ہر قسم کے باکمال آدمی، جمع کیے جاسکتے ہیں۔ مگر روپیہ کہاں سے آتا ہے؟ وہ بھی کام سے آئے گا چاہے وہ جسمانی خدمت کا کام ہو یا تجارت کا یا اور کسی قسم کا' جسمانی طاقت یا پولٹیکل طاقت ایک اور طاقت ہے اس طاقت کے ذریعہ روپے والوں کا روپیہ اپنے قبضہ میں لایا جاسکتا ہے۔ لیکن جسمانی طاقت کی بھی کوئی حیثیت نہیں علم کے ذریعہ جسمانی یا سیاسی طاقت میں انتشار پیدا ہوسکتا ہے۔ علم کے ذریعہ ایسی گیس جاری کی جاسکتی ہے جو قوم کی قوم کو اپنے اثر سے زائل کردے، علم کے ذریعہ دماغی طاقت کے ذریعہ دنیا کے اندر کتنی بغاوتیں ہوئیں کتنے انقلابات ہوئے۔ وائرلیس کا سٹم ہوائی جہاز سب علمی طاقت کا ظہور ہیں۔ جو قوم دماغی طاقت سے مسلح ہوتی ہے وہی سیاسی طاقت حاصل کرلیتی ہے۔ اس لئے علم کی قیمت کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ لیکن علم بھی اگر خود غرضی کے ماتحت ہو تو وہ بربادی کا باعث ہوتا ہے باوجود علم ہونے کے جنگ عظیم میں مختلف طاقتیں برباد ہوئیں روپیہ ضائع ہوا ہزاروں عورتیں بیوہ ہوگئیں لاکھوں آدمی مرگئے اس لئے اخلاق کی طاقت علم کی طاقت سے افضل ہے بشرطیکہ

اخلاق کی بنیاد علم پر ہو۔ علم اور اخلاق کی طاقتیں مل کر دنیا پر حکومت کیا کرتی ہیں۔ علم و اخلاق کا بنانا یا بگاڑنا معلم کے سپرد ہو اس لئے معلم کا درجہ سب سے افضل ہو۔ بڑے بڑے رشی منی پیر پیغمبر سب معلم ہوئے ہیں۔ معاشرتی و ملکی ریفارمر بھی ایک طرح معلم ہی تھے۔ طرح طرح کی تکلیف اٹھاکر انھوں نے تعلیم کا کام سرانجام دیا۔

معلم کے فرائض چونکہ معلم ایک اہم چیز ہو نہ صرف اہم بلکہ اہم ترین چیز ہو اور سوسائٹی میں اس کا رتبہ سب سے اعلیٰ ہو تو اس کا فرض بھی سب سے اعلیٰ ہو اس لئے اس میں ذیل کے وصف ہونا ضروری ہیں (۱) قابلیت (۲) ایمانداری (۳) جفاکشی۔ اگر یہ تینوں وصف معلم میں موجود ہوں تو باقی سب اوصاف خود بخود آجاتے ہیں۔ مدرس قابل ہو جس امر کی تعلیم دینا چاہتا ہو اس پر حاوی ہو۔ مطالعہ کا شوقین طلبا کے ساتھ مساوی سلوک کرے کبھی بیجا رعایت نہ کرے اور اپنا کام محنت اور تن دہی سے سرانجام دے ان کے علاوہ مدرس میں قربانی کا جذبہ ہونا ضروری ہو شیخ سعدیؒ جن کی کتابوں سے آج لوگ ہزاروں روپیہ کمارہے ہیں اپنے زمانہ میں نہایت غریب تھے ان کو بہشتی کا کام سرانجام دے کر بھی گزراوقات کرنی پڑی ایک وقت تھا جب ان کو جوتا خریدنے کی توفیق نہ تھی ننگے پیر تھے۔ ایک لنگڑے کو دیکھ کر خدا کا شکر کیا اور کہا شکر ہو تیرا کہ میرے پیر تو سالم ہیں یہ بھی ضروری ہو کہ معلم کو طلبہ کے طبائع کا علم ہو تاکہ وہ ان کی فطرت کو معلوم کرکے ان کو تعلیم دے سکے۔ جو بڑھئی لکڑی کے خواص سے واقف ہو وہی اپنے کام کو بخوبی انجام دے سکتا ہو اسی طرح جو معلم طلبہ کی فطرت سے واقف ہو وہ طلبا کو ٹھیک سانچے میں ڈھال سکتا ہو۔

تعلیم کا وقت اب ایک اور سوال پیدا ہوتا ہو وہ یہ کہ تعلیم کی ابتدا کس وقت سے ہو۔ انسانی دماغ انسانی تجربات کا ایک دفتر ہو ہر ایک انسان نے بہت سے خواص وراثت میں حاصل کئے ہیں جب بچہ پیدا ہوتا ہو تو گھر میں اس کی تعلیم شروع ہوتی ہو وہ ان حالات سے اثر پذیر ہوتا ہو جو گھر کے اندر ہوتے ہیں ماں باپ بھائی بہن غرضکہ ہر ایک شخص کے قول فعل اور خیالات کا اثر چپ چاپ بچہ پر پڑتا رہتا ہو اس کے بعد جب بچہ سوسائٹی میں آتا ہو تو ساتھ کھیلنے والے بچوں اور دوسرے لوگوں کا اثر اس پر پڑنا شروع ہوتا ہو بچہ طرح طرح کے کھیلوں میں دلچسپی لیتا ہو اور یہ سب باتیں اس کی تعلیم میں معاون ہوتی ہیں بچہ اگر ریت کا گھر پیر سے بناتا ہو تو وہ بھی سبق آموز ہو بچہ لکیریں کھینچ کر کوئی کھیل کھیلتا ہو یہ بھی طلبا کو حساب کی تعلیم کا سبق دیتا ہو بچہ تیلیوں اور سرکنڈے کے گودے سے طرح طرح کی شکلیں بناتا ہو یہ سب باتیں اس کی تعلیم میں معاون ہیں اسی لئے مغربی علما نے بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے کنڈرگارٹن کا طریقہ جاری کیا ہو۔ کنڈرگارٹن میں تین چار برس کے بچے تعلیم پاتے ہیں پانچ چھ برس کی عمر تک ان کو اس قسم کی تعلیم دی جاتی ہو جس سے طلبا کھیل کود میں مشغول رہیں اور کھیل ہی کھیل کے ذریعہ ہی ان کو تعلیم ملتی رہے چھ سال سے چودہ سال تک ان کو انٹرنس تک کی تعلیم دی جاتی ہو کنڈرگارٹن کی تعلیم کی وجہ سے ان کے دماغ کی نشو و نما ہوجاتی ہو اس لئے وہ بہت جلد تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ مشرقی علما نے تعلیم کا زمانہ آٹھ سال سے پچیس سال تک تجویز کیا تھا۔ وردھا اسکیم میں تعلیم کا وقت سات سال سے چودہ سال تک کی عمر تجویز کیا گیا ہو اور یہی عمر تعلیم کے لئے مناسب معلوم ہوتی ہو۔

موجودہ تعلیم کے نقائص موجودہ تعلیم کا ایک بڑا نقص جو نظر آتا ہو وہ یہ ہو کہ طلبا لکھ پڑھ کر بیکار پھرتے ہیں۔ ہمارا تعلیمی نظام اس طرح وضع کیا گیا ہو کہ اس کے ذریعہ سرکاری آسامیوں کے لئے آدمی مل سکیں جب تک وہ اس ضرورت

کو پورا کرتا رہا اس کا نقص نظر نہیں آیا جب تعلیم یافتہ لوگوں کی کثرت ہوگئی ملازمت کا دروازہ بند ہوا تو روز روشن کی طرح آج تعلیم کا یہ نقص نظر آنے لگا تعلیم کا منشا ملازمت نہیں ہوا در سرکاری ملازمت بھی بجائے روپے کے خاطر اگر خدمت کا ذریعہ بن جائے اور تعلیم یافتہ اصحاب خدمت کے خیال سے ملازمت میں داخل ہوں تو بُرا ہی لیکن یہاں تو ملازمت ہی کو روزی کا ذریعہ سمجھا ہی اس لئے لوگ ملازمت کے لئے مارے مارے پھرتے ہیں حضرت عمرؓ کی مثال ہمارے سامنے ہی کہ وہ اینٹیں پاتھ کر گزارہ کرتے تھے بیت المال سے روپیہ لینا گناہ سمجھتے تھے اور سرکاری کام کو خدمت سمجھتے تھے اگر ہمارے ملازموں کی بھی یہی حالت ہوجائے تو پھر کوئی بھی در در مارا نہ پھرے۔

(۲) موجودہ نظام ہماری ضروریات کا کفیل نہیں ہمیں پڑھے لکھے بیکاروں کی ضرورت نہیں وکیلوں کی ضرورت نہیں ہمیں تو قوم کے لئے کاشتکاروں اور دستکاروں کی ضرورت ہی اور تھوڑے سے ایسے آدمیوں کی ضرورت ہی جو دماغی قوت سے قوم کو فیض پہنچا سکیں پس ہمارا تعلیمی نظام ایسا ہونا چاہیئے جو بہترین کاشتکار اور بہترین دستکار پیدا کرسکے اور ساتھ ہی تھوڑے ایسے خدمت گذار پیدا کرسکے جو اپنی دماغی طاقتوں کو قوم کی خدمت میں صرف کرسکیں۔

(۳) موجودہ سسٹم ہمارے حالات کے بھی مطابق نہیں قوم جمہوریت کی طرف جارہی ہی مگر ہمارا تعلیمی نظام شخصی طرز حکومت ہی استاد بمنزلہ بادشاہ کے ہوتا ہی اور طلبار رعیت ہی مدرس جو پڑھاتا ہی وہی طلبار پڑھتے ہیں طلبار کے لئے ڈائرکٹر صاحبان وغیرہ نصاب وضع کرتے ہیں مصنف کتابیں لکھتے ہیں اور استاد ان کو پڑھا دیتے ہیں۔ نصاب اور طلبار کو سزا جزا دینے میں ان کے مشورے کو کوئی دخل نہیں۔ سکول کی تربیت اس قسم کی ہو کہ طلبا سوسائٹی میں آکر اپنے کو ان حالات کے مطابق پائیں جمہوریت ان کو نئی یا اجنبی چیز محسوس نہ ہو۔

(۴) جماعتی تعلیم۔ اگر آپ کو ایسے ہوٹل میں رہنا پڑے جہاں یہ حکم ہو کہ مقررہ وقت پر سب آدمیوں کو ایک ہی مقدار میں ایک جیسی غذا دی جائے گی تمام آدمیوں کو ساری غذا کھانی پڑے گی اس بات کی پروا نہ ہو کہ بعض کے لئے یہ غذا کم اور بعض کے لئے بہت زیادہ ہو اور ساتھ ہی یہ بھی حکم ہو کہ جو نہ کھائے گا اس کے ڈنڈے لگائے جائیں گے تو کیا آپ ایسے ہوٹل میں رہنا پسند کریں گے غالباً آپ انکار کردیں گے مگر ہمارے اسکولوں کی یہی حالت ہی ان اسکولوں میں ایک ہی وقت ایک تعداد میں ایک جیسی تعلیمی غذا ذہین کند ذہن سب لڑکوں کو پیش کی جاتی ہی اور امید کی جاتی ہی کہ سب اسے ہضم کرلیں گے اگر کوئی نہ ہضم کرے تو ڈنڈے مار مار کر اسے ہضم کرائی جاتی ہی نتیجہ یہ ہی کہ ذہین طلبار خاطر خواہ ترقی نہیں کرتے کمزور طلبار تعلیم سے محروم رہتے ہیں اور وہ دوسروں کی تعلیمی ترقی کے راستہ میں رکاوٹ ثابت ہوتے ہیں۔

(۵) طلبار کی زیادتی۔ اگر کسی گھر میں پانچ بچے ہوں تو ان کو سنبھالنا کس قدر مشکل ہی لیکن اسکولوں میں چھوٹی عمر کے تیس چالیس بچے ایک معلم کے سپرد کر دئے جاتے ہیں اور امید کی جاتی ہی کہ وہ ان کو ضبط کے اندر رکھ سکیں گے نتیجہ یہ ہوتا ہی کہ مدرس مار مار کر طلبا کے فطری قوٰی کو برباد کر دیتے ہیں اور مدتوں طلبار ایک ہی درجہ میں پڑے رہتے ہیں۔

ہم ان تمام معاونوں اور معطیوں کے بہ دل ممنون ہیں خدا کرے ایسے ذی احساس بزرگ ملک میں زیادہ سے زیادہ پیدا ہوں جن کے بذل و کرم سے قوم و ملک نہال ہو۔

فائدہ اٹھا کر میں اہلِ جامعہ کو یاد دلاتا ہوں کہ عمارتوں کی کثرت کسی ادارے کے لئے قابلِ فخر نہیں ہے، اکثر عمارتیں یا تو مقبرہ ثابت ہوتی ہیں یا قید خانہ اگر عمارت میں رہنے والے اصل مقاصد کو بھول جائیں تو وہ عمارتیں ان کے مقاصد اور ارادوں کا مقبرہ بن جاتی ہیں اگر عمارتیں ہی مقصود بالذات بن جائیں تو وہ جیل خانہ ہیں، جن سے حوصلوں امنگوں اور ولولوں کو نکلنے کی راہ نہیں ملتی - جامعہ کی پہلی عمارت کا سنگ بنیاد رکھتے وقت میں نے یہ کہا تھا کہ کہیں ہم لوگ عظیم الشان اور فلک بوس عمارتوں میں بیٹھ کر اپنے مقاصد کو بھول نہ جائیں، اگر ہم ایسا کریں تو آئندہ آنے والی نسلوں کو یہ حق ہوگا کہ ہم کو ان عمارتوں سے دھکا دے کر نکال دیں اور ہمارے مقاصد اور ارادوں کے ان مقبروں کو گرا دیں۔ اگر یہ عمارتیں ہمارے مقاصد میں ہماری مدد و معاون نہیں ہیں تو ہمیں ان کی مطلق ضرورت نہیں ہے مجھے امید ہے کہ اس عمارت کو تعمیر کرنے والے حضرات اس مقصد کو نہ بھولیں گے"

بعد نماز مغرب محترمہ بیگم محمد علیؒ صاحبہ کی صدارت میں ابتدائی اسکول جامعہ نگر کا ایک جلسہ ہوا اور بچوں کو کھیل وغیرہ کے مقابلوں کے انعامات تقسیم کئے گئے۔ انعامات تقسیم کرنے کے بعد موصوفہ نے ایک دل نشین تقریر فرمائی بچوں کو انعامات حاصل کرنے پر مبارک باد دی اور ان کی آئندہ ذمہ داریوں کو جتایا۔

اپریل کے پہلے ہفتہ میں انجمن اتحاد کے ایک جلسہ میں اخلاق الرحمٰن صاحب قدوائی متعلم بی ایس سی جامعہ نے "ہندوستان کی معاشی تنظیم" پر ایک مبسوط اور مفصل مقالہ پڑھا جو بہت پسند کیا گیا۔

۵۔ اپریل کو شام کے وقت مولانا عبید اللہ صاحب سندھی دہلی تشریف لائے، شیخ الجامعہ صاحب اساتذہ اور طلبائے جامعہ کے علاوہ شہر کے معزز حضرات نے اسٹیشن پر آپ کا پرتپاک استقبال کیا آپ نے جامعہ کو اپنے قیام سے شرف بخشا چار روز قیام رہا اس اثنا میں آپ نے مختلف لوگوں سے ملاقات کی جامعہ کے تمام شعبوں کو ملاحظہ فرمایا۔ تعلیمی مرکز کے چھوٹے بچوں نے ایک دلچسپ سپاسنامہ پیش کیا جس کا مولانا نے بچوں کی فہم کے مطابق آسان زبان میں جواب دیا۔ آپ جامع مسجد اوکھلا بھی تشریف لے گئے وہاں بھی بچوں نے آپ کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا۔

۸۔ اپریل کو جامعہ کی طرف سے ۵ بجے شام کو آپ کو ایک عصرانہ دیا گیا۔ ½ ۵ بجے طلبائے کالج کی یونین انجمن اتحاد نے آپ کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا اور انجمن کا اعزازی ممبر بنایا۔ آپ نے اپنے پروگرام اور مقاصد کی وضاحت میں ایک مختصر اور جامع تقریر فرمائی۔

اس جلسہ میں بہت زیادہ لوگ آئے تھے شہر کے معزز حضرات سے ہال اور گیلریاں بالکل بھر گئی تھیں۔

جناب انڈریوز دوبے صاحب ممبر سرونٹس آف انڈیا سوسائٹی عرصہ سے جامعہ اور اس کے طریقۂ تعلیم کو دیکھنا چاہتے تھے آپ جناب خان عبدالغفار خاں صاحب کے ساتھ تشریف لائے اور جامعہ کے تمام شعبوں کو بہ تفصیل ملاحظہ فرمایا۔

مصری وفد

کانگریس نے اپنے باون ویں اجلاس کی تقریب کے موقع پر مصر کی وفد پارٹی کے لیڈر مصطفیٰ نحاس پاشا کو ہندوستان آنے کی دعوت دی تھی اور انھوں نے منظور بھی فرمالیا تھا مگر بعض سیاسی وجوہ کی بنا پر وہ نہ آسکے ان کے بجائے وفد پارٹی کے چار دوسرے معزز ارکان تشریف لائے اور وہ تری پوری سشن کے بعد ہندوستان کے مشہور شہروں کی سیر کی۔ اس سلسلہ میں وہ دہلی بھی آئے تھے جامعہ نے ۲۹ مارچ کو انھیں عصرانہ دیا۔ مولانا سید سلیمان ندوی، پنڈت جواہر لال نہرو کے علاوہ شہر کے معزز حضرات شریک تھے۔ عصرانہ کے بعد طلبائے کالج کی یونین انجمن اتحاد نے جلسہ کا انتظام کیا تھا پنڈت جی انجمن اتحاد کے اعزازی ممبر بھی ہیں اس لئے ان سے صدارت کے لئے درخواست کی گئی جسے موصوف نے بخوشی منظور فرمایا۔ آپ نے صدارتی تقریر کرتے ہوئے مصری وفد کو مخاطب کرکے فرمایا کہ "آج سے ۱۹ سال پہلے سول نافرمانی کے زمانہ میں سرکاری تعلیم کا بائیکاٹ کرنا بھی قومی پروگرام کا ایک جزو تھا اور ایسی تعلیم کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو ملک کے نوجوانوں میں آزادی کی اسپرٹ پیدا کرے۔

جامعہ ایسے نازک وقت میں قائم کی گئی تھی جب کہ ملک کے گوشہ گوشہ میں آزادی کی لڑائی ہو رہی تھی اور حکومت کی مشنری بھی پوری قوت کے ساتھ حرکت میں تھی۔ ہمارے لیڈر اور کام کرنے والے ہزاروں کی تعداد میں جیل کی تنگ و تاریک کوٹھریوں میں بند کئے جاچکے تھے۔ اس سلسلہ میں اور بہت سے ادارے قائم کئے گئے مگر حکومت نے ان پر قبضہ کرلیا بہت سے استادوں اور طالب علموں کو بھی جیل میں بند کردیا۔ میں خود اس موقع پر مولانا محمد علی مرحوم کی دعوت پر اس ادارہ کو علی گڑھ دیکھنے کے لئے گیا اور وہاں کے نوجوانوں کی قومی اسپرٹ اور طرز تعلیم کو دیکھ کر بے حد متاثر ہوا۔ مجھے بیحد خوشی ہے کہ عدم تعاون کے زمانہ کا لگایا ہوا یہ پودا باوجود زمانہ کے ناساعد حالات کے آج نہ صرف طاقتور اور مضبوط درخت ہو بلکہ وطن کی آزادی پھونک رہا ہے۔"

پنڈت جی نے مولانا محمد علی مرحوم کو خراج تحسین ادا کیا اور فرمایا کہ "یہ تعلیمی ادارہ مرحوم کی ان تھک اور متواتر کوششوں کا نتیجہ ہے" اس کے بعد ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ "مجھے افسوس ہے کہ وہ اس وقت موجود نہیں ہیں ورنہ وہ وفد سے مل کر خوش ہوتے اور وفد کے اراکین کو ان سے مل کر مسرت ہوتی۔ ڈاکٹر صاحب بہت بڑے ماہر تعلیم ہیں انھوں نے ابھی حال میں بحیثیت صدر بنیادی تعلیمی اسکیم، نہایت عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں اور شروع ہی سے اس تحریک کے روح رواں رہے ہیں مجھے قوی امید ہے کہ یہ تحریک ہندوستانی عوام میں قومی تعلیم کی اشاعت میں اچھی طرح کامیاب ہوگی۔"

حاضرین سے مخاطب ہوکر پنڈت جی نے فرمایا "حال میں جب میں مصر گیا تھا تو نحاس پاشا نے کانگریس کے اجلاس کے

موقع پر خود تشریف لانے کا وعدہ فرمایا تھا مگر وہ یورپ کی موجودہ پیچیدہ صورت حالات کے پیش نظر تشریف نہ لا سکے اور اپنا وعدہ اس وفد کو بھیج کر پورا کیا۔ حضرات وہاں کی معزز ہستیاں ہیں اور مجھے گذشتہ چند روز میں ان کے استقبال کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ آج پھر میں آپ سب صاحبان کی طرف سے اپنے معزز مہمانوں کا ان کی تشریف آوری پر دلی خیر مقدم کرتا ہوں"۔

پنڈت جی کی اس تقریر کے بعد صدر وفد نے عربی میں تقریر کرتے ہوئے جامعہ کے اسٹاف اور طلبا کا شکریہ ادا کیا اور فرمایا کہ "جامعہ کو دیکھ کر اور یہاں کے مقاصد اور طرز تعلیم کو معلوم کرکے بڑی خوشی ہوئی آپ نے مزید فرمایا کہ قومی تعلیم حاصل کئے اور اسے عوام میں پھیلائے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی آپ نے اسلامی تہذیب و تمدن کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ صرف تعلیم ہی کی وجہ سے اسلام ایشیا، یورپ اور افریقہ کے کونے کونے میں پھیلا ہے۔

صدر وفد کی تقریر کے بعد دوسرے ممبر عبدالفتح بیگ نے مزید شکریہ ادا کیا اور طلبائے جامعہ کو مصر آنے کی دعوت دی اس کے بعد مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے مصری وفد کو مخاطب کرکے عربی میں تقریر کی آپ نے فرمایا کہ "آپ عزیز مہمانوں کی خدمت میں مخلصانہ شکریہ پیش کرتا ہوں کہ آپ نے اس درس گاہ میں تشریف لاکر ہم سب کو عزت بخشی۔

یہ جامعہ گذشتہ بیس برس کی انقلابی تحریکوں کی یادگار ہے اس کا مقصد مسلمان بچوں کے دلوں اور دماغوں کو بدیشی ذہنی جبر و استیلا کے برخلاف آزادی بخشنا ہے یہ جامعہ ملیہ اسلامیہ تین لفظوں سے مرکب ہے۔ جامعہ، ملت، اسلام مقصود یہ ہے کہ ایسی درس گاہ جس میں وطن کے حقوق اور اسلام کے فرائض کے درمیان تطبیق دی جائے۔

آج تمام اسلامی ملکوں میں وطنی سیاست اور دینی فرائض کے درمیان بہت بڑی جنگ برپا ہے علمائے دین نے سیاسیات سے قطع تعلق کرکے مسجدوں اور محرابوں اور خلوت خانوں میں اپنے کو بند کر لیا ہے اور نئے تعلیم یافتہ دینی جذبات کو سیاسیات میں حائل سمجھتے ہیں ہم اس جماعت کی نمائندگی کرتے ہیں جو وطن کے حقوق اور دین و مذہب کے فرائض کے درمیان تضاد محسوس نہیں کرتی اور چاہتے ہیں کہ وطن کے سیاسی حقوق سے بھی ہم عہدہ برآ ہوں اور مذہبی فرائض سے سر مو غفلت نہ ہو۔

اس درسگاہ کے قائم کرنے میں ہمارے بوڑھوں اور نوجوانوں کی یکساں کوششیں شامل رہی ہیں جن میں سب سے زیادہ لائق ذکر مولانا محمد علی مرحوم، مسیح الملک حکیم اجمل خاں اور ڈاکٹر انصاری مرحوم ہیں۔ انھیں کی کوششوں نے اس درس گاہ کو وجود اور بقا بخشا ہے گو دیکھنے میں ہماری اس درس گاہ کے پاس بڑی بڑی عمارتیں بلند ایوان و محل اور اونچی اونچی تعمیریں نہیں ہیں لیکن اس کے سینہ میں بڑے بڑے ارادے اونچی ہمتیں اور بلند خیالات موجود ہیں اور یہی چیزیں کسی قوم کی کامیابی کے اصلی ذریعے ہیں۔

آخر میں پھر اپنے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

"محمد علی ٹرافی"

(جناب جمیل الرحمٰن صاحب استاد جامعہ نگر)

سنہ ۱۹۳۳ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مدرسہ ابتدائی سے محمد علی ٹرافی کو جاری کیا تھا ابتدا میں چار سال تک اس میں تیسری جماعت سے آٹھویں جماعت کے طالب علموں کے صرف تحریری و تقریری مقابلے ہوتے تھے سنہ ۱۹۳۷ء میں جسمانی مقابلے کا بھی اضافہ کیا گیا اس مرتبہ مقابلہ شروع ہونے سے کچھ پہلے متعدد مدرسوں سے خط وکتابت کے ذریعہ گفتگو کی گئی اور ان کے مشورہ کے مطابق بالکل چھوٹے بچوں کے مقابلے فی الحال ملتوی کر دے گئے اور آٹھویں جماعت کے بجائے ششم تک کے طالب علموں کو شرکت کی اجازت دی گئی۔

ان مقابلوں سے جہاں بچوں میں مختلف چیزوں کا شوق پیدا ہوتا ہے، وہاں استادوں کو دوسرے مدرسوں کے لوگوں سے ملنے، جامعہ میں جس ڈھنگ سے تعلیم ہو رہی ہے اس سے دوسرے لوگوں کو آگاہ کرنے اور ان کے قیمتی مشوروں سے مستفید ہونے کا موقع ملتا ہے اس کے علاوہ ایک اسکول کے دوسرے اسکول کے طالب علموں کو آپس میں ملنے اور ایک دوسرے کے خیالات معلوم کرنے کے موقع بھی میسر آتے ہیں۔

امسال یہ مقابلے ۲۸-۲۹ جنوری کو جامعہ نگر میں ہوئے۔ مقابلے دو قسم کے تھے تعلیمی اور جسمانی تعلیمی میں مضمون نگاری اور تقریر تھی جسمانی میں دوڑ اور کود۔ جسمانی مقابلے میں امسال بعض دوسرے کھیل مثلاً کشتی کھینا تیراکی اور کبڈی وغیرہ کو بھی رواج دینے کا ارادہ تھا مگر دوسرے مدرسے اس کے لئے تیار نہیں ہوئے کیونکہ ان کے لئے زیادہ اہتمام کی ضرورت تھی انشاءاللہ آئندہ سال یہ مقابلے بھی شروع کئے جائیں گے۔

تحریر و تقریر میں اس بات کا خیال رکھا گیا تھا کہ طلبا پہلے سے مضامین رٹ نہ لیں بلکہ اپنی سابقہ تعلیم و تربیت کو کام میں لائیں اسی لئے پہلے سے مضامین کا اعلان نہیں کیا گیا شرکت کرنے والے مدارس کے استادوں سے مشورہ کے بعد چند آسان اور سہل عنوانات جو بچوں کی عمر اور ان کے ماحول سے مناسبت رکھتے تھے مقرر کئے گئے اور صرف دو گھنٹے پہلے طلبہ کو آگاہ کیا گیا ان کو اس عرصہ میں اپنے استادوں سے مشورہ اور ضروری معلومات حاصل کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

تحریری و تقریری مقابلے، ۲۸ جنوری کو ہوئے جلسہ کی صدارت سعید انصاری صاحب نے فرمائی، موصوف نے جلسہ کے اختتام پر ان مقابلوں پر تعلیمی نقطہ نظر سے ایک تقریر فرمائی جسے حاضرین نے بہت دلچسپی سے سنا۔

جسمانی مقابلے ۲۹ جنوری کی صبح کو ہوئے ۲ بجے جناب شمس العلماء مولانا عبدالرحمٰن صاحب پروفیسر سینٹ اسٹیفنس کالج

نے انعامات تقسیم کئے اور ایک مختصر سی تقریر فرمائی جس میں چھوٹے بچوں کو چند نصیحتیں کیں جیتنے والوں کو مبارک باد دی اور ہارنے والوں کے حوصلے بڑھائے مولانا کی تقریر کے بعد جامعہ نگر کے ایک طالب علم نے موصوف کی تکلیف فرمائی کا شکریہ ادا کیا۔

انعامات کی تفصیل | ٹرافی ہمیشہ اس مدرسہ کو ملتی ہے جس کے نمبر تعلیمی اور جسمانی دونوں مقابلوں میں مجموعی حیثیت سے زیادہ ہوں چونکہ اس سال مجموعی حیثیت سے مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر کے نمبر زیادہ تھے اس لئے وہی انعام کا مستحق قرار پایا لیکن قاعدے کی رو سے جامعہ کے کسی مدرسہ کو ٹرافی رکھنے کا حق نہیں ہے اس لئے فیض عام ہائی اسکول میرٹھ کو دی گئی جس کے مجموعی نمبر جامعہ کے بعد سب سے زیادہ تھے۔

مقابلوں میں دس مدرسوں نے شرکت کی تھی ان میں سے مندرجہ ذیل مدرسوں کے طلبا نے انعامات حاصل کئے۔

۱: ۔ ۱۵ اگز کی دوڑ

(۱) نصرت علی — اینگلو عربک اسکول دریا گنج دہلی (۲) احسان الہی — پنجابی اسلامیہ ہائی اسکول دہلی

۲: ۔ ٹیٹی دوڑ (Golinac race)

(۱) اظہار الحق — مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر دہلی (۲) محمد رفیق احمد — فتحپوری مسلم ہائی اسکول دہلی

۳: ۔ لمبی چھلانگ

(۱) سمیع اللہ — اینگلو عربک ہائی اسکول اجمیری گیٹ دہلی (۲) محمد خالد — "

۴: ۔ اونچی کود ۔

(۱) عبدالرحیم — فیض عام ہائی اسکول میرٹھ (۲) محمد ادریس — اینگلو عربک اسکول اجمیری گیٹ "

۵: ۔ امدادی دوڑ (شٹل ریلے ریس)

(۱) اینگلو عربک ہائی اسکول دریا گنج دہلی (۲) فیض عام ہائی اسکول میرٹھ

۶: ۔ مضمون نگاری

(۱) سید منیر الدین — مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر دہلی (۲) محمد اسلام — فتح پوری مسلم ہائی اسکول دہلی

۷: ۔ تقریر ۔

(۱) عثمان محمود — " (۲) شمیم احمد — فیض عام ہائی اسکول میرٹھ

ادارۂ تعلیم و ترقی جامعہ

ادارہ نے تعلیم بالغان کا کام جس طریق پر شروع کیا ہے اس کا ایک خاکہ ہمدرد جامعہ بابتہ مارچ ۳۹ء میں شائع ہو چکا ہے۔ جو لوگ تعلیم بالغان سے دلچسپی رکھتے ہیں اور حلقہ تعلیم و ترقی کے مجوزہ پروگرام کا تجربہ اپنی بستی میں بھی کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنی کوششوں اور اپنے تجربوں سے ہمیں بھی مطلع رکھیں تاکہ ہم ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکیں۔

ادارہ تعلیم و ترقی نے جو عہد نامہ اس بستی کے لئے مرتب کیا ہے اس کا مضمون حسب ذیل ہے۔

خدمت کا عہد

انسان کو خدا کی ہر نعمت کا شکر ادا کرنا چاہیئے۔ صحت کا شکر بیماروں کی خدمت، دولت کا شکر غریبوں کی مدد۔ بال بچوں کا شکر ہے لاوارث بچوں کی دستگیری، علم کا شکر ہے جاہلوں کو تعلیم دینا۔ اس لئے میں دل سے عہد کرتا ہوں کہ اپنے بھائیوں کی خدمت اور تعلیم و ترقی کے لئے جہاں تک مجھ سے ہو سکے کوشش کروں گا اور دوسری خدمات کے علاوہ سال میں کم سے کم ایک ان پڑھ آدمی کو پڑھنا لکھنا ضرور سکھلا دوں گا۔

نام　　پتہ　　عمر　　پیشہ　　دستخط　　تاریخ

ان پڑھ لوگ جو پڑھنا لکھنا سیکھنے کے لئے آمادہ ہو جائیں ان سے بھی ایک وعدہ لیا جاتا ہے جس کا مضمون یہ ہے:

میرا وعدہ

میں علم کو انسان کے لئے بہت ضروری سمجھتا ہوں اور سچے دل سے وعدہ کرتا ہوں کہ اس وقت تک علم حاصل کرنے کی پوری کوشش کرتا رہوں گا جب تک مجھے اچھی طرح پڑھنا لکھنا نہ آجائے میں اپنے عزیزوں اور دوستوں کو علم حاصل کرنے کا شوق دلاؤں گا اور کم سے کم ایک شخص کو پڑھنا لکھنا سکھلا دوں گا۔

نام پتہ　　عمر　　پیشہ　　وعدہ لینے والے کا نام اور پتہ　　دستخط　　تاریخ

"خدمت کا عہد" اور "میرا وعدہ" دونوں اچھے کاغذ پر اور خوبصورت ٹائپ میں بہت دیدہ زیب چھپوائے گئے ہیں

اور قیمت بہت معمولی رکھی گئی ہے یعنی ایک روپے کے سو فارم، جو اصحاب تعلیم و ترقی کی خدمت کیلئے آمادہ ہوں وہ یہ فارم دفتر تعلیم و ترقی جامعہ سے طلب کر سکتے ہیں

وعدہ کے آخر میں طالب علم کے دستخط کے لئے جگہ رکھی گئی ہے اور اس بات پر اصرار کیا جاتا ہے کہ طالب علم بجائے انگوٹھا لگانے کے اپنے ہاتھ سے دستخط کرے، بظاہر یہ بہت دشوار معلوم ہوتا ہے کہ ایک ان پڑھ آدمی خود اپنے دستخط کرے لیکن اگر آپ ایک ناقل بالغ آدمی کا نام زمین پر انگلی سے لکھ کر یا سلیٹ یا کاغذ پر دس پانچ مرتبہ اس سے مشق کرا دیں تو وہ اپنے نام کا نشان بنانا سیکھ لے گا اور ایک دو دن کے اندر خود اپنے دستخط اپنے ہاتھ سے کر سکے گا۔

جنوری کے وسط سے خدمت کا عہد لینے کی تحریک قرول باغ کی بستی میں شروع کی گئی ہے اور اس کا آغاز جامعہ کے حلقوں سے کیا گیا، چنانچہ شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے خدمت کے عہد پر سب سے پہلے دستخط فرمائے اس مبارک ابتدا کے بعد اب تک تقریباً سو اصحاب اس بستی کی خدمت تعلیم و ترقی کے لئے آمادہ ہو چکے ہیں اور امید ہے کہ انشاء اللہ یہ تعداد ابھی بہت بڑھے گی۔ ہر خادم سے یہ توقع ہے کہ جلد سے جلد کم از کم ایک طالب علم سے پڑھنا لکھنا سیکھنے کا وعدہ بھی لے کر دفتر تعلیم و ترقی میں داخل کرے تاکہ دفتر کی طرف سے اگر کوئی سہولت ممکن ہو تو طالب علم کو بھی بہم پہنچائی جائے۔ اور امتحان کے وقت طالب علموں کی یاد دہانی بھی کی جائے لیکن چونکہ عہد نامہ میں ایک سال کی مدت کے اندر پڑھنا لکھنا سکھلانے کی شرط رکھی گئی ہے اس لئے طلبہ کے وعدے بہت تھوڑی تعداد میں اب تک وصول ہوئے ہیں دفتر کی طرف سے یاد دہانیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

سال میں تین بار ایک امتحان بھی طے پایا ہے اور پہلا امتحان انشاء اللہ مئی کے آخر میں ہوگا۔ کوشش کی جائے گی کہ زیادہ سے زیادہ خدام پہلے ہی امتحان میں اپنے طالب علموں کو شریک کریں اور اپنی ایک ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائیں۔

بالغوں کے لئے اردو سکھلانے کا قاعدہ مصنفہ ڈاکٹر سعید الظفر خاں صاحب منتخب کیا گیا تھا۔ چنانچہ اب تک جن لوگوں نے اس قاعدہ سے اردو پڑھانے کا تجربہ کیا ہے وہ اس کو نسبتاً آسان بتاتے ہیں۔ اس قاعدہ سے متعلق کچھ چارٹ بھی مصنف کی ہدایت کے مطابق تیار کئے جا رہے ہیں جن کو سامنے رکھ کر قاعدے کو پڑھنے اور پڑھانے میں بڑی مدد ملے گی یہ چارٹ غالباً اپریل کے آخر تک تیار ہو جائیں گے اور پھر مکتبہ جامعہ دہلی سے مل سکتے ہیں۔

قاعدہ کے بعد اردو پڑھنے کی مشق پیدا کرنے کی غرض سے بالغ مبتدیوں کے لئے ایک سلسلہ رسائل زیر ترتیب ہے اس سلسلہ کے کچھ رسائل تب بھی ہو چکے ہیں اور ان پر نظر ثانی ہو رہی ہے امید ہے کہ ان کی طباعت اور اشاعت کا انتظام

بھی بہت جلد ہو جائے گا۔

تعلیمی کتبات کی اشاعت کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا ہے اور سب سے پہلے قرآن پاک اور حدیث شریف کی تعلیمات کا درس "سچی تعلیم" اور "اچھی تعلیم" کے عنوان سے شروع کیا گیا ہے۔ کتبات کی اشاعت کے لئے تختۂ تعلیم و ترقی فی الحال بستی کی مساجد دار المطالعے، کتب خانے اور مدارس میں نمایاں جگہ پر لگا دئے گئے ہیں اور ان پر تعلیمی کتبات آویزاں کر دئے گئے ہیں۔ ادارہ کی کوشش ہے کہ ہر پندرھویں دن ایک نیا کتبہ شائع ہو جائے جو حقیقتاً ایک درس ہو گا۔

بستی کے لئے ایک گشتی کتب خانہ کی ابتدا بھی کر دی گئی ہے اور تقریباً ڈیڑھ سو کتابیں ایسی منتخب کی گئی ہیں جو مضامین، زبان اور لکھائی چھپائی کے لحاظ سے بالغ مبتدیوں کے لئے بھی مفید ہو سکتی ہیں۔ بالغ مبتدیوں کے لئے چونکہ ابھی تک کتابیں خاص طور پر نہیں لکھی گئی ہیں اس لئے تعلیم و ترقی کے کتب خانہ کے لئے کتابوں کے انتخاب میں بڑی دشواری پیش آ رہی ہے جو مطبوعہ کتابیں کتب خانہ جامعہ یا مکتبہ جامعہ میں نظر سے گذریں انھیں سے ایک انتخاب اس وقت کر لیا گیا ہے لیکن ادارہ تعلیم و ترقی کی یہ خواہش ہے کہ تعلیم بالغان سے جو کتابیں شائع ہو رہی ہیں وہ سب جمع کی جائیں اور اس میں سے دو ڈھائی سو کتابوں کا اچھا انتخاب پیش نظر مقصد کے لئے کیا جائے چنانچہ ناشرین اور مصنفین سے درخواست کی جا رہی ہے کہ اس کام میں ادارے کے ساتھ تعاون کریں۔ مکتبہ جامعہ کے علاوہ انڈین پریس الہ آباد، مشعل پریس کھر ضلع انبالہ اور رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز کے ہم ممنون ہیں کہ انھوں نے اس سلسلہ میں ہمارے ساتھ تعاون کیا اور اپنی مطبوعات بھی بھیجی ہیں۔ امید ہے کہ کتب خانہ تعلیم و ترقی کے لئے بہت جلد ایک اچھی فہرست تیار ہو جائے گی۔

جامعہ کے تعلیمی کاموں سے جس جماعت کو زیادہ تعلق اور دلچسپی ہے وہ ہمدردانِ جامعہ کا حلقہ ہے اس لئے خصوصیت کے ساتھ ہمدردانِ جامعہ سے ہماری درخواست ہے کہ وہ خود بھی خدمت کا عہد کریں اور اپنی بستی کے دوسرے لوگوں کو بھی بستی کی تعلیم و ترقی اور خدمت کے لئے آمادہ کریں ہمدردانِ جامعہ ملک کے گوشے گوشے میں موجود ہیں اور ان میں اکثریت تعلیم یافتہ اور پڑھے لکھے لوگوں کی ہے جامعہ کا ہر ہمدرد اگر ایک ان پڑھ کی تعلیم کا ذمہ دار رہے تو تین ماہ کے اندر اندر کئی ہزار ان پڑھ پڑھنا لکھنا سیکھ جائیں گے۔ ہمارے جو ہمدرد اردو پڑھنا چاہیں وہ اردو کا قاعدہ دفتر تعلیم و ترقی سے طلب کر سکتے ہیں۔

ابنائے دارالعلوم دیوبند

دارالعلوم دیوبند کے قدیم طلبار کا اجلاس عام دہلی میں ۶ مارچ ۱۹۳۹ء کو منعقد ہوا جس کی مجلس استقبالیہ کی صدارت مولانا خواجہ عبدالحی صاحب استاد جامعہ نے فرمائی تھی۔ ذیل میں مولانا کا خطبۂ صدارت دیا جاتا ہے

(ادارہ ہمدرد)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

بزرگو اور دوستو!

آج جس غرض سے ابنائے دارالعلوم کا یہ جلسہ منعقد ہو رہا ہے وہ آپ سب حضرات بخوبی جانتے ہیں، جب میں خیال کرتا ہوں کہ اس عظیم الشان برادری کی پذیرائی کی ریاست میرے حصہ میں آئی ہے تو آپ یقین کیجئے مجھے اپنی خوبیٔ قسمت پر ناز ہوتا ہے ہر چند کہ اس برادری میں مجلس استقبالیہ کی صدارت کے لئے مجھ سے بہتر اور بزرگ بھی موجود تھے، لیکن یہ عزت مجھے بخش کر جس طرح میری حوصلہ افزائی فرمائی گئی ہے، وہ ابنائے دارالعلوم مقیمان دہلی کی روایتی رواداری اور فراخ حوصلگی کا نشان وثبوت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ میں اپنے آپ کو اس منصب سے بہت کم تر پاتا ہوں۔ خصوصاً جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ میں جس مقدس جماعت سے خطاب کر رہا ہوں اس میں ایسے حضرات بھی ہیں جو تقریر وتحریر اور شیریں مقالی میں اپنی مثال نہیں رکھتے۔ اس میں وہ بزرگ بھی ہیں جو علم وفن اور درس وتدریس کی مسند اعلیٰ پر متمکن ہیں ان میں وہ ہستیاں بھی ہیں جو اپنے وقت اور زمانہ کے امام ہیں، جن کی ذات آج عالم اسلامی کے لئے مایۂ ناز وفخر ہے، جو شریعت اسلامی کے نبض شناس اور غوامض دینی کے رمز آشنا ہیں، تو میری زبان گنگ ہو جاتی ہے۔ ان کے سامنے زبان کھولنا چھوٹا منہ بڑی بات سمجھتا ہوں اور اس سوء ادبی کی ہمت نہیں پڑتی، لیکن چونکہ میں اس خدمت کے لئے مامور کیا گیا ہوں اس لئے محض چند تجاویز جمعیت سے متعلق پیش کرکے اپنی جگہ لوں گا۔

برادران مادر علمی! ہمارا جس چشمۂ علم وعمل سے تعلق ہے وہ بفضلہ ساری دنیا میں ایک خاص اہمیت اور وقعت رکھتا ہے اس کے دامن تربیت سے ہزارہا فرزندوں نے فیض حاصل کیا ہے اور اب وہ کارزار حیات میں سرگرم عمل ہیں۔ ابنائے دارالعلوم دنیا کے چپے چپے پر پھیلے ہوئے ہیں۔ ربع مسکوں کا کوئی خطہ ایسا نہ ہوگا، جہاں کلمہ گو آباد ہوں اور وہاں ہماری برادری کا کوئی فرد موجود نہ ہو۔ ہم ایک بین الاقوامی برادری رکھتے ہیں ایسی بین الاقوامی برادری، جو دنیا کے سیاہ وسفید

میں ایک مؤثر حصہ کی مالک ہو، اس کی وسعت اور عظمت کا آپ کو مجھ سے زیادہ علم ہے۔

حضرات! اگرچہ ہم ساری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں لیکن ہم پراگندہ اور منتشر ہیں۔ ہمارے بہت سے بھائی اپنی اپنی جگہ پر قوم و ملت کی بیش بہا خدمات انجام دے رہے ہیں، لیکن ہم ایک دوسرے سے بے خبر ہیں۔ ان بکھرے ہوئے تسبیح کے دانوں کو ایک رشتۂ اتحاد میں پرونے کی ضرورت ہے اور وہ رشتۂ حیات آپ کی یہ جمعیت ہے۔ دنیا کی معمولی سے معمولی درسگاہیں بھی اپنے طلبائے قدیم کا ایک حلقہ رکھتی ہیں لیکن کس قدر تعجب کا مقام ہے، کہ اتنی بڑی تعداد رکھتے ہوئے بھی ہم خاطر خواہ طریقے پر منظم نہیں ہو سکے۔ اگر ہم جیسا کہ چاہیے ویسے مجتمع ہو جائیں تو نہ صرف یہ کہ اپنی مادر علمی کے سنوارنے، مستحکم رکھنے اور آفات روزگار سے بچانے میں قابل قدر کام کر سکیں گے، بلکہ ہم ایک دوسرے کے ذاتی اور قومی کاموں میں بھی مدد و معاون ہو سکتے ہیں۔ زمانہ تعاون اور باہمی ارتباط سے کام کرنے کا ہے۔ اب سیل حوادث زبردست ہیں اور ان کے مقابلہ کے لئے بھی نہایت مضبوط اور مستحکم قوت چاہیئے۔ میرا ان سب سے بڑھ کر یہ کہ اگر ہم ایک رشتہ میں منسلک ہو جائیں تو ہم ملک کی بڑی سے بڑی تحریک نہایت شاندار کامیابی کے ساتھ چلا سکتے ہیں۔

میرے خیال میں ہماری جماعت کو سر دست مندرجہ ذیل امور کی طرف توجہ کرنا چاہیئے۔ ان کی تکمیل کے بعد اور باتیں بھی سوچی جا سکتی ہیں۔

۱۔ جمعیت کا ایک باضابطہ اور مستقل دفتر ہو، اور اس کے مستقل کارکن ہوں، جو ابنائے دار العلوم سے خط و کتابت کا سلسلہ جاری رکھیں ان کے حالات اور پتوں سے واقفیت بہم پہنچائیں اور ان کو انجمن کے ارادوں اور کاموں سے باخبر رکھیں۔

۲۔ اس جمعیت کا ایک ماہانہ مجلہ ہونا چاہیئے جو اس کا ترجمان اور منادی ہو۔

۳۔ سالانہ ایک جلسہ دار العلوم دیوبند میں یا جمعیۃ العلماء کے اجلاس کے ساتھ ہوا کرے۔

۴۔ دیوبند میں جمعیت کی اپنی ایک عمارت اور مہمان خانہ ہونا چاہیئے تاکہ طلبائے قدیم کبھی جائیں تو ان کے وہاں ٹھہرنے کا ایک مخصوص ٹھکانہ ہو۔

۵۔ اگر ممکن ہو تو جمعیت اپنے بھائیوں کو سلسلۂ معاش سے لگانے کی سعی کرے

۶۔ طلبائے جدید سے خاص تعلق رکھنا چاہیئے کیونکہ آئندہ جا کر یہی طلبائے قدیم ہوں گے۔

لیکن یہ انجمن اس وقت تک صحیح معنوں میں اپنے فرائض ادا نہیں کر سکتی جب تک دار العلوم دیوبند کے ارباب اہتمام و انتظام اس کو باقاعدہ طور پر تسلیم نہ کرلیں اس لئے مناسب طریق پر اس کی سعی و کوشش کی جائے۔

مدارس عربیہ میں جو نصاب پڑھایا جاتا ہے اس پر نظر ثانی کی سخت ضرورت ہے آپ کی انجمن اس خدمت کو بہت اچھی طرح انجام دے سکتی ہے۔ میں اپنی ناقص رائے، صرف بحث و مذاکرہ کے خیال سے پیش کرتا ہوں۔

(الف) صرف و نحو اور منطق و فلسفہ کا نصاب کلیتہً ہندوستانی زبان میں ہو۔

(ب) منطق و فلسفہ کی تعلیم قطعی اور میعنذ ی پر بالکل ختم کردی جائے۔
(ج) نصاب میں عربی ادب کی جدید ترین کتابیں داخل کی جائیں۔
(د) سیاست اور اقتصادیات کو درس میں شامل کیا جائے۔

عربی زبان کی ابتدائی تعلیم کی طرف اب تک کوئی توجہ نہیں کی گئی اگر مادر دیوبند کے ماہرین تعلیم اس کو اپنی بحث و نظر کا مرکز بنالیں تو تھوڑی سی مدت میں وہ کسی اچھے نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے عام ابتدائی تعلیم کے لئے بہت کچھ کام کیا ہے، اس کی خدمات حاضر ہیں۔ یہ اور اسی قسم کی بیسیوں تجویزیں سوچی جاسکتی ہیں بشرطیکہ ہماری جمعیت کی بنیاد اور اساس مستحکم ہو جائے۔

بھائیو! اب میں آپ کا زیادہ وقت نہ لوں گا۔ اب تک میں صدر مجلس استقبالیہ کی حیثیت سے تمام کارروائی انجام دیتا رہا۔ اب میں آپ کو بجائے ابتدار کے خاتمۂ کلام پر اہلاً وسہلاً اور خوش آمدید کہتا ہوں، اور اس جلسہ کی باگ ڈور اس ہستی کے سپرد کرتا ہوں جس کی مبارک صدارت میں یہ جلسہ انشاء اللہ بخیر و خوبی انجام پذیر ہوگا۔ جس کی ذات بابرکات ہم سب میں آفتاب کی طرح روشن ہے۔ جس کے نطق مبارک سننے کے آپ سب حضرات منتظر ہیں اب میں آپ اور حضرت مولانا کے درمیان زیادہ دیر تک حائل رہنا نہیں چاہتا اور بکمال ادب حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مدظلہ العالی سے جلسہ کی رہنمائی کی درخواست کرتا ہوں۔

وَآخر دعوٰنا ان الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم واصحابہ العظیم

علم

علم وہ نہیں جو یاد ہو۔ علم وہ ہے جو فائدہ بخشے (امام شافعیؒ)

علم منجملہ عبادتوں کے ایک عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ کی نزدیکیوں میں سے ایک نزدیکی۔
(امام ابو یوسفؒ)

طالب علمی میں میں نے ذلت برداشت کی عالم ہوکر عزت حاصل کی۔ (ابن عباسؓ)

بنیادی تعلیم اور مسلمان

از جناب سید نوراللہ صاحب اسسٹنٹ ایجوکیشنل انسپکٹر صوبہ بمبئی

ہمیں بنیادی تعلیم کے بارے میں مسلمان بھائیوں کے مخالف رخ کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ان میں سے بہتوں کو ڈر ہے کہ یہ طریقہ ان کے تمدن کے لئے خطرناک ہوگا۔ ساتھ ہی ہندوؤں کا خیال ہے کہ یہ ایک طرح کی سیاسی رکاوٹ ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہم ایک دوسرے کے خیالات کو سمجھیں۔ ہم کو سب سے پہلے اس دیس کی غریبی کی طرف دھیان دینا ہے۔ ہندو اور مسلمان دونوں ہی غریب ہیں اور مسلمان تو ہندوؤں سے بھی زیادہ غریب ہیں۔ بنیادی تعلیم کسی حد تک بے کاری کے سوال کو حل کرنے کا دعویٰ کرتی ہے۔ اس کی کوشش شہریوں کو اپنے پیر پر کھڑا کرنا اور غریب کسانوں کی آمدنی بڑھانا ہے اور جب ہندوؤں اور مسلمانوں کی معاشی حالت میں کوئی فرق نہیں ہے تو ڈر کے بجائے انھیں بنیادی تعلیم سے ہر طرح فائدہ ہی ہے۔

اگر دونوں قوموں میں ایکا نہ ہوتا تو مسلمان اس طرح ساتھ نہ رہ پاتے اور یہ اتحاد بنیادی تعلیم ہی سے ہو سکتی ہے۔ مذہبی اور دوسرے قسم کے مضامین جو نصاب میں دئے گئے ہیں ان میں بہت گنجائش رکھی گئی ہے اور جہاں تک مذہب کا تعلق ہے اسے بہت عزت سے دیکھا گیا ہے۔ اس لئے کسی کو بھی اس میں کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا ہے

تعلیم کے لحاظ سے مسلمان صدیوں سے پیچھے رہے ہیں اور سرسید احمد خاں کے بعد وہ اور بھی پیچھے ہو جاتے۔ ممکن ہے کہ انگریزوں کے آنے سے پہلے وہ دوسروں سے آگے رہے ہوں لیکن انگریزوں کی دی ہوئی آسانیوں سے انھوں نے پورا فائدہ نہیں اٹھایا۔

وہ نئی چیزوں کو اپنانے میں ہچکچاتے ہیں۔ یہ سمجھنا ٹھیک نہیں ہے کہ انگریزوں کا طریقہ سب سے بہتر طریقہ ہے اور یوں تو بنا آزمائے کسی چیز کا بھی اچھا یا برا پن نہیں معلوم ہو سکتا۔ مسلمانوں کو اپنی غلطی پھر نہ دہرانی چاہیے۔ ان کے سیاسی خیالات ایسے الجھے ہوئے ہیں کہ وہ کتائی اور بنائی کو بھی کانگریس کا ہی ایک روپ سمجھتے ہیں لیکن اس کے لئے کسی کو مجبور نہیں کیا جاتا۔ زیادہ سے زیادہ صرف یہی ہو سکتا ہے کہ کتائی بنائی کو چھوڑ دیں لیکن ایک حصہ کے اختلاف سے انھیں پوری چیز کی مخالفت نہیں کرنی چاہیے۔ یہ خیال تو بالکل غلط ہے کہ کانگریس کا کوئی کام بھی مسلمانوں کے لئے کبھی فائدہ مند نہیں ہو سکتا۔ یہ تو محض پرانا اور بیکار خیال ہے۔

بنیادی تعلیم کے نصاب میں ایک پورا سال اسلامی تاریخ کی پڑھائی کے لئے دیا گیا ہے۔ اس لئے یہ غلط ہے کہ ان کا تمدن اور مذہب خطرے میں ہے۔ ہمارے لئے ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا ہی اہم راستہ ہو سکتا ہے۔ بے شک یہ ان کا فرض ہے کہ وہ اپنی خوبیوں کی حفاظت کریں۔ اگر وہ خود ان سے بھاگتے ہیں تو یہ ان کا قصور ہے۔ ایک کانگریسی ہندوستانی

کہتے ہیں کہ "اس میں تو پورا اسلام بھرا ہے، ہندو تمدن کا تو یہاں نام ہی نہیں ہے" ذرا نصاب کو غور سے دیکھیے تو انھیں معلوم ہوتا کہ اس میں کتنا پرانے ہندوستان کا ذکر کیا گیا ہے۔ کیا پرانا ہندوستان ہندو دھرم اور تہذیب کا عکس نہیں ہے؟ ڈاکٹر ذاکر حسین وغیرہ بہت اچھے اور سچے سلمان ہیں اس بات سے مسٹر جناح بھی انکار نہیں کر سکتے۔ ساتھ ہی مہاتما جی بھی یہ نہیں چاہتے کہ سلمان اپنی اچھائیوں کو قربان کر دیں۔ اگر انھیں شک ہے تو وہ ان لوگوں کے پاس آکر اسے دور کر سکتے ہیں۔

جہاں تک ہند ستانی زبان کا سوال ہے وہ تو اصل میں سلمانوں ہی کی زبان ہے۔ بھاشا کا پرچار حقیقت میں سب سے پہلے سلمانوں نے ہی کیا ہے اس لئے سلمانوں کو تو یہ فخر ہونا چاہیئے کہ غیر سلمان بھی ہند ستانی کو اپنا رہے ہیں۔ ہندوؤں کی جہاں اٹھارہ مختلف زبانیں ہیں، وہاں سلمان صرف ایک ہی زبان بولتے ہیں۔ اگر سلمان یہاں نہ آئے ہوتے تو ہند ستانی کا تو نام بھی سننے میں نہ آتا اس لئے ہند ستانی کو دیش کی بھاشا مان کر کانگریس نے سلمانوں پر بڑا احسان کیا ہے اصل میں تو یہ زبان سلمانوں ہی کی ہے جسے دوسرے لوگوں نے اپنا لیا ہے۔ سلمان کوئی بھی رسم خط اختیار کر سکتے ہیں، چاہے وہ دیوناگری ہو یا اردو۔ کسی کی بھی زبان اور تمدن کے ختم ہونے کا اس میں ڈر نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بنیادی تعلیم کے تجربہ کرنے والوں کو میرے یہ خیالات مدد دیں گے۔ (نئی تعلیم)

ابتدائی تعلیم کے چار گر

۱۔ سکھانا اس طرح چاہیئے کہ بچے کی اُپج کم نہ ہو بلکہ اور بڑھے۔

۲۔ بچے کا ذہن چوکس رہے، طبیعت میں جولانی ہو، اپنی اچھی بات منوائے، دوسرے کی اچھی بات مانے۔

۳۔ جسم اور ذہن میں میل ہو، ملی بھگت نہ ہو۔

۴۔ بچہ جو کچھ سیکھے وہ ہنستے کھیلتے سیکھے۔ وہ علم سے مانوس ہو جائے اور اس سے لطف اٹھائے۔

طلبہ سے خطاب

از پروفیسر محمد مجیب صاحب بی اے (آکسن)

اسٹوڈنٹس فیڈریشن دہلی کی صوبہ کانفرنس میں پڑھنے کے لئے یہ
مضمون لکھا گیا تھا۔

(مرتب)

ہمارے بدنصیب ملک میں جہاں اور ہزار طرح کی دشواریاں اور الجھنیں ہیں، وہاں استاد اور شاگرد، گرو اور چیلوں کے درمیان بھی کچھ ایسی ان بن ہو گئی۔ ان کے دل ایک دوسرے سے کچھ ایسے پھر گئے ہیں کہ سمجھ میں نہیں آتا انھیں کس طرح ایک دوسرے سے راضی کیا جائے۔ استاد شاگرد کا رشتہ ایسا ہے کہ ان جھگڑوں میں نہ پنچ فیصلہ کر سکتے ہیں نہ قانون دونوں کو آزادی دے سکتا ہے کہ جو جی میں آئے کریں۔ وہ لاکھ ایک دوسرے سے بگڑیں اور بیزار ہو جائیں۔ ان کے لئے نبھانے کے سوا کوئی چارہ نہیں ان کے دل چاہے ایک دوسرے سے کوسوں دور ہوں ان کا ساتھ نہیں چھوٹ سکتا۔

ہمارے یہاں کے اُستادوں کو اس وقت دیکھئے تو ان کی دو بڑی قسمیں نظر آتی ہیں۔ ایک تو پرانی قسم ان استادوں کی ہے جو کتابوں کو پڑھ کر پھر نوجوانوں کو پڑھانا اپنا خاص کام سمجھتے ہیں، جس کے لئے کامیابی یہ ہے کہ وہ کورس ختم کر دیں اور زیادہ سے زیادہ طالب علموں کو امتحان پاس کرا دیں۔ ان میں سے بعض بیچارے تو پڑھتے پڑھاتے آدمیت سے اس درجہ گر جاتے ہیں کہ سلیبس اور پرنٹر ان کے دیوتا، ان کے ان داتا ہو جاتے ہیں، چھاپے کی سیاہی ان کی آنکھوں کی روشنی ہوتی ہے، وہ سمجھئے جنت میں پہنچ گئے اگر انھوں نے کچھ لکھا اور دوسرے نے اسے پڑھ کر تعریف کر دی۔ ان سے بھلا زندہ آدمیوں کو کیا مطلب۔ لیکن یہ بھی استادوں میں غنیمت ہیں، کہ اگر وہ اپنی دھن کے پکے ہوئے تو ان کی یہی پختگی نوجوانوں پر اثر کرتی ہے، وہ سمجھ جاتے ہیں کہ یہ جیسے بھی ہوں کھرے تو ہیں۔ پڑھنے پڑھانے والے استادوں میں زیادہ تر ایسے ہیں کہ جو اس کام کو پیشہ اور فرض نہیں بلکہ نوکری سمجھتے ہیں، جن کا دل ہمیشہ کہیں اور لگا ہوتا ہے اور جو اپنی خدمت کے سال اس وقت ذرا فخر کے ساتھ گنانے لگتے ہیں جب دنیا میں اور کسی حوصلے کو پورا کرنے کا موقع نہیں رہتا۔ ان لوگوں کا سہارا یونیورسٹیوں اور کالجوں کے قاعدے قانون ہوتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ یہ پردہ اٹھ گیا تو ان کے سارے عیب نظروں کے سامنے آ جائیں گے، اسی وجہ سے وہ ادب اور تمیز داری اور ڈسپلن کے گن گایا کرتے ہیں۔ اپنے شاگردوں سے ڈرتے ہیں اور اس ڈر کے سبب یا تو ہر وقت ان کی تیوریاں چڑھی رہتی ہیں یا وہ نوجوانوں کو ہنسانے اور خوش رکھنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ ان استادوں کے لئے نوجوانوں کا شرارت

یا ضد کرنا گویا یاجوج ماجوج کا اس دیوار کو جو انھیں روکے ہی توڑ کر باہر نکل آنا ہے، کہ جس کے بعد دنیا میں کسی کو کہیں بھی پناہ نہ ملے گی۔

یہ تو اچھے بُرے اُستادوں کی ایک قسم ہے۔ دوسری قسم خاص ہمارے زمانہ میں یعنی پچھلے بیس برس کے اندر پیدا ہوئی ہے۔ یہ لوگ پڑھانا جانتے بھی ہوں تو پڑھاتے نہیں، اس لئے کہ انھیں اپنے خیالات کے سوا اور سب کے خیالات غلط معلوم ہوتے ہیں۔ ان کے ہاتھ میں ہر وقت ایک کدالی رہتی ہے اور جو کچھ انھیں اپنی سطح سے اونچا نظر آتا ہے اسے وہ چاہتے ہیں کہ کھود کر پھینک دیں۔ اسی کو یہ لوگ انقلاب کی تعلیم کہتے ہیں اور اسی کو پھیلانے میں وہ لگے رہتے ہیں۔ انھیں اس کی تو شکایت نہیں ہوتی کہ طالب علم ان کا ادب نہیں کرتے یا قاعدے قانون کی پابندی نہیں کرتے۔ انھیں شکایت اس کی ہوتی ہے کہ یونیورسٹی یا کالج پر اور لوگ بھی ہیں جو عمر یا گریڈ میں ان سے بڑھے ہیں اور تنخواہ زیادہ پاتے ہیں جو پڑھائی کے بہانے سے پرانی اور غلط باتوں کو دہراتے ہیں اور طالب علموں کو یہ نہیں بتاتے کہ پرانی زندگی تباہ برباد کیسے کی جاسکتی ہے اور فساد کیسے پھیلایا جاسکتا ہے۔ ان استادوں میں سے شاید کوئی ابھی بوڑھا نہیں ہوا ہے۔ اس لئے میں یہ نہیں بتا سکتا کہ اس قسم کے لوگوں کا انجام کیا ہوتا ہے۔ یہ البتہ دیکھنے میں آیا ہے کہ یہ لوگ اپنی روٹی ہی نہیں بلکہ نوکری اور ترقی کا اتنا ہی فکر رکھتے ہیں جتنا کہ پرانے ڈھرے پر چلنے والے، اور اس کے علاوہ انھیں مکان، لباس اور ہر طرح کے آرام و آسائش کے نئے طریقوں اور فیشنوں کے بارے میں سب کچھ معلوم رہتا ہے اور سب کچھ حاصل کرنے کی خواہش بھی رہتی ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ دنیا کی ہر نعمت دنیا کے ہر آدمی کو نصیب ہو، لیکن یہ آرزو ان کے جیتے جی پوری ہوتی نظر نہیں آتی، اس لئے وہ کوشش کرتے ہیں کہ کم از کم ان کا حصہ انھیں مل جائے۔ اگر وہ مل گیا تو ان کا اطمینان، اور اگر نہ ملا تو ان کا کڑھنا اور جلنا اور زہر اگلنا دیکھنے کے قابل ہوتا ہے۔

خود ایک استاد ہوتے ہوئے میں نے آپ کے سامنے استادوں کی تمام برائیاں بیان کردی ہیں اور بات صاف کرنے کے لئے میں یہ بھی کہہ دیتا ہوں کہ آج کل کے استادوں کے بہتیرے عیب مجھ میں بھی ہیں۔ لیکن میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ اپنے پرائے عیب بیان کرکے آپ کو خوش کروں، آپکے دل میں یہ خیال ڈال دوں کہ جو کچھ خرابیاں ہیں وہ استادوں میں اور تعلیم کے طریقے میں ہیں۔ اور اگر ہم اپنی حالت بہتر کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں انھیں خرابیوں کو دور کرنا چاہیئے۔ بے شک ہم اس قابل نہیں ہیں کہ آپ کو نصیحت کریں۔ ہم آپ سے کیسے کہہ سکتے ہیں کہ محنت کیجئے جب آپ جانتے ہیں کہ ہمارا اپنا وقت زیادہ تر بیکاری میں گذرتا ہے۔ ہم آپ سے کیا کہیں کہ شوق اور لگن پیدا کیجئے جب آپ دیکھتے ہیں کہ ہم خود کرائے پر کام کرتے ہیں اور ذرا ذرا سے کام کی اجرت وصول کرتے ہیں۔ ہم آپ سے کس منہ سے کہیں کہ آپ کی زندگی کا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ اچھے اور سچے آدمی بنیں، نہ یہ کہ دولت پیدا کریں اور چین سے رہیں جب ہم جانتے ہیں کہ دوسروں کی دولت ہم کو للچاتی رہتی ہے اور ہم اپنے آپ کو اتنا ہی بڑا یا چھوٹا سمجھتے ہیں جتنی کہ ہماری تنخواہ ہو۔ یہ سب ٹھیک ہے، اس قدر ٹھیک کہ اگر آپ ہمیں نصیحت کرنے اور ہدایت دینے کے لائق نہ مانیں تو کچھ بے جا نہ ہوگا۔ لیکن ہمارا آپ کا رشتہ ایسا ہے کہ ہم خاموش ہوگئے تو آپ کے کان بیکار ہوجائیں گے

ہماری باتیں آپ کو سننے اور غور کرنے کو نہ ملیں تو آپ کی سمجھ ننھی رہ جائے گی اور عقل بھٹکتے بھٹکتے پورا شیطان بن جائے گی اور یہ بھی آپ شاید مان لیں گے کہ ہندوستان کے استادوں کو قدرت نے برا نہیں پیدا کیا تھا، ہماری زندگی اور حالات نے انھیں بگاڑ دیا ہے۔ جسے آپ آج عیب کہتے ہیں وہ کل تک ہنر تھا اور استادوں کا قصور سچ پوچھئے تو بس اتنا ہی ہے کہ وہ آپ کے خیالات اور نوکریوں کی کمی کو دیکھ کر جتنی جلدی کہ چاہیے تھا اپنی صورت اور طبیعت کو بدل نہیں سکے۔ ہم دونوں کے لئے بہتر ہے کہ جب موقع ملے آزادی، مذہب، انسانیت کے جو تین بڑے اور ہمیشہ قائم رہنے والے مقصد ہیں ان پر غور کر لیا کریں، اور جو کچھ ہمیں دور اور دھندلا دکھائی دیتا ہے اسے قریب اور صاف صاف دیکھنے کی کوشش کریں۔

آزادی کا خیال ہر تندرست نوجوان کے دل میں رہتا ہے اور سب سے پہلے زبان پر آتا ہے۔ اس کی یہی صورت کہ آدمی جو چاہے کرے، نوجوان کو سب سے زیادہ لبھاتی ہے لیکن اگر وہ لبھانے میں کامیاب ہوئی تو ہر طرف بربادی پھیلاتی ہے۔ ہم نوجوانوں کو جو وہ چاہیں اسے کرنے کی آزادی نہیں دے سکتے جیسے ہم اپنے دریاؤں کو جدھر وہ چاہیں بہ نکلنے کی آزادی نہیں دے سکتے۔ دونوں بے مصرف ہو جاتے ہیں اگر وہ کسی ایک رستے پر نہ لگائے گئے۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا بالکل غلط ہوگا کہ نوجوانوں کو قاعدے قانون کی زنجیروں میں جکڑ دینا چاہیئے، جیسے مجرم یا پاگل جکڑے جاتے ہیں، اور دراصل وہ لوگ جو نوجوانوں کیلئے یہ سزا تجویز کرتے رہتے ہیں خود اس لائق ہیں کہ انھیں قید کر دیا جائے اس لئے کہ ان سے بڑھ کر آدمیت کا کوئی دشمن نہیں۔ آزادی سے ڈرنے کے بجائے ہمیں چاہیئے کہ شروع سے بچوں کی پرورش آزادی کے خیال پر کریں، اور تعلیم کو ختم اسی وقت سمجھیں جب آزادی کا یہ خیال نوجوانوں کی طبیعت میں سرایت کر جائے اور اس کے عمل میں پھول کی طرح کھل کھل کر اپنا جوبن دکھائے۔

لیکن یہ آزادی بڑی مشکل سے ہاتھ آنے والی دولت ہے۔ آپ لوگوں کو کوتہ اندیش لیڈروں اور ایک ڈرپوک حکومت کی اندھا دھندی نے اس خیال میں ڈال دیا ہے کہ آزادی کو سیاسی جلسوں میں شریک ہونے اور تقریریں کرنے، کسی کی جے پکارنے یا تصویر لٹکانے سے کچھ تعلق ہے۔ آپ اس دھوکے میں نہ پڑئے، یہ آزادی چیز ہی اور ہے، اس کی صورتیں اور ہیں۔ وقت کی پابندی، وعدے کی پابندی، ہر کام کو اسی وقت پورا سمجھنا جب آپ ایمانداری سے کہہ سکتے ہوں کہ اس سے بہتر کر سکنا آپ کے بس میں نہیں، یہ آزادی کے رستے پر پہلے قدم ہیں اور اس کی پہلی آزمائشوں میں وہی پورا اتر سکتا ہے جو اپنے اوپر سختیاں کر سکے اور کام کی خاطر خون پسینہ ایک کرنا جانتا ہو۔ اس پہلی منزل سے گذر کر آپ دیکھیں گے تو آپ کو پھر آزادی کی دو صورتیں نظر آئیں گی، ایک آزاد مردوں کی آزادی اور دوسری غلاموں کی آزادی۔

غلاموں کی آزادی بات تو عجیب معلوم ہوتی ہے مگر یہ ہے موجود اور جدھر آنکھ اٹھائیے یہ اپنی کریہہ صورت لئے ہوئے یا سچی آزادی کا بھیس بنائے کھڑی دکھائی دے گی۔ اس کی ایک مثال آپ کے یہاں کے سرکاری ملازموں کی آزادی ہے، جو بڑے سے دبتی اور چھوٹے کو دباتی ہے، خدمت کے فرض کو حکومت کا اختیار سمجھتی ہے۔ اسی آزادی کی دوسری مثال آپ کو

یورپ کے بعض ملکوں میں دکھائی دیتی ہے کہ جہاں خیالات اور عقیدے، دلچسپیاں اور شوق سب سرکاری یا اشتہاری ہوتے ہیں، آدمی کے اپنے اندر کچھ نہیں ہوتا، وہ جو کچھ کرتا ہے اور جو کچھ چاہتا ہے وہ اس لئے کہ سب وہی کرتے ہیں یا چاہتے ہیں، سماجیں جانوروں کا غول بن گئی ہیں جنھیں حکومت جدھر چاہتی ہے ہانک کرلے جاتی ہے اور آزادی سے مطلب صرف یہ لیا جاتا ہے کہ اپنے اوپر کسی غیر قوم کی حکومت نہ ہو، اور اپنی طاقت اتنی ہو کہ دوسرے کمزور سمجھ کر کوئی حق نہ مار سکیں۔ غلاموں کی اس آزادی کی دونوں قسموں کو آپ حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن پہلے یہ سوچ لیجئے کہ یہ ایسی چیز بھی ہے کہ جسے حاصل کیا جائے۔

آزاد مردوں کی آزادی خدمت کی آزادی ہے۔ لیکن کیسی خدمت؟ وہ خدمت نہیں جو ڈھیروں روپئے میں سے تھوڑا سا چندے میں دے کر کی جاتی ہے، وہ دیس کی سیوا نہیں جو کمیٹیوں میں اور جلسوں میں شریک ہو کر کی جاتی ہو، وہ بھی نہیں جو لاٹھیاں کھانے اور جیلخانے جانے سے کی جاتی ہے۔ ہمارے یہاں لوگ یہ سب کچھ کر چکے ہیں اور اب حساب لگائیے تو ملک کو، جتنا سمجھا جاتا تھا اس سے بہت کم فائدہ ہوا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ہم نے یہ فرض کر لیا ہے کہ ہر شخص سب سے پہلے اپنی بھلائی کی فکر کرنے کا حق رکھتا ہے اور اگر اس نے اپنی بھلائی کے ساتھ دیس کی بھلائی کے لئے بھی کچھ کر دیا تو یہ سیوا ہے لیکن سیوا یا خدمت احسان نہیں ہے، لگن ہے، کام نہیں ہے کام کرنے اور کرانے والی طاقت ہے، اس میں اپنے آپ کو یاد رکھنا ہے جو اپنے آپ کو بھول جائے۔ بنتا وہی ہے جو مٹ جائے۔ بنتا اس لئے ہے کہ سیوا کی لگن آدمی کے ذہن کو اس کی ہر صلاحیت اور استعداد کو ابھارتی ہے وہ آدمی کو اس طرح آزماتی اور اپنے سانچے میں اس طرح ڈھالتی ہے کہ جب وہ اس منزل سے گذر جاتا ہے تو اسے وہ علم، وہ صبر، وہ یقین نصیب ہوتا ہے کہ جسے کوئی موکش کہتا ہے اور کوئی نجات، مگر جس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ آدمی کی صورت رکھنے والا مٹی کا پتلا انسان بن گیا، پتھر سے ہیرا بنا، پانی کی بوند سے موتی بن گیا۔

خدمت کی لگن پیدا جبھی ہو سکتی ہے جب آدمی کو یقین دلایا جا سکے کہ لالچ اور حسد کی آگ میں جلنے سے خوف اور امید کی چکی میں پسنے سے کچھ حاصل نہیں، اور اس کے سامنے شخصی اور سماجی زندگی کا ایک مقصد پیش کیا جا سکے کہ جس کے مقابلہ میں دنیا کی ہر نعمت ہیچ نظر آئے، جس میں شراب کا نشہ ہو اور حسن کی کشش، دن کا سا اجالا اور چہل پہل، رات کا سا سکون، ایسا مقصد کہ جس میں آدمی ڈوب جائے اور سمجھے کہ میں غوطہ لگا کر اس جھوٹی، دھوکے کی دنیا سے ایک سچی دنیا میں پہنچ گیا ہوں جہاں کی ہر چیز اصل میں وہی ہے جو کہ دیکھنے میں، ہر چیز قابل اعتبار ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والی۔ اب تک تو مذہب ہی آدمی کے دل میں اپنے آپ کو پہچاننے اور ایک سچی دنیا میں سچی زندگی بسر کرنے کی تڑپ پیدا کر سکا ہے، اور اس وقت بھی آپ آنکھیں کھول کر دیکھئے تو مذہب ہی خدمت کی لگن پیدا کر سکتا ہے۔ یعنی اگر آپ آزاد مردوں کی آزادی تلاش کرنا چاہتے ہیں تو ایمان کا چراغ ہاتھ میں اور خدمت کا شوق دل میں لے کر نکلئے، ورنہ اس اندھیری رات میں آپ نہ جانے کہاں کہاں بھٹکتے پھریں گے۔

افسوس ہے کہ ہمارے یہاں اگر سیوا بہت چھوٹی معمولی سی چیز ہو گئی ہے تو مذہب کی تو مٹی پلید ہوئی ہے۔ اب تعلیم یافتہ لوگوں میں مذہب کا نام لیجئے تو ہزار طرح کی ناگوار پابندیاں اور بری رسمیں نیک اور مفید کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے والے متعصب ہندو

مسلمانوں کے جھگڑے سب ایک ساتھ یاد آجاتے ہیں، اور جو لوگ ان تمام باتوں سے اثر نہیں لیتے وہ سمجھتے ہیں کہ سائنس نے اتنی ترقی کرلی ہے کہ اب مذہب کی ضرورت ہی نہیں، اس لئے کہ اب کوئی عقیدہ سچا ہو ہی نہیں سکتا، اور اگر ہم نے علم کی عینک لگائی تو ہماری آنکھوں کی روشنی ضائع ہو جائے گی۔ یہ سب کچھ ہے لیکن اس کے باوجود میں اس بحث کو چھیڑنے پر مجبور ہوں، اس لئے کہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں جو دشواریاں اپنی زندگی میں دکھائی دیتی ہیں ان کا سبب یہ نہیں ہے کہ ہم مختلف مذہبوں کو مانتے ہیں بلکہ یہ کہ ہم کسی مذہب کو مانتے ہی نہیں، ہم میں یقین اور ایمان کا مادہ ہی نہیں رہا۔ ہم ایسے کھوٹے ہوگئے ہیں کہ چلتے رہتے ہیں اور کھرے نہیں ہوتے۔ یہ میں پہلے ہی تسلیم کئے لیتا ہوں کہ ہمارے رسم و رواج میں بہت سی باتیں ہیں جنھیں دور کئے بغیر ہماری زندگی سدھر نہیں سکتی، یہ بھی مان لوں گا کہ ہمارے ملک میں ہندوؤں اور مسلمانوں کی دو مذہبی جماعتیں ہیں جن میں اکثر جھگڑے ہوا کرتے ہیں، اور سائنس کی ترقی تو ایسی ہے کہ اس سے کوئی انکار کرے تو اندھا، لیکن یہ بھی یاد رکھئے کہ ایسا آدمی اب تک پیدا نہیں ہوا ہے کہ جس کے بدن پر میل نہ جمتا ہو، ایسی کوئی زمین نہیں بنی ہے کہ جو تیل اور صفائی کے بغیر چلتی رہے اور اس میں زنگ نہ لگے۔ سدھار کی خواہش میں مذہب کو مٹانا ویسی ہی عقلمندی ہے جیسے میل کی نفرت میں آدمی کو مار ڈالنا، یا پرزوں کی چوں چوں سے گھبرا کر مشین کو توڑ ڈالنا۔ اگر آپ کو یہ اندیشہ ہو کہ مذہب آپ کے ملک میں فساد پھیلاتا ہے اور مذہب نہ ہوتا تو فساد نہ ہوتا تو یہ سوچئے کہ یورپ کی جنگ عظیم کس مذہب کی خاطر ہوئی تھی، اس وقت کونسا مذہب ہسپانیہ اور چین میں شہروں پر گولے برسا رہا ہے، اور جرمن یہودیوں کو کس مذہب نے برباد کرایا، اور ہاں سائنس کا نام لیا جائے تو اس کا خیال رکھئے کہ سائنس خود ان نادانی کی باتوں پر شرمندہ ہے جو وہ اپنے لڑکپن میں کرتی تھی، اور اب وہ عقیدے اور مذہب سے دوستی کرنے کی راہیں تلاش کر رہی ہے۔ علم کی عدالت مذہب اور سائنس کے درمیان سمجھوتہ کرا چکی ہے، اور آپ مذہب کے مخالف بن کر سائنس کو خوش نہ کریں گے۔

میں نے عرض کیا تھا کہ خدمت کی لگن مذہب ہی پیدا کر سکتا ہے، اور اسی وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں مذہب کو مضبوط پکڑنا چاہیے۔ انسان اپنی چھوٹی خواہشوں میں پھنسا رہتا ہے جب تک کہ اسے کوئی بڑی خواہش اس پھندے سے نہ چھڑائے، وہ خود پرستی کرتا ہے جب تک کہ اسے خدا پرستی کی توفیق نہ ہو، اپنے آپ کو پوجتا ہے اگر ایشور نہ ملے۔ مذہب ہی انسان کو اس کی ذات، اپنی غرض سے ایک بہت بڑھی ہوئی ذات اور غرض کا پتہ دیتا ہے۔ مذہب ہی انسان کا سر جھکاتا اور گھمنڈ کو مارتا ہے اور اسی کی خاطر لوگ وہ رواداری برتنے پر تیار ہوتے ہیں جو فساد کے کھلے دروازے کو بند کر سکتی ہے۔ مذہب ہی ہمیں اپنے بزرگوں کا وہ احترام اور ادب سکھاتا ہے جو ہماری زندگی کا تاریخ سے رشتہ جوڑتا ہے اور جس کے بغیر ہم دیکھنے میں چاہے آدمی رہیں دل میں بندر ہو جاتے ہیں اور رہیں نہیں۔ مذہب ہی افراد، یعنی الگ الگ آدمیوں کی اپنی اپنی زندگی کے لئے تمام قاعدے بناتا ہے، اور جیسے دریا کے کنارے پانی کو ادھر ادھر بہ جانے سے روکتے ہیں، مذہب زندگی کو انتشار سے بچاتا ہے۔ اور دوسری طرف آپ پوری انسانی برادری کو دیکھئے تو مذہب کی طاقت ہے جو اگر ٹھیک طرح سے کام میں لائی جائے تو دلوں کو

مل سکتی ہے، اور زبان، تہذیب، تاریخ اور قومیت جو بیگانگی یا عداوت پیدا کرتی ہے اس پر غالب آسکتی ہے۔

شاید آپ میرا مطلب بہتر سمجھیں گے اگر آپ مجھے اجازت دیں کہ مذہب اور انسانیت کو سامنے رکھ کر ہندوستانی زندگی پر ایک نظر ڈالوں، اور پھر یہ بتاؤں کہ ہم خدمت کا حق ادا کرنا چاہیں تو ہمیں کیا کرنا ہوگا۔

میرے خیال میں آپ کو اس سے اختلاف نہ ہوگا کہ ہماری موجودہ زندگی کی سب سے زیادہ ناگوار خصوصیت ہمارا تعصب ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ یہ تعصب مذہب نے پیدا کیا ہے اور بے شک مذہب ایک طرح کا تعصب پھیلاتا بھی ہے۔ یعنی ہر مذہب کے ماننے والے یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا مذہب سچا اور سب سے اچھا ہے انھیں قدرتی طور پر خواہش ہوتی ہے کہ اس کے گن گائیں اور اس کا پرچار کریں اور اس سلسلے میں وہ دوسرے مذہبوں پر اعتراض بھی کرتے ہیں۔ لیکن اس طرح کا تعصب لازمی ہے، اور اگر ہم مذہب پر گفتگو کرتے ہوئے وہ معمولی شائستگی برتیں جو تہذیب ہمیں سکھاتی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اپنے مذہب کے صحیح اور سچے ہونے کا خیال جو ہمارے اپنے اطمینان کے لئے ضروری ہے، دوسروں کو دکھ پہنچائے، دراصل میں آپ اس وقت کے تعصب کو دیکھئے تو اس کا مذہب سے بس نام کا رشتہ ہے اس تعصب کو پھیلایا ہے غلامی نے اور سرکاری دفتروں اور ملازموں نے، اس طرح کہ غلامی میں ہمیں اپنے آپ پر اور اپنے دھرم ایمان پر اعتبار نہیں رہا، اور ہم سمجھنے لگے کہ ہم غیر مذہب والوں سے نفرت نہ کریں گے تو ہمارا مذہب مٹ جائے گا۔ ہماری حکومت نے اپنے ملازموں اور دفتروں اور اسکولوں کے ذریعے غلامی کے اس وہم کو پھیلایا، اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہماری زبان، ہماری تہذیب، ہماری تاریخ یعنی ہماری قوم کے دو ٹکڑے ہوگئے، جن کا جوڑ ہم اس طرح بھی نہیں بٹھا سکتے کہ وہ ایک قوم کے دو ٹکڑے معلوم ہوں، دو الگ الگ قومیں نہ معلوم ہوں۔ اس وقت آپ چاہتے ہیں کہ تعصب کے روگ کو دور کریں تو مذہب کا سہارا لیجئے اور ان عداوتوں اور مخالفتوں اور کمزوریوں کو جو مذہب کی اوٹ کے پیچھے چھپی ہیں سامنے لے آیئے تاکہ لوگ انھیں پہچان لیں اور ان سے پھر دھوکا نہ کھائیں۔ ہم میں بھائی چارے کی کوئی صورت پیدا نہیں ہوسکتی جب تک کہ ہم ایک دوسرے کی زندگی کا، عقیدوں کا اور تہذیبی شخصیت کا دل سے ادب نہ کریں، جب تک ہم تعصب کی جگہ خدمت کے میدان میں مقابلہ نہ کریں اور ایک دوسرے سے بازی لیجانے کی کوشش نہ کریں ہم میں بہت سے اختلافات صرف اس سبب سے پیدا ہوگئے ہیں کہ وہ لوگ جو ہم کو ایک قوم بنانا چاہتے ہیں بڑے بے صبر، تنگ نظر چھوٹے دل کے آدمی ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ جب تک ہم ایک زبان نہ بولیں، ایک خیال نہ ہوں، ایک لباس نہ پہنیں ہم میں اتحاد نہیں ہوسکتا، اور چونکہ وہ مذہب اور انسانیت کی قدر نہیں کرسکتے وہ اتحاد کو زبردستی پیدا کرنا چاہتے ہیں اور اس کی ایسی تدبیریں سوچتے ہیں کہ جس سے عداوتیں بڑھتی ہیں کوئی کہتا ہے ہندوستان ہندوؤں کا ملک ہے جس کی زبان ہندی، دھرم ہندو اور پہناوا دھوتی ہونا چاہیے، کوئی کہتا ہے کہ ہندوستان کو مسلمانوں نے فتح کیا اور اس کی زندگی میں ہر جگہ اس فتح کے نشان لگے ہوئے ہونا چاہیے۔ کوئی کہتا ہے کہ یہ ملک نہ ہندو کا ہے نہ مسلمان کا، بلکہ مزدور اور کسان کا، جس کا دھرم روٹی ہے اور سورگ بھرا پیٹ، دیس کی سیوا کرنے کو سبھی کہتے ہیں، لیکن آپ کبھی کسی کو ایک گال پر طمانچہ مار کر اور دوسرے کو سہلا کر خوش کرسکے ہوں تو اس ڈھنگ کی سیوا کیجئے۔

مجھے تو اندیشہ ہے کہ ایسی سیوا سے زبان مذاق اور خیالات کا اختلاف اس قدر بڑھ جائے گا کہ پھر ایک دوسرے کو فنا کر دینے کے سوا ہمیں نجات کی کوئی ترکیب نہ سوجھے گی لیکن اگر آپ ملک کو آزاد کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے اپنے مذہب کا ادب کرنا سیکھئے اور ان تمام چیزوں کی عزت کیجئے جن کی عزت کرنا مذہب سکھاتا ہے' آدمی کی سچائی کی' ایمانداری کی' حوصلے کی اور عقیدے کی کسی کی پیروی کیجئے تو سوچ سمجھ کر اور خلوص کے ساتھ اور کسی کی مخالفت کیجئے تو اس طرح کہ اس کی آدمیت کو ٹھیس نہ لگے۔ جہاں تک ہوسکے کسی ایسی چیز کی ہنسی نہ اڑائیے جس کا دوسرے ادب کرتے ہوں' آپ کو کچھ پسند آئے تو اسے لے نہ اڑیے جیسے کہ آج کل کے نوجوانوں کو سوشلزم کی تعلیم کو بلکہ اسے دل میں رکھ کر آہستہ آہستہ گھلائیے' تاکہ وہ آپ کے خون میں مل جائے۔ آپ ایسا کرئیے تو وہ افسوسناک صورت پیدا نہ ہوگی جو آج کل بہت دیکھنے میں آتی ہے کہ سر میں کمیونزم کا سودا ہوتا ہے اور دل میں روپیہ کما کر ٹھاٹ کرنے کی امید۔ آپ کی محنت ٹھکانے لگے گی اور اکثر حوصلے پورے بھی ہو جائیں گے اگر آپ جوانی کے زمانہ میں آزادی اور آزاد خیالی کو معیار نہ بنائیے بلکہ اپنے جسم اور طبیعت اور ذہن کو ان طریقوں کے مطابق تربیت دیجئے اور قابو میں کیجئے جو مذہب نے بتائے ہیں' بڑھے آدمیوں اور پرانی باتوں کو اپنا دشمن نہ جانئے بلکہ بری عادت' ارادے کی کمزوری اور اوچھے شوق کو آپ نے جوانی کے زمانہ میں کاٹ چھانٹ کر لی تو آپ کی شخصیت کا پودا بہت بڑھے گا اور اس کے پھول اور پھل دیکھنے کے قابل ہوں گے۔

اب رہا خدمت کا سوال کہ یہ کس طرح کیجائے' سو یہ دوسرے کے بتانے کی بات نہیں' آپ کے خود کرنے کی ہے۔ آج کل بہت سے نوجوان تعلیم ختم کر کے خدمت کا ارادہ کرتے ہیں' مگر اس میں انھیں ویسی ہی ناکامیابی ہوتی ہے جیسی کہ نوکری تلاش کرنے میں۔ اور یہ لازمی بھی ہے' اس لئے کہ وہ دل میں یہ سوچ کر خدمت کرنے کو نکلتے ہیں کہ چلو اپنے لئے کچھ نہیں کر سکتے تو قوم ہی کا بھلا کر دیں حالانکہ خدمت کے لئے نوکری سے کہیں زیادہ تیاری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے' اور اسے انجام وہی دے سکتا ہے جو اس میں اپنی جان کھپا دے۔

ہمارے یہاں بڑی غلط فہمی اس سبب سے پیدا ہوتی ہے کہ لوگ نوکری یا کام کاج کو ایک چیز سمجھتے ہیں اور خدمت کو ایک بالکل الگ چیز یعنی خدمت اسی کا حصہ سمجھا جاتا ہے جو نوکری یا پیشے یا کاروبار میں نہ لگا ہو۔ یہ بات بالکل الٹی ہے' اور میں کیا بتاؤں کہ بات کے اس پھیر نے ہم لوگوں کو کتنا نقصان پہنچایا ہے اس نے ملازمت اور پیشے اور کاروبار کو بدنام کیا ہے' اور انھیں لوگوں کو جن پر خدمت کرنا فرض تھا ہر ذمہ داری سے بری کر دیا۔ ہم اگر خدمت کا ارادہ کریں تو ہمیں یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ ہم اپنا پیٹ پالنے کی کوئی تدبیر نہیں کر سکتے' بلکہ ہمیں جو ملازمت ملے یا ہم جو پیشہ اختیار کریں اسی کو خدمت کا ذریعہ بنانا چاہیئے۔ خدمت کرنا سب کا فرض مانا جائے' اور ہر ایک اپنے عہدے کے مطابق اس فرض کو انجام دے تو ہماری زندگی کی صورت دیکھتے دیکھتے بدل جائے گی' کام وہی رہیں گے' نیت بدل جائے گی' آدمی وہی رہیں گے دل بدل جائیں گے' اور جہاں آپ آج بدتمیزی' بے پروائی' بے ایمانی' سازش اور دغا بازی کا بازار گرم دیکھتے ہیں وہاں ادب' پھرتی' دیانت' شوق' اور خدمت کی رونق دیکھیں گے یہ کایا پلٹ کر دینا آپ کے اختیار میں ہے' اور اس کیلئے نئی دنیا بنانے کی نہیں صرف بہتر آدمی بننے کی ضرورت ہے۔

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ نومبر ۱۹۳۸ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۷۵۷۱	محمد رشید خانصاحب بی اے دہلی	۵	۷۵۷۵	ظہیر الٰہی صاحب نئی دہلی	۹	۷۵۷۹	مشتاق احمد زاہدی صاحب دہلی
۲	۷۵۷۲	سید سعید اختر صاحب جمشید پور	۶	۷۵۷۶	منظور احمد خاں صاحب بنارس	۱۰	۷۵۸۰	حکیم حامد میاں صاحب "
۳	۷۵۷۳	علی اکبر صاحب صدیقی چندوسی	۷	۷۵۷۷	محمد ضمیر خاں صاحب "	۱۱	۷۵۸۱	سراج الدین صاحب پراچہ لاہور
۴	۷۵۷۴	سید حسن صاحب دہلی	۸	۷۵۷۸	محمد حمایت الحسین صاحب "			———

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو ماہ نومبر ۱۹۳۸ء میں ہمیں اپنے مہتممین اور سفرا کی معرفت وصول ہوئیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیے کہ مہینہ کے آخری دنوں کی وصولیابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینہ میں محسوب ہوتی ہے اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں درج نہ ہوں تو انھیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیے۔ (مرتب)

نومبر ۱۹۳۸ء

دہلی و نئی دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۱۵۵	محمد رشید خاں صاحب دہلی	عہ	۲	۱۶۱	شاہد علی اینڈ برادرس دہلی	صر	۳	۱۶۹	نظیر الحسن صاحب نئی دہلی	عر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۴	۱۷۰	محمد ادریس صاحب دہلی	ے/	۲۸	۱۵۲۶ سی	محمد عارف صاحب	عہ/	۵۲	۱۵۵۰ اے ای	ریاض الحسن صاحب	عگ/
۵	۲۲۲	حافظ مشتاق احمد صاحب ″	ے/	۲۹	۱۵۲۷ ″	خواجہ سرور حسن صاحب	عہ/	۵۳	۱۶۰۱ ″	حکیم محمد ظہیر علی صاحب	عہ/
۶	۲۲۸	ظہور الٰہی صاحب نئی دہلی	عہ/	۳۰	۱۵۲۸ ″	ملک آفتاب احمد صاحب	عہ/	۵۴	۱۶۰۲ ″	حکیم حامد میاں صاحب	۲/
۷	۲۳۹	خواجہ محمد عبد المجید صاحب دہلی	ے/	۳۱	۱۵۲۹ ″	الیس محمد یوسف صاحب	عہ/	۵۵	۱۶۰۳ ″	منشی حشمت اللہ صاحب	عہ/
۸	۵۰۵ اے سی	عبد الحق صاحب ″	صہ/	۳۲	۱۵۳۰ ″	بیگم محمد یعقوب صاحب	عہ/	۵۶	۱۶۰۴ ″	منشی بشیر بیگ صاحب	۲/
۹	۱۵۰۶ ″	حاجی عبد الرحمن صاحب ″	[illegible]	۳۳	۱۵۳۱	غلام نبی صاحب	عگ/	۵۷	۱۶۰۵ ″	پیر کرار حسین صاحب	عہ/
۱۰	۱۵۰۷ ″	حکیم عزیز الرحمن صاحب ″	۴/	۳۴	۱۵۳۲ ″	سید غلام حسنین صاحب نئی دہلی	عگ/	۵۸	۱۶۰۶ ″	حکیم احمد حسن صاحب	۲/
۱۱	۱۵۰۸ ″	ممتاز الدین صاحب ″	عہ/	۳۵	۱۵۳۳ ″	اے حکیم بٹ صاحب ″	عہ/	۵۹	۱۶۰۷ ″	سید محمد شفیع صاحب	۲/
۱۲	۱۵۰۹ ″	حاجی عبد الحمید محمد الیاس صاحبان	۴/	۳۶	۱۵۳۴ ″	رفیق احمد صاحب	۴/	۶۰	۱۶۰۸ ″	سید سلیم الدین صاحب	۴/
۱۳	۱۵۱۰ ″	الیس مولا بخش صاحب	عہ/	۳۷	۱۵۳۵ ″	سید نصیر الدین صاحب	عہ/	۶۱	۱۶۰۹ ″	آمنہ بیگم صاحبہ	عہ/
۱۴	۱۵۱۱ ″	عبد الغفار صاحب	عہ/	۳۸	۱۵۳۶ ″	محمد زبیر صاحب قریشی	عہ۸/	۶۲	۱۶۱۰ ″	سید محمد صاحب	عہ/
۱۵	۱۵۱۲ ″	حکیم حاجی عبد الحمید خانصاحب	صہ/	۳۹	۱۵۳۰ ″	ڈاکٹر محمد شریف صاحب	۸/	۶۳	۱۶۱۱ ″	حافظ سراج الدین صاحب	۴/
۱۶	۱۵۱۳ ″	مولنا محبوب الٰہی صاحب	عہ/	۴۰	۱۵۳۸ ″	مولانا اصغر علی صاحب	۴/	۶۴	۱۶۱۲ ″	سعید الرحمن صاحب	۴/
۱۷	۱۵۱۴ ″	احسن حامد علی خاں صاحب	۸/	۴۱	۱۵۳۹ ″	بشیر احمد صاحب	۲/	۶۵	۱۶۱۳ ″	عبد اللطیف صاحب قریشی	عہ/
۱۸	۱۵۱۵ ″	محمد علی صاحب	۸/	۴۲	۱۵۴۰ ″	عبد الرزاق صاحب	ے/	۶۶	۱۶۱۴ ″	مرزا سلیمان صاحب جوہری	عگ/
۱۹	۱۵۱۶ ″	سید شمس الدین صاحب	ے/	۴۳	۱۵۴۱ ″	مولوی محمد احمد صاحب	عہ/	۶۷	۱۶۱۵ ″	حکیم شریف الدین صاحب	۴/
۲۰	۱۵۱۷ ″	میر عزیز الدین صاحب	عہ/	۴۴	۱۵۴۲ ″	احمد اسلام خاں صاحب	عہ/	۶۸	۱۶۱۶ ″	قمر الدین صاحب	عہ/
۲۱	۱۵۱۸ ″	سید محمد اختر صاحب	۴/	۴۵	۱۵۴۳ ″	خان بہادر محمد سلیمان صاحب	صہ/	۶۹	۱۶۱۷ ″	حاجی عباد اللہ خانصاحب	عگ/
۲۲	۱۵۱۹ ″	محمد شفیع صاحب	۸/	۴۶	۱۵۴۴ ″	فطری خاں صاحب	۴/	۷۰	۱۶۱۸ ″	منشی حفیظ احمد صاحب	۴/
۲۳	۱۵۲۰ ″	عبد اللطیف خاں صاحب	صہ/	۴۷	۱۵۴۵ ″	ڈی ایم ملک صاحب	عہ/	۷۱	۱۶۱۹ ″	رحمت اللہ خاں صاحب	۴/
۲۴	۱۵۲۱ ″	سید حفیظ الدین صاحب	ے/	۴۸	۱۵۴۶ ″	زاہد حسین صاحب	صہ/	۷۲	۱۶۲۰ ″	حافظ عبد الحق سراج الحق صاحبان	عہ۸/
۲۵	۱۵۲۲ ″	آغا محمد امین صاحب	سہ/	۴۹	۱۵۴۷ ″	مقصود حسن صاحب	عہ/	۷۳	۱۶۲۱ ″	بیگم عبد المتین صاحب	للعہ/
۲۶	۱۵۲۳ ″	حاجی نور الدین صاحب	۴/	۵۰	۱۵۴۸ ″	بشیر مرزا صاحب	عہ/	۷۴	۱۶۲۲ ″	محمد ابراہیم صاحب	۴/
۲۷	۱۵۲۴ ″	غفران الدین صاحب	۴	۵۱	۱۵۴۹ ″	محمد صدیق محمد عمر صاحبان	عہ/	۷۵	۱۶۲۳ ″	محمد سلیم خاں صاحب	۴/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی صاحب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۷۶	۱۲۲۴ سی	مسز ایم پی صابری صاحبہ	۴/	۱۰۰	۱۷۴۹ سی	حاجی عبدالغنی فضل الٰہی صاحبان	تا/	۱۲۴	۱۷۷۳ سی	دریا خاں صاحب	عہ/
۷۷	۱۲۲۵ "	منشی شمس الدین صاحب	۴/	۱۰۱	۱۷۵۰ "	وسیدالدین احمد صاحب	ے/	۱۲۵	۱۷۷۴ "	آغا حبیب حمید صاحب	عہ/
۷۸	۱۲۲۶ "	محبوب احمد صاحب انصاری	۴/	۱۰۲	۱۷۵۱ "	نذیر الدین احمد صاحب	سے/	۱۲۶	۱۷۷۵ "	حامد علی صاحب	۴/
تعلیم بالغان کا ایک اہم جزو کسان مزدور نامہ نگار تحریک ہے۔ کارخانے کی ہر دکان اور فارم میں کام کرنے والوں کے ہر حصے کا اپنا نامہ نگار ہوتا ہے اور اس کا کام ہے کہ وہ ہر اس مسئلہ پر جس کا اثر کارخانہ یا فارم میں کام کرنے والوں کے اوپر پڑتا ہے۔ پریس کے لئے مضمون لکھے۔ جب وہ لکھنا شروع کرتا ہے تو اس کو لکھنے سے دلچسپی ہونے لگتی ہے اور وہ یہ معلوم کرنے کی کوشش میں لگا رہتا ہے کہ دوسرے لوگ کس انداز سے لکھتے ہیں۔ اس سے بحثوں کے لئے مضمون نکلتے ہیں اور پھر بہت سے لوگ آ آ کر ایک جگہ اکٹھے ہونے لگتے ہیں اور پڑھنے میں دلچسپی لینے لگتے ہیں اکثر وہ اپنے فارم یا کارخانے میں مصنفوں کو بلاتے ہیں جو اپنی کتابیں انھیں سناتے ہیں اور اس کے متعلق ان سے بحث کرتے ہیں۔

دوسری چیز جس سے تعلیم میں امداد ملتی ہے لاسلکی ہے روسی گھروں میں ریڈیو شاید ہی کبھی بند رہتا ہو اس کے ذریعہ وہاں روسی اور باہری زبانوں میں سبق دئے جاتے ہیں۔ قدرتی اشیاء کی معلومات تواریخ جغرافیہ اور سیاست پر مضامین نشر کئے جاتے ہیں کلب گھروں میں تمدنی اور علمی تعلیم کا انتظام ہوتا ہے۔ یہ کلب گھر ہر صنعتی اور زرعی ادارے میں پائے جاتے ہیں۔ ہر کلب گھر میں ایک بچوں کا حلقہ ہوتا ہے جہاں والدین اپنے بچوں کو رکھ سکتے ہیں۔

ایک بالکل نئے قسم کا تعلیمی ادارہ "کسان گھر" ہے یہ تقریباً ہر بڑے شہر اور سرکاری اور اجتماعی فارموں میں ہوتا ہے اس گھر میں کسانوں کو اصطلاحی مشورے اور اسی قسم کی دوسری خاص معلومات بہم پہنچائی جاتی ہیں، ان گھروں میں ایسی چیزیں بھی رکھی جاتی ہیں جو زرعی اقتصادیات سے متعلق ہوتی ہیں مثلاً اناج کی صفائی کرنا اور اس کو حفاظت سے رکھنا مختلف فصلوں کے امراض کے اسباب اور روک کے طریقے وغیرہ وغیرہ۔

بنیادی تعلیم کی تین خصوصیات

بنیادی تعلیم کا سب سے پہلا مقصد یہ ہے کہ ایک مدت معینہ کے لئے ایک خاص قسم کی تعلیم ہر ایک بچہ کو ریاست کے خرچ پر دی جائے یہ مدت کتنی ہو بنیادی تعلیم کی اس اسکیم میں یہ سات سال رکھی گئی ہے۔ بچہ کی سات برس کی عمر سے شروع ہوکر چودہ سال تک جاری رہے گی اس عمر میں فرق یا اس مدت میں کمی بیشی ظاہر ہے وقتاً فوقتاً ضرورت کے لحاظ سے ہوسکتی ہے یہ کوئی ایسی اٹل اور ناقابل تغیر شے نہیں ہے۔

دوسرا اہم اصول، بنیادی تعلیم کا مادری زبان میں تعلیم دینا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس میں کسی کو اختلاف نہیں ہوسکتا۔ ہاں البتہ یہ سوال ہوسکتا ہے کہ وہ مادری زبان کیا ہے؟ بعض لوگ اسے ملکی زبان کے معنی میں لیتے ہیں جو ہمارے ہندوستان کی ہندوستانی زبان سمجھی جاتی ہے لیکن اس کا اصل منشا یہ نہیں ہے اور اگر مادری زبان کے اس عرف عام سے یہ غلط فہمی پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو ہمیں بچہ کی زبان کہنا چاہیے جو اس بنیادی تعلیم کا ذریعہ بنے گی۔ مادری زبان یا ہندوستانی جہاں پر یہ بچہ کی زبان نہ ہوگی وہاں بطور اختیاری زبان رہے گی تاکہ سارے ہندوستان میں ایک مشترک زبان بن سکے اور آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ تبادلۂ خیالات کا ذریعہ بنے۔

تیسرا بنیادی اصول اس تعلیم کا یہ ہے کہ تعلیم کسی نفع بخش کام یا حرفہ کے ذریعہ دی جائے اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ صحیح تعلیم اس وقت تک ہو ہی نہیں سکتی، جب تک بچہ کو اپنی تمام قوتوں کو بیک وقت ترقی دینے کا موقع نہ ملے اور یہ موقع ظاہر ہے، تنہا کتابی تعلیم کے ذریعہ نہیں ہوسکتا بلکہ اس کے لئے ایک ایسے ہمہ گیر اور بامقصد مشاغل ہونے چاہئیں جو اس کی تمام قوتوں کو ابھارنے اور ترقی دینے میں مدد و معاون ہوں۔ ہمہ گیر اور بامقصد مشاغل اس سے بڑھ کر اور کہیں نہیں مل سکتے کہ جو زندگی کے اہم پیشوں اور حرفوں سے متعلق ہوں، اسی بنا پر کسی حرفہ کو بنیاد قرار دیا کہ جس کے ساتھ تمام ضروری تعلیم مربوط اور وابستہ ہو۔ اس تعلیم کی خصوصیت نمایاں رہے۔

جناب سعید انصاری صاحب
پرنسپل استادوں کا مدرسہ جامعہ

یورپ اور امریکہ کے نئے مدرسے

(جناب عبداللطیف صاحب اعظمی)

جن ممالک میں تعلیم کو اہمیت حاصل ہے، وہاں عام سرکاری مدارس کے علاوہ پرائیویٹ مدارس بھی ہوتے ہیں جو ایسے مقاصد کے لئے قائم کئے جاتے ہیں، جو سرکاری مدارس سے پورے نہیں ہو سکتے اور چونکہ ان کا تعلق خاص خاص اشخاص اور خاص خاص جماعتوں سے ہوتا ہے، اس لئے ان میں اتنی ندرت ہوتی ہے کہ غلام ملکوں کے لوگ ان کے حالات پڑھ کر صرف حیرت کا اظہار کر سکتے ہیں۔

یورپ اور امریکہ کے وہ مدارس جو وہاں کے مقبول عام نظریات کی ترجمانی کرتے ہیں، ان کے حالات بھی ہمارے لئے دلچسپی سے خالی نہیں ہوتے۔ پھر ان مدارس کی جدت اور ندرت کا کیا کہنا ہے جو قائم ہی اس لئے ہوتے ہیں کہ طبیعت کی اپج اور ایجاد پسندی کا مظاہرہ کریں۔

اس سلسلہ میں سب سے زیادہ قابل ذکر درسگاہ، امریکہ کی ریاست ورجینیا میں ہیمپٹن اسکول ہے۔ اسکو ایک کامل اجتماعی وحدت کے بہترین نمونہ کی حیثیت سے پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس کے تمام طلبہ حبشی ہیں۔ لیکن اساتذہ کی جماعت سفید و سیاہ دونوں قوموں کے افراد پر مشتمل ہے، درسگاہ کی اپنی زمین ۱۵۰ ایکڑ اور مکانات کی تعداد ۱۵۰ ہے۔ ابتداء میں صرف ایک معمولی سی عمارت بنوائی گئی تھی۔ بعد میں حسب ضرورت مکانات بنتے گئے اور لطف یہ ہے کہ پہلی عمارت کے علاوہ بقیہ تمام عمارتیں خود طلبہ نے بنائی ہیں اور چونکہ اس درسگاہ کا اصلی مقصد ایک مستقل اور کامل اجتماعی وحدت کا مظاہرہ ہے۔ اس لئے اس میں نہ کوئی معمار نظر آئے گا نہ بڑھئی نہ جولاہا، نہ انجینئر، نہ حجام، نہ بیرا، کسان نہ کوئی باورچی۔ تمام کام طلبہ خود اپنے ہاتھوں انجام دیتے ہیں۔ اصحاب پیشہ اس دنیا میں عنقا ہیں طلبہ کی کل تعداد تقریباً چار ہزار ہے۔ جن میں نصف لڑکیاں ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں میں کام تقسیم کر دیئے گئے ہیں۔ اول الذکر کے ذمہ کھیتی مویشی کی دیکھ بھال کرنا، درخت اور پھول لگانا۔ غلہ اکٹھا کرنا اور اسے صاف کرنا وغیرہ ہے۔ اور ثانی الذکر کے فرائض میں دودھ دوہنا، کھانا تیار کرنا۔ کپڑے دھونا۔ کمروں کی صفائی۔ سونے کے کمروں کو ٹھیک کرنا اور دار الطعام میں کام کرنا وغیرہ داخل ہے۔ اس کے علاوہ کچھ موسیقی سے محظوظ کرتی ہیں۔ بعض کے ذمہ کپڑوں کی قطع و برید ہوتی ہے۔ کچھ موٹروں کی صفائی اور اس کی مرمت کرتی ہیں، غرض یہ درسگاہ اپنی تمام ضروریات خود آپ پوری کرتی ہے۔ خارج سے بالکل بے نیاز ہے۔ یہاں "سلف سپورٹنگ" یعنی اپنا خرچ آپ نکالنے کے نظریہ پر عمل درآمد ہے۔ جس کا وردھا تعلیمی اسکیم میں ہندوستان بھی تجربہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ طلبہ عام طور پر جنگی لباس پہنتے ہیں، بندوقیں رکھتے ہیں۔ گھوڑے کی سواری کرتے ہیں۔ تیر اندازی اور پیرنا سیکھتے ہیں۔ تہذیبی کام لڑکے اور لڑکیاں ایک ساتھ کرتے ہیں البتہ صنعت، تجارت اور زراعت کے کام دونوں علیحدہ علیحدہ کرتے ہیں۔ اس کے بعد ڈائننگ ہال میں اجتماع ہوتا ہے۔ طلبہ کی اپنی

انجمنیں بھی ہوتی ہیں، جہاں نظم و انتظام سکھلایا جاتا ہے اور جدید سیاسی خیالات کے متعلق معلومات بہم پہونچائی جاتی ہیں۔

اس درسگاہ کے نمونے پر امریکہ میں بہت سے اور مدرسے بھی قائم ہوئے ہیں۔ انگلستان کے بعض جدید مدارس میں بھی اس کی جھلک نظر آتی ہے۔ وہاں اس قسم کا مشہور و ممتاز مدرسہ، مشہور انگریز فلسفی برٹرینڈ رسل کا مدرسہ ہے۔ اس مدرسہ کے انتظام میں موصوف کی بیوی بھی برابر کا حصہ لیتی ہیں۔ یہ سنہ ۱۹۲۷ء میں قائم کیا گیا ہے۔ اس مدرسے میں دو سال سے لے کر اٹھارہ سال تک کے لڑکے اور لڑکیاں داخل ہو سکتے ہیں۔ امریکہ کے مذکورہ مدرسہ سے اس مدرسہ میں ممتاز اور الگ چیز یہ ہے کہ لڑکے اور لڑکیاں ایک کمرے میں سوتے ہیں۔ اس مدرسہ کو قائم ہوئے گیارہ سال ہو چکے ہیں، مگر اب تک کسی ناگوار واقعہ کی رپورٹ نہیں ہوئی ہے۔ انگلستان میں اس قسم کے اور بھی مدارس اسی فلاسفر کی نگرانی میں قائم ہوئے ہیں۔

پیرس سے قریب اِلی روش (Des Roches) نام کا فرانس میں بھی ایک بالکل جدید طرز کا مدرسہ ہے۔ یہ خاندانی اصول (فیملی سسٹم) یا اجتماعی وحدت پر قائم کیا گیا ہے۔ اس کی بنیاد دی مولان کی مشہور کتاب "انگلوسیکسن کی ترقی کا راز" کی اشاعت کے بعد سنہ ۱۸۹۹ء میں پڑی ہے۔

بظاہر تو یہ یونیورسٹی اپنے طلبہ کو فرانس کی تعلیمی ڈگری کے لئے تیار کرتی ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی صنعت و دستکاری، دیگر فنون جمیلہ اور غیر ملکی زبان کی طرف بھی پوری توجہ مبذول کرتی ہے۔ اس کی طرف سے طالب علم کو اس وقت تک ڈگری نہیں دی جاتی جب تک وہ کسی غیر ملک میں کم از کم چھ مہینے رہ کر وہاں کی زبان میں دستگاہ نہ حاصل کرے۔ مثلاً اگر کسی طالب علم نے انگریزی زبان کو اختیار کیا ہے تو اس کے لئے لازمی ہے کہ انگلستان کے کسی علمی خاندان کے ساتھ، یا کسی استاد کی رہنمائی میں کم از کم چھ مہینے رہ کر زبان میں مہارت حاصل کرے اور اس کے ساتھ یہ ضروری شرط ہے کہ اس مدت میں کوئی فرانسیسی طالب علم اس کے ساتھ نہ ہو تاکہ وہ صرف انگریزی بولنے پر مجبور ہو۔ جرمن اور فرانسیسی زبانیں سیکھنے والے طلبہ بھی یہی طریقہ اختیار کرتے ہیں۔

طلبہ کو جماعتی زندگی کا عادی بنایا جاتا ہے۔ ہر جماعت کے ساتھ ایک معلم یا معلمہ اور اس کے خاندان کے چند افراد بھی ہوتے ہیں۔ اور اگر مخلوط تعلیم ہوئی تو اساتذہ میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہوں گے۔ اور سب مل کر ایک خاندان کے افراد کی طرح زندگی بسر کریں گے۔ اس درسگاہ کو درحقیقت امرا اور نوابوں کی درسگاہ کہنا چاہئے۔ کیونکہ ہر طالب علم کو سالانہ ۲۰۰ سے ۳۰۰ پونڈ تک ادا کرنے پڑتے ہیں۔

بروکسل میں بھی مدرسہ ڈکرولی کے نام سے ایک مشہور مدرسہ ہے۔ اس کے بانی ڈاکٹر اوفید کرولی ہیں۔ اس مدرسے کا نظام ہمارے معروف طریقوں سے بالکل مختلف ہے۔ اس کا کوئی مخصوص و متعین نصاب تعلیم نہیں ہے بلکہ طالب علم کی ذات کو ایک مرکز قرار دیکر تمام کائنات سے اس کا لگاؤ واضح کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً ان کی تعلیم کے عنوان یہ ہوں گے "بچہ اور دنیا" "بچہ اور عالم

نباتات" وغیرہ۔ پھر انہیں بڑی بڑی وحدتوں سے چھوٹی چھوٹی وحدتیں بنالی جاتی ہیں۔

اس مدرسہ کی کسی جماعت کو دیکھئے تو کارخانہ کا گمان ہوگا۔ ہرطالب علم کو کچھ نہ کچھ کام کرنا پڑتا ہے۔ معلمہ یا معلم کو مزدوروں کی طرح سفید کالسٹن پہننا ہوتا ہے، طلبہ کو کھیل کے ذریعہ تعلیم دیجاتی ہے۔ چنانچہ اگر انہیں پارک میں آپ دیکھیں گے تو خیال ہوگا کہ وہ کھیل رہے ہیں۔ حالانکہ ان کی وہاں تعلیم ہورہی ہوگی حیوانات اور پرندوں کی دیکھ بھال میں جاؤگے تو شبہ گذریگا کہ وقت ضائع کررہے ہیں۔ حالانکہ وہاں بھی وہ تعلیم ہی میں ہوتے ہیں۔ یہی حال ان کا درجوں میں ہوتا ہے، وہ ہرجگہ آزاد اور ایک وسیع فضا میں خوش وخرم نظر آتے ہیں۔ وہ دیواروں پر رنگ برنگ کے کارٹون بناتے ہیں، اور کاپیوں کے حاشیہ پر اخبارات ورسائل سے چھوٹی چھوٹی تصویریں کاٹ کر اور اون، روئی اور دوسری خام اشیاء کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے چپکاتے ہیں، جنھیں دیکھکر یہ خیال ہوگا کہ اس مدرسے کے لڑکے اور اساتذہ محض فضول کام میں وقت ضائع کرتے ہیں، حالانکہ واقعہ ایسا نہیں ہے۔ اس مدرسہ میں ہر معلم کے لئے لازمی ہے کہ وہ طباعت میں مہارت رکھتا ہو، اور اسی طرح ہرطالب علم کے لئے بھی طباعت سیکھنا ضروری ہے۔ اس کی مشق طلبے وہ اپنے مدرسے کے کاموں پر کرتے ہیں۔ گو طلبہ شاندار مکانات میں رہتے ہیں لیکن درسگاہ میں ان کی حیثیت بالکل مزدور کی سی ہوتی ہے، یہاں مصارف بھی کچھ زیادہ نہیں ہیں۔ ۱۲ سے ۱۸ پونڈ تک سالانہ خرچ ہوتا ہے۔

باوجودیکہ سرکاری مدارس سے اس کو دور کا بھی علاقہ نہیں ہے، لیکن اس کے اعتبار اور معیار پر لوگوں کو پورا اعتماد ہے۔ حتیٰ کہ حکومت اور تعلیم کی یونیورسٹیوں کے نزدیک بھی اس کی سند اعلیٰ ڈگری کے مساوی سمجھی جاتی ہے۔ نیویارک کا مدرسہ "لنکن اسکول" بھی اس سے بہت زیادہ مشابہ ہے۔ اس میں بھی کوئی نصاب تعلیم مقرر نہیں ہے۔ یہاں تعلیمی تجربے ہوتے ہیں۔ داخلہ کے وقت طلبہ کو یہ آگاہ کیا جاتا ہے کہ یہ درسگاہ امریکہ کے کالجوں اور یونیورسٹیوں کے امتحانات میں کامیابی کی قطعی ذمہ دار نہ ہوگی۔ لیکن اس کے باوجود طلبہ امتحانات میں شریک ہوتے ہیں اور کامیاب ہوتے ہیں۔ حالانکہ پورا سال صرف تجربوں میں ہی گذرجاتا ہے۔ مدرسہ کے مصارف تقریباً ۱۵۰ پونڈ سالانہ ہیں۔

دنیا کا سب سے نرالا اور عجیب کالج امریکہ کا سارہ لورنس کالج ہے۔ یہ کالج امراء کی لڑکیوں کے لئے ہے۔ یہ بذات خود ایک مختصر سی دنیا ہے۔ اسے خارجی دنیا سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس میں طالبات کو پوری آزادی ہوتی ہے۔ اقامتی زندگی لازمی نہیں ہے، اگر وہ چاہیں تو اس شرط پر باہر بھی رہ سکتی ہیں کہ اگر کوئی ناگوار صورت پیش آئی تو اس کی تمام تر ذمہ داری ان کے سرعائد ہوگی کالج بالکل غیر مسئول ہوگا۔ نصاب میں فنون لطیفہ کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ گھوڑے کی سواری، پیرنا، اسکیٹنگ اور ریوالوروں کا نشانہ وغیرہ بھی سکھلایا جاتا ہے۔

اجتماعی زندگی میں طلبہ ایک ساتھ کھانا، پارٹیاں اور صبح وشام کے مخصوص کپڑوں کو اہمیت حاصل ہے۔ مختصر یہ کہ اس کالج کی اقامتی زندگی بہت امیرانہ ہوتی ہے۔ دارالاقامہ میں پہونچنے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ ہوسٹل نہیں کوئی محل ہے۔ سگریٹ کی وبا بہت عام ہے۔ وہاں سگریٹ پینا عیب نہیں ہے بلکہ نہ پینا عیب ہے۔ چنانچہ ایک شخص نے دریافت کیا کہ "یہاں کوئی ایسا بھی ہے جو سگریٹ

نہ پیدا ہوا تو ایک چینی لڑکی نے جواب دیا کہ اس قسم کے جانور اس ولایت میں نہیں بستے۔" لیکن اس آزادی کے باوجود اس سے واقفیت رکھنے والوں کا بیان ہے کہ اس کی فضا بداخلاقی کے جرائم سے پاک ہے اور ان کا بیان بظاہر صحیح معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں داخلہ کے لئے تمام ریاستوں سے اس کثرت سے درخواستیں آتی ہیں کہ ان میں سے ایک چوتھائی تعداد کو مشکل جگہ ملتی ہے۔

مادری زبان اور تعلیم

ایک ہی زبان ہے جس کے قبضہ میں ہمارے جذبات کی کنجی ہے' ایک ہی زبان ہے' جو یقیناً اور قدرتاً الفاظ کے لطیف اشارات اور مطالب کو ہم تک پہونچا سکتی ہے۔ اور یہ وہ زبان ہے جسکو ہم اپنی ماں کی آغوش شفقت میں سیکھتے ہیں۔ جس میں ہم نے بچپن میں پہلے پہل دعائیں مانگی ہیں۔ اور اپنی خوشی اور رنج کا بے ساختہ اظہار کیا ہے۔ کسی اور زبان کو تعلیم کا ذریعہ بنانے سے نہ صرف طلبہ کی محنت اور دردسری میں بے اندازہ اضافہ ہو جاتا ہے' بلکہ ذہنی آزادی بھی مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے۔

طلبہ کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ یہ ہے کہ وہ مغربی علوم کو ایک غیر زبان کے واسطے سے حاصل کرتے ہیں انگریزی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کے لئے اسپر عبور حاصل کرنے میں طلبہ کا بہت زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔ شاید ان کی تعلیم کی پوری مدت کا ایک تہائی حصہ اس کی نذر ہو جاتا ہے۔ اور اس کے بعد بھی یہ شبہ باقی رہ جاتا ہے کہ بہت سے طلبہ اس تمام کاوش کے بعد وہ مقصد حاصل بھی کر پاتے ہیں یا نہیں؛

گتے کے کام سے مضامین کا ربط

جناب سید احمد علی صاحب نگران تعلیمی مرکز جامعہ

بنیادی تعلیم کے نصاب کے مطابق کام کرنے کے دوران میں استادوں کو شروع میں سب سے بڑی دشواری یہ پیش آتی ہے کہ کسی مضمون کا کسی حرفہ سے کیونکر ربط قائم کیا جائے لیکن جن اصحاب نے مقصدی طریقہ تعلیم پر کام کیا ہے وہ تھوڑی سی توجہ کے بعد حرفہ اور مضمون میں ربط قائم کر سکتے ہیں۔ لوگوں کو کسی حرفہ اور جغرافیہ کی تعلیم کا ربط بہت آسان معلوم ہوتا ہے وجہ یہ ہے کہ جغرافیہ نام ہے اس علم کا جو انسان کے گھر یعنی دنیا کے متعلق معلومات پر مشتمل ہو لیکن حساب کا مسئلہ لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتا مگر جہاں چیزوں کے خریدنے کے لئے روپے پیسوں کا معاملہ آتا ہے اور پھر چیزوں کے بیچنے کا سوال پیدا ہوتا ہے تو حساب کے ربط کو بھی بڑی آسانی سے تسلیم کر لیتے ہیں۔ بس لوگوں کو ساری دقت زبان، تاریخ، حفظان صحت اور عام سائنس کو کسی حرفہ کے ساتھ پڑھانے میں نظر آتی ہے۔

ہم اپنے اس مضمون کے ذریعہ ربط کی ان صورتوں کو بیان کریں گے جو تعلیمی مرکز جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ابتدائی چہارم کو گتے کا کام کرانے کے سلسلہ میں پیش آئی ہیں۔ طلبہ نے گتے سے مختلف چیزوں کو بنانے کے لئے جہاں اور مختلف چیزیں خریدیں وہاں گتے اور کاغذ بھی خریدے لہذا سب سے پہلے ان کو گتے اور کاغذ کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہوئی۔ زبانی بات چیت میں اول تو یہ بتایا گیا کہ ہندوستان میں کہاں کہاں کاغذ اور گتا بنتا ہے اور پھر یہ بتایا گیا کہ یہ دونوں چیزیں سب سے پہلے کس ملک میں بننی شروع ہوئیں اور اس طرح کاغذ کے دو سبقوں سے آغاز کیا گیا۔ پہلا سبق ایک مختصر سا خاکہ تھا اور دوسرے سبق میں کاغذ کے متعلق ذرا تفصیل سے بتایا گیا۔ یہ دونوں سبق مختلف ریڈروں سے انتخاب کئے گئے اور ان کو چھپوا کر لڑکوں کو پڑھنے کے لئے دیا گیا تھا۔ یہ پڑھائی کا سب سے پہلا مواد تھا۔ ان دونوں سبقوں میں اس قدر مواد تھا کہ ایک ماہ تک پڑھائی کا کام بخوبی ہوتا رہا۔ یہاں یہ بات واضح کر دینا ضروری خیال کرتے ہیں کہ پڑھائی کا مواد جمع کرنے کے لئے صوبوں کی ریڈروں سے بہت مدد مل سکتی ہے۔ ہر ایک ریڈر میں کچھ نہ کچھ مواد مل سکے گا صرف ضرورت اس کی ہوگی کہ ان کو حرفے کے ساتھ ربط دے کر پڑھایا جائے۔ ہماری بہت سی دقتیں اس طرح حل ہو جائیں گی۔

کاغذ کے سبق میں جن جن عنوانات کو شامل کیا جا سکتا تھا شامل کیا گیا اور اس طرح استاد کے لئے دونوں سبقوں کے آخر میں سہولت کے خیال سے چند ہدایات لکھ دی گئیں۔ ان دونوں سبقوں کو پیش کرنے کے بعد چین اور مصر کی ابتدائی اور موجودہ اور گوتم بدھ کی زندگی کا حال چینیوں کے مذاہب کے سلسلہ میں پیش کرنا قدرتی طور پر لازم تھا جو چوتھی جماعت کے

نصاب میں شامل تھا انھیں دونوں سبقوں میں طلبا نے پڑھا کہ ہندوستان میں کہاں ملوں سے کاغذ بنتا ہے اور کہاں ہاتھ سے اور جن شہروں میں کاغذ بنتا ہے ان کی دوسری خصوصیات کیا ہیں ؟

کاغذ کن کن چیزوں سے بنتا ہے ؟ وہ چیزیں ہندوستان میں کس کس جگہ پیدا ہوتی ہیں ؟ ان کی پیداوار کن کن صوبوں میں ہوتی ہے ؟ وہاں کی آب وہوا کیسی ہے ؟ آب وہوا کا اثر پیداوار پر کیا ہوتا ہے ؟ آب وہوا کے دوسرے اثرات کیا ہیں ؟ یہ لوگوں کے رہن سہن میں کیا تبدیلی پیدا کر دیتے ہیں ؟ ہندوستان میں اور کیا کیا چیزیں پیدا ہوتی ہیں اور کہاں کہاں پیدا ہوتی ہیں ؟ ان میں سے کتنا حصہ ہندوستان میں رہتا ہے کتنا باہر جاتا ہے ؟ ذرائع آمد ورفت کیا ہیں ؟ حمل و نقل کی سہولت سے ملک کی ترقی پر کیا اثر پڑتا ہے ؟ وغیرہ باتیں اس سلسلہ میں پیش کی گئیں ان پر اسباق چھپوائے گئے اور طلبہ کو پڑھنے کے لئے دئے گئے۔ اسی سلسلہ میں طلبا کو بتایا گیا کہ کاغذ کی تمام ضروریات ہندوستان کے کاغذ کے ملوں سے پوری نہیں ہوتیں بلکہ بہت زیادہ کاغذ انگلستان، ناروے، جاپان، امریکہ وغیرہ سے آتا ہے اس سلسلہ میں ہندوستان کی مشہور بندرگاہوں کا حال لڑکوں نے پڑھا۔ ان کو بتایا گیا کہ ہندوستان کے ساحل کیوں اچھے بندرگاہوں کے لئے موزوں نہیں ہیں۔

بچوں نے کاغذ کے سبق کے بعد چین کا سبق پڑھا اس سبق میں انھوں نے چینیوں کے ابتدائی رہن سہن خوراک اور لباس کے سلسلہ میں ہندوستان کے طرز معاشرت اور خوراک ولباس کے متعلق بھی معلومات حاصل کیں۔ چین کے سبق میں بچوں نے پڑھا کہ یہ ملک پرانا ہے اور اس کی تہذیب بھی بہت پرانی ہے اس سلسلہ میں ان کو بتایا گیا کہ ہندوستان بھی بہت پرانا ملک ہے اور اس کی تہذیب بھی بہت پرانی ہے پھر چین ہی کے سبق کے سلسلہ میں چین اور ہندوستان کے پرانے زمانے کے تعلقات کو بھی بتایا گیا اور اس بیان میں انھوں نے چینی سیاح ہوان سانگ اور فاہیان کا حال پڑھا جو ان کے نصاب میں تھا سیاحوں کے سفر کی دقتوں کو بیان کیا گیا اور بتایا گیا کہ کس طرح مارکو پولو نے چین کا، واسکوڈی گاما نے ہندوستان کا اور کولمبس نے امریکہ کا سفر کیا۔

بچوں نے کاغذ کے سبق میں کاغذ سے مختلف چیزوں کو بنانے کے متعلق معلومات حاصل کی تھیں منجملہ اور چیزوں کے انھوں نے کاغذ سے پھول بنانے کا حال بھی پڑھا تھا۔ اسی لئے وہ ایسے کارخانوں کو دیکھنے کے لئے شہر میں گئے تھے جہاں کاغذ کے پھول اور گتے کے بکس بنائے جاتے ہیں۔ بچوں نے ان کارخانوں کے علاوہ اور مختلف صنعتوں کے کارخانوں اور ان میں کام کرنے والوں کی زندگیوں کا مشاہدہ بھی کیا تھا۔ اس تعلیمی سیر کے سلسلہ میں بچوں نے اور بہت سی باتوں کا مشاہدہ کیا جن کو استاد نے پیش نظر نہیں رکھا تھا مثلاً خراب اور تنگ سڑکیں، گرد وغبار اور کارخانوں میں حفظانِ صحت عام اصولوں سے عدم واقفیت وغیرہ، اس لئے بچوں نے ان مسائل کے متعلق بہت سے سوالات کئے چنانچہ اسی سلسلہ میں میونسپلٹی کا ذکر بھی ہوا۔ اس کے کاموں پر مفصل گفتگو کی گئی، بچوں نے پولیس اور اس کے فرائض، میونسپلٹی اور اس کے کام پر دو دلچسپ مضامین پڑھے جو ان کے نصاب میں داخل تھے۔ میونسپلٹی کے کاموں کا جب تذکرہ ہوا تو مختلف بیماریوں کے انسداد کے سلسلہ میں جنرل

سائنس کا مجوزہ نصاب جو اس جماعت کے لئے تھا بہت کچھ پورا کیا گیا یعنی مختلف بیماریاں اور ان کو دور کرنے اور ان سے بچنے کے طریقے صفائی اور صحت کی دوسری باتیں۔ عملی کام کے سلسلہ میں رائٹنگ پیڈ اور البم بنانا سیکھا۔

اس جماعت میں اوقات کی تقسیم اس طرح تھی۔ تیس تیس منٹ کے دو گھنٹے عملی کام کے لئے رکھے گئے تھے جن میں بچے گتے کی مختلف چیزیں بناتے تھے۔ اس کے بعد تیس تیس منٹ کے دو گھنٹے اردو زبان کے لئے رکھے گئے تھے۔ اس مدرسہ میں چونکہ دینیات اور انگریزی کی تعلیم دینا بھی ضروری ہے اس لئے ان کے لئے بھی تیس تیس منٹ کے تین گھنٹے رکھے گئے تھے۔ اور تیس تیس منٹ کے تین گھنٹے حساب اور عام سائنس کے لئے بنیادی تعلیم کے نصاب کے مطابق رکھے گئے۔ وقت کی یہ تقسیم بنیادی تعلیم کے نظام اوقات کے مطابق نہیں ہے لیکن ہمارا یہ خیال ہے کہ شروع شروع میں عملی کام کے لئے بنیادی تعلیم کے نصاب کے مطابق وقت دینا مناسب نہ ہوگا۔ گھنٹہ یا سوا گھنٹہ کافی ہے کچھ تو اس خیال سے کہ شروع شروع میں زیادہ وقت دینے سے سارے وقت کے استعمال نہ ہونے کا اندیشہ ہے اس کے علاوہ بچے عادی نہ ہونے کی وجہ سے ممکن ہے دل برداشتہ ہو جائیں۔ لیکن جوں جوں بچے عملی کام میں دلچسپی اور شوق کا اظہار کرتے جائیں عملی کام کا وقت بڑھاتے جانا چاہیئے۔ اگر آخر کے سالوں میں عملی کام زیادہ لیا گیا تو دلچسپی، شوق اور مہارت کی وجہ سے جتنا کام بھی ہوگا اچھا اور ستھرا ہوگا۔ اور جو سامان بنے گا زیادہ اور معیاری ہوگا اس جماعت میں نو سال سے گیارہ سال تک کے بچے ہیں جو ایک گھنٹہ تک تو نہایت دلچسپی سے کام کرتے تھے لیکن اس کے بعد اکثر طلبا کی دلچسپی باقی نہیں رہتی تھی۔ زبان سماج کا علم، عام سائنس اور حساب کے لئے جتنا وقت ہم نے مقرر کیا کافی تھا۔ اس قسم کے تجربوں کے بعد بنیادی تعلیم کے مجوزہ نظام اوقات میں تبدیلی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

شروع شروع میں جو مضامین بچوں کے سامنے مجوزہ حرفوں سے متعلق پیش کئے جاتے ہیں یا اسی سلسلہ میں جو مشاہدے گرد و نواح یا کسی اور جگہ کے کرائے جاتے ہیں ان سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ربط کے کافی مواقع ہیں۔ البتہ اتنا ضرور ہے کہ بعض بالکل صاف اور بعض ذرا مبہم۔ استاد کو چاہیئے کہ ربط کی ان صورتوں کو زیادہ استعمال کرے جو بالکل صاف طور پر سمجھ میں آتی ہوں پہلے تو ان مواقع پر زبانی گفتگو کی جائے اور اس کے بعد چھپی ہوئی صورت میں مضامین پڑھنے کے لئے دئے جائیں بچوں میں تفتیش اور جستجو کی جبلی خاصیت ہوتی ہے وہ واقعات اور انوکھی باتوں کی معلومات حاصل کرنے کے بڑے آرزومند ہوتے ہیں۔ استاد کو چاہیئے کہ بچوں کی اس خصلت سے فائدہ اٹھائے اور مشاہدہ اور اسباق کے سلسلہ میں پیدا شدہ مواقع کو استعمال کرتے ہوئے کسی تاریخی یا جغرافیائی واقعہ کو خوب دلچسپی سے بیان کرے۔ ربط کے بہت سے مواقع کسی حرفے سے کام کرانے کے دوران میں بہت سی باتیں خود معلوم کرنا چاہیں گے استاد ان کی گفتگو لکھ لے اور پڑھائی کے دوران میں ان تمام باتوں سے مدد لے اور انھیں بطور حوالہ استعمال کرے۔ اگر کبھی آپ یہ دیکھیں کہ اسی وقت جواب نہ دیا گیا اور پڑھائی کے گھنٹے ہی کا انتظار کیا گیا تو بچوں کی دلچسپی ختم ہو جائے گی ایسی حالت میں آپ اسی وقت بچوں سے گفتگو کریں اور ان کی تشفی کر دیں تو زیادہ مناسب ہے۔ بچوں کے ان سوالات سے متعلق کتابوں کے نام بھی تجویز کئے جا سکتے ہیں جن کا وہ مطالعہ کریں۔

آخر میں چند ضروری باتیں کہنا چاہتے ہیں کہ جب مضامین کا ربط صاف طور پر نظر آجائے اور کسی حرفہ کے ذریعہ مضامین پڑھانے پر قابو ہو جائے تو مضمون کے اس حصہ کو کسی طریقہ تعلیم کے ذریعہ طلبہ کے سامنے پیش کرنا چاہیئے کسی مضمون کے کسی حرفہ سے ربط دینے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ طریقۂ تعلیم نظر انداز کر دیا جائے۔ ربط کی ضرورت تو اس لئے ہی کہ اس کی وجہ سے طلبہ پڑھائی میں خاطر خواہ دلچسپی لینے لگتے ہیں اور ساری پڑھائی میں جان پڑ جاتی ہے اور کسی بیرونی محرک سے کسی مضمون کے پڑھانے پر طلبا کو مجبور نہیں کرنا پڑتا تمام مضامین بجائے مجرد حالتوں میں پڑھائے جانے کے ایک سلسلہ میں حرفہ سے وابستہ ہو جاتے ہیں اور اسی طرح ایک کا دوسرے سے لازم و ملزوم ہونا زیادہ واضح ہو جاتا ہے، مثلاً کارڈ بورڈ سے چیزیں بنانے کے سلسلہ میں مستطیل، مربع، زاویہ قائمہ، مثلث وغیرہ کی ضرورت از خود کام کرنے کے دوران میں پیش آئے گی جیسا کہ ہمارے مدرسہ میں ہوا لیکن ان کو وضاحت سے سمجھانے کے لئے طریقہ تعلیم کے استعمال کرنے کی بھی ضرورت ہے بلکہ مشق کرانے میں طریقہ تعلیم ہی سے مدد لینی پڑے گی مثال کے طور پر گتے سے کام کرنے کے سلسلہ میں چوتھی جماعت نے جب رقبہ معلوم کرنا سیکھنا شروع کیا تو اکثر بچوں کو بارہ سے آگے پہاڑے یاد نہ تھے۔ پہاڑوں کا رٹوانا بے معنی سی بات تھی اس لئے کہ مشق کے عملی مواقع موجود نہ تھے لہذا استاد نے طریقہ تعلیم سے مدد لے کر بچوں سے چھوٹے چھوٹے (۴"×۴") گتے بنوائے جس پر ایک طرف ۱۳×۲، اور دوسری طرف ۲۶ لکھا ہوا تھا استاد ۱۳×۲ کی طرف سے بچوں کو دکھاتا اور پوچھتا تھا کہ دوسری طرف کیا لکھا ہوا ہے یا استاد نے زمین پر بہت سے خانے بنائے اور ہر خانہ میں ۲۶، ۳۹، ۵۲ وغیرہ لکھ دئے بچہ کو ۱۳×۲ یا ۱۳×۴ کا کارڈ دیا جاتا اور کہا جاتا کہ جس خانہ میں اس کا جواب ہو وہاں اس کو رکھ دو وغیرہ اس طرح بچوں نے ۲۰ تک کے پہاڑے سمجھ کر سیکھ لئے طریقہ تعلیم میں اگر اشیاء کو استعمال کرنا ہو تو بہتر وہی چیزیں استعمال کرنی چاہئیں جو حرفہ میں استعمال ہو رہی ہوں یا اگر کسی کھیل کے ذریعہ تعلیم دینا مقصود ہو تو ایسے کھیل کھلائے جائیں جو ماحول میں کھلائے جاتے ہوں لیکن کھیل میں بھی تعلیمی حیثیت کو ہمیشہ نظر کے سامنے رکھنا چاہیئے۔

اس سلسلہ میں اُستاد کے متعلق چند ضروری باتیں لکھ دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ بنیادی طریقہ پر کام کرانے کے لئے ایسے استادوں کی ضرورت ہی جو محنتی اور مستقل مزاج اور خود سوچ بچار کی عادت رکھنے والے ہوں اس جماعت میں جس استاد نے کام کیا ہی اسکی تعلیم ایف اے تک ہی لیکن مندرجہ بالا تین صفات نے اس کے کام میں کئی خوبیاں پیدا کر دی ہیں وہ بڑی محنت سے بچوں کے لئے مختلف کتابوں سے مواد جمع کرتا ہی اور پھر سوچ سمجھ کر موقع موقع سے استعمال کرتا ہی وہ بڑی مستقل مزاجی سے اپنے کام میں لگا ہوا ہی وہ ہمت نہیں ہارتا یہ ظاہر ہی کہ اس طریقہ پر کام چلانے کے سلسلہ میں شروع میں قدم قدم پر دقتوں کا سامنا کرنا ہوگا مثلاً کام خراب ہوگا اکثر صورتوں میں ربط کے مواقع ڈھونڈھے نہ ملیں گے بہت کم لوگ مدد کریں گے اور بہت سے اعتراض کریں گے لیکن استاد وہی ہی جو ان تمام دقتوں کا مردانہ وار مقابلہ کرے ہمت نہ ہارے اور اپنے کام میں برابر اصلاح کرتا رہے بہترین صورت تو یہ ہی کہ مجوزہ حرفہ سے متعلق سال بھر کا نصاب پہلے سے تیار کر لیا جائے جیسا تعلیمی مرکز ا میں کر لیا گیا تھا اس سے کام میں بڑی سہولت پیدا ہو جاتی ہی اور بھٹکنے کے مواقع کم ہو جاتے ہیں۔ لیکن اسے اٹل سمجھ لینا بھی بڑی بھول ہی۔

ادارۂ تعلیم و ترقی جامعہ

ادارۂ تعلیم و ترقی کے متعلق ضروری معلومات اخبارات میں شائع کردی گئی ہیں چنانچہ متعدد اصحاب نے ملک کے مختلف گوشوں سے ہمارے پاس خطوط بھیجے ہیں، ادارہ کی تجاویز پیش کی ہیں اور ادارہ کی مطبوعات منگوائی ہیں ادارہ کی مطبوعات میں خدمت کا عہد، میرا قاعدہ، سچی تعلیم کے چار کتبات، اچھی تعلیم کے چار کتبات اور ادارہ کا دستور العمل اور چھ رسائل بہ سلسلہ تعلیم و ترقی اب تک شائع ہوئے ہیں، یہ سب مطبوعات مفت تقسیم کرنا چونکہ ہمارے لئے ممکن نہیں اور ان کی اشاعت بھی ضروری ہو اس لئے بقدر مصارف ان کی قیمت مقرر کی گئی ہو فہرست علیحدہ درج کردی گئی ہو یہ سب مطبوعات ابھی تھوڑی تعداد میں چھپوائی گئی تھیں اس لئے مصارف زیادہ ہوئے آئندہ اگر ان کی اشاعت زیادہ ہوئی تو مصارف بھی کم ہوں گے اور قیمتوں میں بھی تخفیف ممکن ہوگی

سچی تعلیم اور اچھی تعلیم کے کتبات پندرہ روزہ اب شائع ہوگئے ہیں یہ گویا قرآن پاک اور احادیث مقبول کا ایک درس ہی جو پندرہ دن تک آنکھوں کے سامنے رہتا ہی اور یاد ہو جاتا ہی۔ مساجد کے متولی اور امام صاحبان اگر توجہ کریں تو یہ درس ہر مسجد میں جاری ہو سکتا ہی۔ کتبات خوشنما اور دیدہ زیب ہیں اس لئے مساجد کے لئے وجہ آرائش بھی ہوں گے ان کتبات کو آویزاں کرنے کے لئے لکڑی کے تختے مقامی طور پر تیار کئے جا سکتے ہیں۔

شہر دہلی کی مساجد میں یہ کتبات رفتہ رفتہ رائج ہو رہے ہیں بعض اصحاب نے اپنی اپنی طرف سے محلہ کی مساجد میں تختۂ تعلیم و ترقی اور کتبات لگوانے کا انتظام کردیا ہی۔ خدا انھیں جزائے خیر دے۔ ہماری مساجد مسلمانوں کی دینی تعلیم کا مرکز رہی ہیں اور ضرورت ہی کہ اب اس طرف خاص طور پر توجہ کی جائے۔ بچوں کی تعلیم کے لئے خواہ علیحدہ مدرسہ قائم کئے جائیں لیکن بالغوں کی دینی تعلیم کا مرکز بستی کی مسجد ہی کو بنانا چاہیئے جو تدابیر اس مقصد کے لئے اختیار کی جا سکتی ہیں وہ انشاء اللہ وقتاً فوقتاً پیش کی جائیں گی۔ اس وقت ہمدردان جامعہ سے ہماری صرف یہ درخواست ہی کہ وہ اپنی بستی کی مسجد کے لئے کم از کم دو کتبات کا انتظام کردیں۔

ادارہ نے اردو سکھانے کا جو قاعدہ تجویز کیا تھا وہ اب مقبول ہو رہا ہی اور پہلا ایڈیشن اس کا تقریباً ختم ہوگیا دوسرا ایڈیشن پہلے اور دوسرے حصہ کا زیر طبع ہی جن اصحاب نے اس قاعدہ سے اردو پڑھانے کا تجربہ کیا ہو ان کی خدمت میں

درخواست ہے کہ اس قاعدہ میں جو مشکلات پیش آئی ہوں ان سے بھی مطلع کر دیں۔ قاعدہ کے مصنف کی بھی یہ خواہش ہے کہ اور جو تجربات اس قاعدے کے مطابق کئے جائیں ان کی روشنی میں وہ آئندہ اس قاعدہ پر نظر ثانی کریں۔

ادارہ کی یہ کوشش اور خواہش ہے کہ اردو رسم الخط سکھانے کا آسان ترین طریقہ معلوم کیا جائے اور اس کو اختیار کر لیا جائے۔ ادارہ ممنون ہوگا اگر وہ اصحاب جو یہ کام کر رہے ہیں اپنے تجربات اور اپنی تجاویز سے ہمیں مطلع فرماتے رہیں۔

قاعدہ کے بعد آزاد عبارت پڑھنے کی مشق پیدا کرنے کیلئے ادارہ نے متعدد رسائل کا ایک خاکہ تجویز کیا تھا جس میں سے چھ رسائل شائع ہوگئے ہیں اور مکتبہ جامعہ سے مل سکتے ہیں یہ رسائل کاپی سائز یعنی ۲۰ × ۱۷ کے کم و بیش پندرہ صفحات پر مشتمل ہیں۔ عبارت کھلی کھلی اور ذرا موٹے خط میں لکھوائی گئی ہے اور کتابت میں قاعدہ کی خصوصیات کو قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہے کہ جو لوگ کسی دوسرے قاعدہ سے اردو پڑھنا سیکھیں گے ان کو ان رسائل کو پڑھنے میں کوئی دقت یا دشواری ہو۔ مذکورہ بالا چھ رسائل حسب ذیل ہیں۔

۱۔ نماز　۲۔ حکایتیں حصہ اول　۳۔ حکایتیں حصہ دوم　۴۔ حبیب خدا، از الیاس احمد مجیبی صاحب مصنف سرکار کا دربار　۵۔ اچھی نظمیں، از شفیع الدین صاحب نیر مصنف بچوں کا تحفہ وغیرہ　۶۔ موسیلیٹی، از فضل الرحمن صاحب قدوائی

ادارہ نے بالغوں کی دلچسپی، مذاق اور ضرورت کا لحاظ رکھ کر مذہب، تاریخ، ادب، دینیات، تندرستی اور معیشت کے متعلق پچاس ساٹھ موضوع تجویز کئے ہیں جن پر مضامین تیار کئے جائیں گے۔ رسائل کی ضخامت، کتابت اور مضمون کے اعتبار سے مدارج میں قائم کئے جائیں گے اور مضامین میں تنوع ہوگا تاکہ جو طالب علم پورا سلسلہ نہ پڑھنا چاہے وہ اپنے مذاق اور دلچسپی کے مطابق چند رسائل منتخب کر کے پڑھے! ابتدائی رسائل کا اصل منشا یہ ہے کہ اور عبارت پڑھنے کی اچھی طرح مشق ہو جائے اور کتب بینی کا شوق پیدا ہو تاکہ کتب خانوں کے ذریعہ سے تعلیم کا سلسلہ جاری رہے مجوزہ رسائل کی ترتیب، تالیف اور تصنیف کے سلسلہ میں ادارہ نے چند اصحاب سے درخواست کی تھی۔ ہم ممنون ہیں کہ مولوی شفیع الدین صاحب نیر، شیخ فضل الرحمن صاحب قدوائی ایم اے علیگ اور جناب الیاس احمد صاحب مجیبی نے ادارہ کی درخواست پر سلسلۂ تعلیم ترقی کے لئے کافی مضامین اور نظمیں اشاعت کے لئے عطا فرمائی ہیں۔ یہ رسائل اس حلقہ کے لئے مفید ثابت ہوں گے جو تعلیم سے اب تک محروم رہا ہے یہی مصنفین کا سب سے بڑا اجر ہے۔

اس سلسلہ میں ہم مولوی شفیع الدین صاحب نیر کے خاص طور پر ممنون ہیں کہ انھوں نے نہ صرف اپنی نظموں کی اشاعت کی اجازت دی بلکہ دو ہزار نسخوں کی طباعت اور اشاعت کے جملہ مصارف بھی اپنی جیب سے ادا کر کے رسالوں کی اشاعت میں ادارہ کی مدد فرمائی جزاہم اللہ خیرا۔

ادارہ نے گشتی کتب خانہ کے لئے ڈھائی تین سو کتابوں کی جو فہرست مرتب کی تھی اسی کے مطابق مقامی حلقۂ تعلیم و ترقی کی کتابیں فراہم کی گئی ہیں اور بالغ مبتدیوں کو گھر گھر دوکان دوکان پڑھنے کے لئے دی جاتی ہیں چند ماہ کے بعد یہ معلوم ہوسکے گا کہ اس فہرست کی کون کون سی کتابیں زیادہ مقبول ہوئیں اور زیادہ پڑھی گئیں۔ اس کے بعد علی الترتیب ان کتابوں کی فہرست شائع کی جائے گی جو زیادہ پڑھی گئی ہیں تاکہ جو لوگ بالغوں کے گشتی کتب خانہ قائم کریں ان کو معلوم ہو جائے کہ بالعموم کس قسم کی کتابیں عام لوگ زیادہ پسند کرتے ہیں اور اسی لحاظ سے کتب خانہ کے لئے کتابیں فراہم کی جائیں۔ مقامی حلقۂ تعلیم و ترقی کا کام ابھی تک کسی شکل میں نہیں آیا ہے اور جو کوششیں اب تک کی گئی ہیں وہ بہت ناکافی ہیں مارچ کے مہینہ میں بستی کے خدام کا ایک جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔ تقریباً پچاس سے زیادہ خدام جلسہ میں شریک ہوئے۔ حلقۂ تعلیم و ترقی کے مجوزہ پروگرام کے مطابق محلہ محلہ کام کرنے کی صورتوں پر غور کیا گیا اور یہ طے پایا کہ ۲۳ مارچ سے ۲۶ مارچ تک ہر محلہ کے خدام اپنے اپنے محلہ کا گشت کریں اور پڑھے لکھوں سے خدمت کے عہد پر، ان پڑھوں سے پڑھنے کا وعدہ لیں اور جو معمولی پڑھنا لکھنا جانتے ہیں ان کو گشتی کتب خانہ سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں۔

اس جلسہ سے ایک منشا یہ تھا کہ بستی کے جملہ خدام کبھی کبھی یکجا ہو کر ایک دوسرے سے ملیں دوسرے یہ کہ جو عہد خدام نے کیا ہے اس کی یاددہانی اور تجدید ہو جائے تیسرے یہ کہ بستی کے حالات کا کچھ علم آپس کی گفتگو سے حاصل ہو جائے اور پھر اگر بستی کی تعلیم و ترقی کا کوئی کام شروع کیا جائے تو خدام کی ہمدردی اور مدد کے قابل ہو۔

خدام کا یہ پہلا جلسہ بہت کامیاب رہا، محلوں کے گشت کے متعلق جو قرارداد منظور ہوئی اس کے مطابق اکثر خدام نے گشت میں بھی حصہ لیا اور اپنے اپنے علاقے کے لوگوں کو تعلیم و ترقی کی تجاویز سے واقف کیا کچھ عہدے اور کچھ وعدے شہری آبادی کے تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ طبقوں کے درمیان تعلق قائم کرنے کی یہ پہلی کوشش تھی لیکن اگر اسی کو پہلی اور آخری کوشش نہ سمجھا جائے تو امید ہے کہ اسی طرح کی بار بار کوششوں سے ایک ہی محلہ کے رہنے اور بسنے والے تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ طبقوں کا یہ بُعد باقی نہ رہے گا اور سب مل کر تعلیم و ترقی کے کاموں میں حصہ لے سکیں گے۔

اس بستی میں تعلیم و ترقی کے کام کو زیادہ منظم طریقے پر کرنے کیلئے ایک خاکہ تیار کیا گیا ہے جو اس وقت مجلس تعلیم و ترقی کے زیر غور ہے تجویز یہ ہے کہ بستی کے چند علاقوں کو منتخب کرکے ہر علاقہ میں حلقۂ تعلیم و ترقی کا ایک مرکز قائم کیا جائے اس مرکز کا ایک مستقل منتظم ہو۔ یہ علاقہ کی تعلیمی حالت کا پورا جائزہ لیا کرے اور جملہ تعلیمی خدمات اسی مرکز سے انجام دی جائیں۔ گشتی کتب خانہ اخبارات و رسائل اور پڑھائی کا انتظام اور تعلیمی و تفریحی جلسے سب مرکز کے ذریعہ ہوا کریں۔

امید ہے کہ یکم مئی سے اس بستی میں تین مرکز قائم ہو جائیں گے۔

تعلیم بالغان کا کام کرنے والوں کو عام طور پر یہ شکایت ہو کہ بالغوں کی تعلیم کے لئے جو مدارس قائم کئے جاتے ہیں وہ زیادہ عرصہ تک چلتے نہیں۔ ہر طرح کی کوشش کی جاتی ہے مفت تعلیم کا انتظام کیا جاتا ہو اور طلبہ کو تعلیم کی جملہ سہولتیں بہم پہنچائی

شکریہ

جامعہ کے ایک قدیم ہمدرد جناب احمد اسلام خاں صاحب (دہلی) نے ادارہ تعلیم و ترقی کے تعلیمی کتبات اور تعلیم بالغان کے متعلق دوسری تجاویز اور کارروائیوں کو پسند فرما کر ایک سو روپیہ یکمشت اور دس روپے ماہانہ کا خاص عطیہ ادارہ تعلیم و ترقی کے لئے عنایت فرمایا ہو جس کے لئے ہم دل سے شکرگزار ہیں ادارہ تعلیم و ترقی کا کام ابھی بالکل ابتدائی حالت میں ہو۔ اس لئے خانصاحب موصوف کا یہ عطیہ کارکنان ادارہ کے لئے خاص طور پر قابل قدر اور حوصلہ افزا ہو۔

جاتی ہیں پھر بھی بالغ طلبہ مدرسہ سے پورا فائدہ نہیں اٹھاتے چند روز کے لئے جمع ہو جاتے ہیں اور پھر بھاگ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ خود مدرسہ کو مستقلاً قائم رکھنا اور چلانا بھی بہت دشوار ہو جاتا ہو۔

ان شکایات اور تجربات کو پیش نظر رکھ کر تعلیم بالغان کے لئے ایسی تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہو کہ

(۱) طلبہ مدارس شبینہ کی مستقل پابندیوں سے جہاں تک ممکن ہو آزاد رہیں۔

(۲) کارکنوں پر ایسی ذمہ داریاں عائد نہ ہوں جن سے عہدہ برآ ہونا اعزازی کارکنوں کے لئے مشکل بلکہ ناممکن العمل ہو

اس وقت دو طبقوں کے لئے تعلیم بالغان کی خاص طور پر ضرورت ہو ایک تو وہ لوگ جو دوسری تیسری جماعت تک پڑھنے کے بعد اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکے اور دوسرے وہ لوگ جو بالکل ان پڑھ ہیں۔ اول الذکر کی تعلیم کا انتظام اس لئے ضروری ہے کہ اگر زیادہ مدت تک ان کو تعلیم سے بے بہرہ رہنے دیا گیا تو یقین ہو کہ حرف شناسی کی قابلیت بھی ان میں باقی نہ رہے گی۔ یہ لوگ کام دھندوں کی وجہ سے مدرسہ کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرنے سے معذور ہیں اور اس کی استطاعت نہیں رکھتے کہ خانگی طلبہ

طور پر کسی سے تعلیم حاصل کریں اس لئے ان لوگوں کی تعلیم کے لئے حسب ذیل طریقے اختیار کرنا چاہیئے۔
۱۔ کتب خانہ جس میں خاص بالغ مبتدیوں کے لئے آسان کتابیں جمع کی جائیں اور پڑھنے کے لئے تقسیم کی جائیں۔
۲۔ اخبارات اور رسائل پڑھنے کا شوق پیدا کیا جائے یہاں تک کہ اخبار بینی عادت میں داخل ہو جائے۔
۳۔ معاشی، سیاسی، مذہبی اور معاشرتی امور میں رہنمائی کی جائے تعلیمی جلسے منعقد کئے جائیں جن میں مفید مطلب باتیں بتلائی جائیں۔
۴۔ تعلیمی کتبات اور دیواری اخبار شائع کئے جائیں اور مختصر مطبوعات پڑھنے کے لئے تقسیم کی جائیں۔
۵۔ مختلف مضامین کے درس کے لئے تعلیمی حلقے قائم کئے جائیں تعلیمی حلقوں کے لئے چھوٹے چھوٹے نصاب مقرر کئے جائیں جو تھوڑی مدت کے اندر پورے کئے جاسکیں ایک نصاب کی تکمیل کے بعد ایک تعلیمی حلقے کا کام ختم ہو جائے گا۔

ان پڑھ لوگوں کی تعلیم کا کام خاص اہمیت رکھتا ہو لیکن یہ کام زیادہ دشوار، وقت طلب، اور صبر آزما ہی! اس کام کو شروع کرنے سے قبل پہلے کسی آبادی کو اس کام کے لئے مخصوص کرلینا چاہیئے جہاں پوری توجہ اور وسائل مرکوز کئے جاتے ہیں پھر اس آبادی کا جائزہ لینا چاہیئے کہ ہر گھر میں کتنے خواندہ اور کتنے ناخواندہ ہیں، اس کے بعد ان پڑھ بالغوں کی تعلیم کے لئے حسب ذیل تدابیر اختیار کرنا چاہیئے۔
۱۔ بستی کے تعلیم یافتہ لوگوں سے خدمت کا عہد لیا جائے۔
۲۔ پڑھنا لکھنا سکھانے کے لئے تعلیمی حلقے قائم کئے جائیں لیکن اس سلسلہ میں حسب ذیل باتوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے
(ا) ایک حلقہ میں طلبہ کی تعداد بالعموم پانچ چھ یا زیادہ سے زیادہ دس تک ہو۔
(ب) ایک تعلیمی حصہ ایک مقررہ مدت کے لئے قائم کیا جائے پڑھنا لکھنا سکھلانے کے لئے ایک ایک گھنٹے کے سو سبق کافی ہوں گے جو تین چار ماہ کی مدت کے اندر دئے جا سکتے ہیں اس کے بعد ایک تعلیمی حلقہ کا کام پورا ہو جائیگا۔ اور پھر ضرورت ہو تو دوسرا حلقہ شروع کیا جا سکتا ہی۔
(ج) جس علاقے میں طلبہ رہتے ہیں وہیں کسی جگہ تعلیم کا انتظام کیا جائے اور تعلیم کے اوقات طلبہ کی مرضی اور مشورہ سے مقرر کئے جائیں ان حلقوں کا انتظام بالکل نجی انداز پر ہو، قواعد و ضوابط بالکل مقرر نہ ہوں۔
(د) تعلیمی حلقوں کے کارکن وہی لوگ مقرر کئے جائیں جو مقررہ مدت تک خدمت کرنے کے لئے آمادہ ہوں ورنہ اعزازی کارکنوں کی بجائے تنخواہ دار کارکن کام کے لئے مقرر کئے جائیں۔
(ہ) عام تعلیم کے لئے وہی تدابیر اختیار کی جائیں جو خواندہ لوگوں کے لئے نمبر ۲ تا ۵ میں تجویز کی گئی ہیں

مگر تعلیم بالغان کے لئے یہ جملہ خدمات، مدارس شبینہ کے ذریعہ ممکن نہیں ہیں بالغوں کے لئے مدرسہ کا نام بھی کچھ زیادہ ولولہ انگیز نہیں ہوتا بلکہ ہمارے مدرسوں کے ساتھ کچھ ایسی روایات اور خیالات وابستہ ہوگئے ہیں کہ بڑی عمر کے لوگ تعلیم کے لئے مدرسہ جانا اپنی توہین سمجھتے ہیں اس لئے بجائے مدارس کے یہ جملہ خدمات ایک "مرکز" کے ذریعہ انجام دی جاسکتی ہیں۔ اور یہ مرکز محلہ محلہ قائم کئے جاسکتے ہیں۔

جامعہ کے حلقۂ تعلیم و ترقی نے اسی طریقے پر ایک مرکز یکم مئی سے قرولباغ میں قائم کیا ہے انشاء اللہ آئندہ مہینہ میں ہم اس مرکز کی کارگزاریوں کے متعلق بھی کچھ لکھیں گے۔

تعلیم بالغان کے سلسلہ میں ذیل کا تعلیمی سامان دفتر تعلیم و ترقی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی سے قیمتاً مل سکتا ہے۔

۱۔ خدمت کا عہد ۔/ (عہ/ سیکڑہ)
۲۔ میرا وعدہ " "
۳۔ سچی تعلیم (قرآنی کتبہ) ا/ عہ/ میں ۲۰
۴۔ اچھی تعلیم (حدیث کا کتبہ) ۰/ ۹/ "
۵۔ اردو کا قاعدہ نمبر ۱ ۔/
۶۔ اردو کا قاعدہ نمبر ۲ ۰/
۷۔ " " نمبر ۳ ۰/
۸۔ تختۂ تعلیم و ترقی عہ/ عمدہ لکڑی
۹۔ مدرس کا قاعدہ نما ۲/
۱۰۔ اردو پڑھانے کا آسان طریقہ ۴/

۱۱۔ رسائل تعلیم و ترقی

یہ رسائل بالغ مبتدیوں کی دلچسپی اور ضرورتوں کا لحاظ رکھ کر سہل اور سادہ زبان میں بیان کئے جا رہیں کتابت اور طباعت میں خاص اہتمام کیا گیا ہے تقریباً پچاس رسائل اس سلسلہ کے زیر ترتیب ہیں۔ ان میں سے حسب ذیل چھ رسائل چھپ کر شائع ہوگئے ہیں۔

۱۔ نماز نماز کی دعائیں اور نماز کا طریقہ ۓ/
۲۔ حکایتیں حصہ اول ۓ/
۳۔ " حصہ دوم ۓ/
۴۔ حبیب خدا ۓ/
۵۔ نظمیں ۰/
۶۔ سیو نسلیمی ۓ/

محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ ایک روپیہ سے کم کے سامان کے لئے ڈاک کے ٹکٹ آنے چاہئیں

حالاتِ جامعہ

حسب معمول ۱۳ اپریل کو جامعہ میں قومی دن منایا گیا۔ تمام ملازموں (خدمتگاروں) کو چھٹی دیدی گئی۔ اور ساری ضروریات چھوٹی سے لے کر بڑی تک خود طلبہ نے انجام دیں اور ادنیٰ ادنیٰ کاموں کے انجام دینے میں کوئی عار محسوس نہیں کی۔ ناشتہ اور دوپہر کا کھانا تو ہر دارالاقامۃ میں علیحدہ علیحدہ تیار کیا گیا۔ مگر شام کو جامعہ کی تمام برادری نے طالب علموں کا پکایا ہوا ایک ساتھ کھایا۔ اس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ جامعہ کے تمام شعبوں کے ملازموں کے ساتھ جن میں مہتر بھی شامل ہوتے ہیں۔ بیٹھ کر کھایا جاتا ہے۔ اور اسلامی مساوات کو عملی شکل میں پیش کیا جاتا ہے۔

امسال ایک نئی چیز کا اضافہ تھا۔ حلقہ ہمدردان جامعہ کو معلوم ہے کہ گذشتہ سال، مدرسہ اسلامیہ شملہ نے جامعہ کو ایک عمدہ قسم کا فوجی بینڈ عنایت کیا تھا۔ مدرسہ ثانوی کے طلبہ اسے سیکھ رہے ہیں اور تھوڑی ہی مدت میں اسے خاصا سیکھ لیا ہے۔ انھوں نے کھانے کے قبل بینڈ بجا کر لوگوں کو محظوظ کیا۔

دو سال سے، اسے تعلیم سے قریب کرنے کے لئے جلسہ بھی ہوتا ہے۔ اور ملک کے اہم مسائل پر کالج اور ثانوی و ابتدائی مدارس کے طلبہ، مضامین لکھ کر پڑھتے ہیں، امسال بھی جلسہ کی تیاری کی گئی تھی اور دو سال کے تجربہ سے فائدہ اٹھا کر، امسال اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کی گئی تھی، مگر بعض وجوہ سے یہ جلسہ امسال نہ ہو سکا۔

مدرسہ ثانوی کے "اقامتی طلبہ کی انجمن" بزم ادب کے زیر اہتمام المصور کے نام سے ایک پندرہ روزہ ... دیواری اخبار (Wall Paper) نکلتا ہے۔ ان بچوں نے اس دن کی مناسبت سے اس کا آزادی نمبر تیار کیا تھا۔

مطبوعہ اور غیر مطبوعہ (پنسل ڈرائنگ) تصویروں سے جلیانوالہ باغ اور خدائی تحریک کے سلسلہ کے مظالم دکھائے گئے تھے۔ اور بھی بہت سی مفید معلومات بہم پہنچائی گئی تھیں اس کے علاوہ ملک کی آزادی کی اہم تحریکوں کے متعلق چھوٹے چھوٹے مضامین تھے۔ مثلاً

۱:۔ ہندوستان کی آزادی میں حیدر علی اور سلطان ٹیپوؒ کا حصہ
۲:۔ ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ
۳:۔ وہابی تحریک اور دوسرے مسلم علماء کا حصہ تحریک آزادی میں
۴:۔ کانگریس
۵:۔ مسلم لیگ
۶:۔ جلیانوالہ باغ کا حادثہ
۷:۔ تحریک آزادی میں جامعہ کا حصہ
۸:۔ تحریک خدائی خدمتگار
۹:۔ محمد علی جناح

آج کل امتحانات کا زمانہ ہے۔ سندی آخر اور ثانوی ششم کے امتحانات ختم ہو چکے ہیں۔ سندی اول اور ثانوی پنجم کے ہو رہے ہیں۔ اور ۱۵ مئی تک ختم ہو جائیں اس کے بعد یکم اگست تک کے لئے کالج بند ہو جائے گا ثانوی اور ابتدائی مدارس کے امتحانات بھی شروع ہونے والے ہیں۔ طلبہ تیاریوں میں مشغول ہیں:۔

استادوں کے مدرسہ کے عملی امتحانات ہو رہے ہیں اور پھر اس کے بعد سے نظری امتحانات بھی ہوں گے۔ اور جون کے پہلے ہفتہ سے یہاں بھی چھٹی ہو جائے گی:۔

ادے پور (میواڑ) میں ودیا بھون کے نام سے ایک ہائی اسکول ہے۔ جس میں بچوں کی تعلیم و تربیت کا خصوصی طور پر خیال رکھا جاتا ہے۔ پچھلے مہینہ، وہاں کے ایک استاد جناب بالیشور پرشاد صاحب ایم۔اے۔ ایل۔ ایل۔ بی جامعہ کے طرز تعلیم و طریق تعلیم کے مطالعہ کے لئے تشریف لائے۔ ایک مہینہ قیام فرمایا اور استادوں کے مدرسہ، ثانوی اور ابتدائی مدارس جامعہ نگر اوکھلا کا بہ تفصیل مطالعہ کیا:۔

اعظم گڈھ میں حکیم مولوی محمد اسحاق صاحب کی کوششوں سے ایک ابتدائی مدرسہ، کئی سال سے قایم ہے۔ اس میں تعلیم کے ساتھ ساتھ، بچوں کو مفید دستکاریاں بھی سکھلائی جاتی ہیں۔ اس کے صدر مدرس جناب مولوی محمد یونس صاحب اصلاحی، جامعہ تشریف لائے۔ اور پندرہ بیس روز قرول باغ اور دو تین دن جامعہ نگر اوکھلا میں قیام فرما کر جامعہ کی ابتدائی تعلیم کا مطالعہ کیا:۔

۸ رمئی کو جامعہ نگر اوکھلا میں ایک نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ جو استادوں کے مدرسہ کے استعمال میں آئے گی۔ اس تقریب میں، جامعہ کی تمام برادری اور شہر کے دیگر حضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی:۔

یہ عمارت، جناب نثار احمد خاں صاحب شروانی اور جناب فدا احمد خاں صاحب شروانی کے عطیہ سے بنے گی۔ اور ان کے مرحوم بھائی اور جامعہ کے ناظم اول جناب تصدق احمد خاں صاحب شروانی مرحوم کے نام سے موسوم ہوگی۔

سنگ بنیاد رکھنے سے قبل پروفیسر محمد مجیب صاحب قائم بمقام شیخ الجامعہ نے ایک مبسوط تقریر کی۔ اس کے جواب میں کے سنتانم صاحب نے بھی ایک مختصر سی تقریر کی اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس کے بعد فدا احمد خاں صاحب نے ایک مختصر اور پرجوش تقریر کی۔ آخر میں جناب سید انصاری صاحب پرنسپل استادوں کے مدرسہ نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا کہ اس شدید گرمی میں، شہر سے اس قدر دور تشریف لانے کی زحمت کی۔

اس موقع پر مکتبہ جامعہ کی طرف سے خوبصورت کارڈ پر مولانا حالی رح کی ایک رباعی چھاپ کر تقسیم کی گئی۔ جامعہ نگر اوکھلا کے بچوں نے مختلف ورزشی کھیلوں اور مدرسہ ثانوی کے طلبہ نے بینڈ سے مہمانوں کو محظوظ کیا مکتبہ جامعہ کی طرف سے لکڑی کے کرتب دکھلانے کا بھی پروگرام تھا۔ مگر جگہ کی خرابی اور وقت کی تنگی کی وجہ سے ممکن نہ ہو سکا:۔

تحریک حلقہ ہمدردانِ جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو جنوری ۱۹۳۹ء میں حلقہ ہمدرداں میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۶۶۰۱	فیاض علی خاں صاحب　اٹاوہ	۱۸	۶۶۱۸	حمایت حسین صاحب　کلکتہ	۳۵	۶۶۳۵	محمد سعید صاحب　گجرات
۲	۶۶۰۲	سید احمد حسین صاحب دارقی　〃	۱۹	۶۶۱۹	لیکوٹ ویریکینی	۳۶	۶۶۳۶	قاضی مقبول احمد صاحب　〃
۳	۶۶۰۳	شمس الدین عرف سما صاحب　〃	۲۰	۶۶۲۰	برکت علی اینڈ سنز　〃	۳۷	۶۶۳۷	محمد حسین صاحب　〃
۴	۶۶۰۴	سلطان حمید صاحب　〃	۲۱	۶۶۲۱	محمود قاسم اوراجی صاحب　〃	۳۸	۶۶۳۸	مستری فضل الٰہی صاحب　〃
۵	۶۶۰۵	مولوی عبدالقیوم صاحب　〃	۲۲	۶۶۲۲	حاجی حمایت اللہ صاحب　سنبھل	۳۹	۶۶۳۹	ریاض الرحمٰن صاحب　کانپور
۶	۶۶۰۶	سید درحسن صاحب　〃	۲۳	۶۶۲۳	عرفان علی خاں صاحب　〃	۴۰	۶۶۴۰	جی اے مختار صاحب　کشمیر
۷	۶۶۰۷	محمد مصباح الدین صاحب نقوی لکھنؤ	۲۴	۶۶۲۴	الطاف حسین خاں صاحب　〃	۴۱	۶۶۴۱	ڈاکٹر بدرالدین صاحب　بربھنی
۸	۶۶۰۸	نجم الدین احمد صاحب　〃	۲۵	۶۶۲۵	طاہر الانصاری صاحب　مرادآباد	۴۲	۶۶۴۲	محمد یوسف صاحب　اورنگ آباد
۹	۶۶۰۹	مرشد علی خاں صاحب　آنولہ	۲۶	۶۶۲۶	متولی صاحب وقف رفیع الدین　〃	۴۳	۶۶۴۳	سید محمود مغربی صاحب　〃
۱۰	۶۶۱۰	یوسف علی صاحب　فیض آباد	۲۷	۶۶۲۷	شرف رسول صاحب　لکھنؤ	۴۴	۶۶۴۴	محمد ساجد صاحب　〃
۱۱	۶۶۱۱	حبیب حسین صاحب صدیقی بارہ بنکی	۲۸	۶۶۲۸	علی حسن صاحب　〃	۴۵	۶۶۴۵	علیم اللہ صاحب　〃
۱۲	۶۶۱۲	ڈاکٹر محمد حنیف صاحب　〃	۲۹	۶۶۲۹	سید جواد شاہ صاحب　گورکھپور	۴۶	۶۶۴۶	حیات اللہ صاحب　〃
۱۳	۶۶۱۳	ڈاکٹر محمد مظفر صاحب　رانچی	۳۰	۶۶۳۰	شجاعت علی خاں صاحب　〃	۴۷	۶۶۴۷	بشیر الدین صاحب　〃
۱۴	۶۶۱۴	ابوالاحد محمد نور صاحب　پورنیہ	۳۱	۶۶۳۱	عزیز احمد صاحب　〃	۴۸	۶۶۴۸	امین خاں صاحب　〃
۱۵	۶۶۱۵	بیگم قاضی محمود اشرف صاحب مرحوم آرہ	۳۲	۶۶۳۲	محمد علیم احمد زئی صاحب　کوئٹہ	۴۹	۶۶۴۹	سید محی الدین صاحب　〃
۱۶	۶۶۱۶	سید شوکت علی صاحب　〃	۳۳	۶۶۳۳	قاضی عبدالقدیر صاحب　گجرات	۵۰	۶۶۵۰	محمد ابراہیم صاحب　〃
۱۷	۶۶۱۷	وہاج الدین ریاض الدین صاحب کلکتہ	۳۴	۶۶۳۴	چودھری محمد سرور صاحب　〃	۵۱	۶۶۵۱	دتاترے راؤ صاحب　〃

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۵۲	۶۶۵۲	بھگوان راؤ صاحب اورنگ آباد	۶۸	۶۶۶۸	سید رحیم الدین حسین صاحب گلبرگہ	۸۴	۶۶۸۴	مسٹر عبدالحکیم سنگھ بھوم
۵۳	۶۶۵۳	وشوناتھ راؤ کھرے صاحب 〃	۶۹	۶۶۶۹	محمد عبدالکریم صاحب 〃	۸۵	۶۶۸۵	مسٹر ایم اے لطیف 〃
۵۴	۶۶۵۴	رام لال صاحب 〃	۷۰	۶۶۷۰	سعید الحسن صاحب 〃	۸۶	۶۶۸۶	مسٹر محمد عیسیٰ 〃
۵۵	۶۶۵۵	محمد بہادر خاں صاحب حیدرآباد	۷۱	۶۶۷۱	علی الدین صاحب 〃	۸۷	۶۶۸۷	مسٹر ضمیر الدین 〃
۵۶	۶۶۵۶	عبدالعزیز صاحب 〃	۷۲	۶۶۷۲	سید سجاد علی صاحب 〃	۸۸	۶۶۸۸	سید عبدالرحیم صاحب 〃
۵۷	۶۶۵۷	معراج الدین نور الاسلام صاحب جالنگر	۷۳	۶۶۷۳	غلام حافظ خاں صاحب 〃	۸۹	۶۶۸۹	مسٹر محمد عبدالستار 〃
۵۸	۶۶۵۸	حاجی محمد حیدر صاحب 〃	۷۴	۶۶۷۴	وحید الزماں صاحب 〃	۹۰	۶۶۹۰	مسٹر حکیم خاں 〃
۵۹	۶۶۵۹	غوث یار جنگ صاحب 〃	۷۵	۶۶۷۵	امیر الدین صاحب 〃	۹۱	۶۶۹۱	مسٹر یقین احمد 〃
۶۰	۶۶۶۰	محی الدین صاحب 〃	۷۶	۶۶۷۶	محمود علی صاحب 〃	۹۲	۶۶۹۲	محمد سلیم صاحب 〃
۶۱	۶۶۶۱	سید عابد حسین صاحب 〃	۷۷	۶۶۷۷	سید احمد صاحب 〃	۹۳	۶۶۹۳	فضل کریم بخش صاحب مظفرگڑھ
۶۲	۶۶۶۲	غلام احمد صاحب 〃	۷۸	۶۶۷۸	قمر الدین صاحب 〃	۹۴	۶۶۹۴	ملک قادر بخش صاحب 〃
۶۳	۶۶۶۳	سید امین الدین صاحب 〃	۷۹	۶۶۷۹	محی الدین صاحب 〃	۹۵	۶۶۹۵	محمد بخش صاحب 〃
۶۴	۶۶۶۴	عبدالقادر انصاری صاحب 〃	۸۰	۶۶۸۰	غلام حسین صاحب 〃	۹۶	۶۶۹۶	غلام قادر صاحب 〃
۶۵	۶۶۶۵	فضل احمد خاں صاحب 〃	۸۱	۶۶۸۱	سید ممتاز احمد صاحب زیدی جامعہ نگر	۹۷	۶۶۹۷	اللہ دتا صاحب 〃
۶۶	۶۶۶۶	محمد سیف اللہ صاحب 〃	۸۲	۶۶۸۲	مسٹر حسن امام جمشید پور	۹۸	۶۶۹۸	الٰہی بخش صاحب دہلی
۶۷	۶۶۶۷	محمد شریف الدین صاحب 〃	۸۳	۶۶۸۳	مسٹر عظیم اللہ 〃			

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو جنوری ۱۹۳۹ء میں ہمیں اپنے مہتممین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر ممنون ہوگا۔
اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیئے کہ مہینے کے آخری دنوں کی وصولیابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینے

میں محسوب ہوتی ہے اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو انھیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیے (مرتب)

جنوری سنہ ۲۹ء

دہلی و نئی دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۴۴۹	محمد شاغل صاحب نئی دہلی	صہ	۲۰	۲۵۶۸ سی	حاجی عباد اللہ خانصاحب	عا	۳۹	۲۵۸۷ سی	سعید احمد صاحب "	عہ
۲	۲۵۷	شیخ ایم یونس صاحب دہلی	عہ	۲۱	"۲۵۶۹	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴ر	۴۰	"۲۵۸۸	محبوب احمد صاحب "	۴ر
۳	۲۵۹	شاہد علی اینڈ برادرز "	صہ	۲۲	"۲۵۷۰	رحمت اللہ خانصاحب "	۴ر	۴۱	"۲۵۸۹	پروفیسر عبدالرحمن صاحب "	عہ
۴	۳۰۹	الاسٹر انسگا رٹر لائف انشورنس کمپنی	صہ	۲۳	"۲۵۷۱	سید محمد احمد صاحب "	عہ	۴۲	"۲۵۹۰	ملک آفتاب احمد صاحب "	عہ
۵	۳۸۰	ظہور الٰہی صاحب نئی دہلی	عہ	۲۴	"۲۵۷۲	آفتاب الدین صاحب "	عہ	۴۳	"۲۵۹۱	مولوی حاجی نور محمد صاحب "	۲ر
۶	۲۹۶	ڈاکٹر محمد ایوب صاحب "	عہ	۲۵	"۲۵۷۳	محمد شفیع صاحب "	۸ر	۴۴	"۲۵۹۲	کاملین صاحب "	صہ
۷	۲۹۰	خواجہ محمد عبدالمجید خانصاحب دہلی	سے	۲۶	"۲۵۷۴	منشی حشمت اللہ صاحب "	عہ	۴۵	"۲۵۹۳	حاجی منور الدین محمد گلزار احسن صاحبان	صہ
۸	۲۵۵۶ سی	آغا محمد امین صاحب "	عہ	۲۷	"۲۵۷۵	حکیم حامد میاں صاحب "	۲ر	۴۶	"۲۵۹۴	اللہ یار خاں صاحب "	۴ر
۹	"۲۵۵۷	میاں اللہ بخش محمد سعید صاحبان "	سے	۲۸	"۲۵۷۶	منشی بشیر بیگ صاحب "	۲ر	۴۷	"۲۵۹۵	حاجی عبدالرحمن عبدالرحیم صاحبان	عہ
۱۰	"۲۵۵۸	حاجی عبدالحمید خاں صاحب "	صہ	۲۹	"۲۵۷۷	سرفراز الحق صاحب "	۴ر	۴۸	"۲۵۹۶	حاجی محبوب بخش و ربیع الدین صاحبان	عہ
۱۱	"۲۵۵۹	احسن حامد علی صاحب "	۸ر	۳۰	"۲۵۷۸	کپتان حبیب الرحمن صاحب "	صہ	۴۹	"۲۵۹۷	شیخ انیس الرحمن صاحب "	۴ر
۱۲	"۲۵۶۰	محمد علی صاحب "	۸ر	۳۱	"۲۵۷۹	احمد اسلام خانصاحب "	عہ	۵۰	"۲۵۹۸	شیخ محمد سعید صاحب "	۸ر
۱۳	"۲۵۶۱	سید شمس الدین صاحب "	۸ر	۳۲	"۲۵۸۰	محمد ابراہیم صاحب "	۴ر	۵۱	"۲۵۹۹	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۸ر
۱۴	"۲۵۶۲	سید حفیظ الدین صاحب "	۸ر	۳۳	"۲۵۸۱	محمد شفیق صاحب "	عہ	۵۲	"۲۶۰۰	محمد عارف صاحب "	عہ
۱۵	"۲۵۶۳	ایس محمد یوسف صاحب "	۸ر	۳۴	"۲۵۸۲	محمد سلیم خاں صاحب "	۴ر	۵۳	"۲۹۵۱	ایس مولا بخش مہر دین صاحبان "	عہ
۱۶	"۲۵۶۴	بیگم محمد یعقوب صاحب "	۸ر	۳۵	"۲۵۸۳	مسز ایم جی اے صابری صاحب	۴ر	۵۴	"۲۹۵۲	منشی محمد احسن صاحب "	۸ر
۱۷	"۲۵۶۵	اے حکیم بٹ صاحب "	عہ	۳۶	"۲۵۸۴	منشی شمس الدین صاحب "	۴ر	۵۵	"۲۹۵۳	محمد عبدالخالق شہاب الدین صاحبان	ع
۱۸	"۲۵۶۶	سید غلام حسنین صاحب "	عا	۳۷	"۲۵۸۵	غازی عبدالجبار صاحب "	عا	۵۶	"۲۹۵۴	میاں فیض محمد صاحب "	عہ
۱۹	"۲۵۶۷	زاہد حسین صاحب "	صہ	۳۸	"۲۵۸۶	حاجی محمد عمر صاحب "	صہ	۵۷	"۲۹۵۵	میاں عبدالرشید صاحب "	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۵۸	۲۹۵۶ سی	دفتر رسالہ عصمت دہلی	۸/	۸۲	۲۹۸۰ سی	رفیع اللہ خاں صاحب دہلی	۸/	۱۰۶	۳۰۲۳ سی	مولانا بشیر احمد صاحب دہلی	۴/
۵۹	۲۹۵۷ "	عبداللطیف خاں صاحب "	صہ/	۸۳	۲۹۸۱ "	الٰہی مولا بخش صاحب "	عہ/	۱۰۷	۳۰۲۴ "	مولانا عبدالرزاق صاحب "	۶/
۶۰	۲۹۵۸ "	شیخ محمد شفیع صاحب "	۲/	۸۴	۳۰۰۱ "	حکیم محمد فرید احمد صاحب عباسی	عہ/	۱۰۸	۳۰۲۵ "	مولانا منظر علی صاحب "	۴/
۶۱	۲۹۵۹ "	سید سلیم الدین صاحب "	۴/	۸۵	۳۰۰۲ "	سلیم الزماں صاحب صدیقی "	۶/	۱۰۹	۳۰۲۶ "	شہاب الدین محمد دین صاحبان	۴/
۶۲	۲۹۶۰ "	حکیم شریف الدین خاں صاحب "	۴/	۸۶	۳۰۰۳ "	ایضاً " "	عہ/	۱۱۰	۳۰۲۷ "	ریاض الحسن صاحب "	۸/
۶۳	۲۹۶۱ "	قمر الدین احمد صاحب "	عہ	۸۷	۳۰۰۴ "	بیگم عبدالمنان صاحب "	۶/	۱۱۱	۳۰۲۸ "	شمس العارفین صاحب "	عہ
۶۴	۲۹۶۲ "	محمد شفیع محمد خلیل صاحبان "	عہ/	۸۸	۳۰۰۵ "	منشی خورشید عالم صاحب "	عہ/	۱۱۲	۳۰۲۹ "	خواجہ سرور حسن صاحب "	۶/
۶۵	۲۹۶۳ "	سراج الدین احمد صاحب "	۲/	۸۹	۳۰۰۶ "	حافظ عبدالحق سراج الحق صاحبان "	۸/	۱۱۳	۳۰۳۰ "	حافظ محمد محفوظ الٰہی صاحب "	۲/
۶۶	۲۹۶۴ "	محمد وزیر صاحب "	عہ/	۹۰	۳۰۰۷ "	عبدالحمید صاحب "	ے/	۱۱۴	۳۰۳۱ "	عبداللطیف صاحب قریشی	عہ/
۶۷	۲۹۶۵ "	حاجی عبدالحمید محمد الیاس صاحبان "	۴/	۹۱	۳۰۰۸ "	محمد حسین خادم صاحب "	۸/	۱۱۵	۳۰۳۲ "	ڈاکٹر حسین بخش صاحب "	۲/
۶۸	۲۹۶۶ "	ایم اکرام الدین صاحب "	۴/	۹۲	۳۰۰۹ "	حامد علی صاحب "	۴/	۱۱۶	۳۰۳۳ "	منشی علی احمد خاں صاحب "	عہ/
۶۹	۲۹۶۷ "	شیخ عبدالرزاق صاحب "	عہ/	۹۳	۳۰۱۰ "	میر عزیز الدین صاحب "	عہ/	۱۱۷	۳۰۳۴ "	مرزا سلیمان صاحب جوہری "	عہ/
۷۰	۲۹۶۸ "	کالو صاحب "	۴/	۹۴	۳۰۱۱ "	ڈاکٹر عبدالغنی قریشی صاحب "	عہ/	۱۱۸	۳۰۳۵ "	انوار الحق ایم ایم عرفان صاحبان	عہ/
۷۱	۲۹۶۹ "	شیخ محمد ادریس صاحب "	۲/	۹۵	۳۰۱۲ "	رفیق احمد صاحب "	عہ/	۱۱۹	۳۰۳۶ "	امجد حسین خاں صاحب "	۸/
۷۲	۲۹۷۰ "	محمد صبغت اللہ صاحب "	۴/	۹۶	۳۰۱۳ "	محمود علی صاحب "	۶/	۱۲۰	۳۰۳۷ "	حاجی بشیر احمد صاحب "	۸/
۷۳	۲۹۷۱ "	الیس عصمت اللہ محمد سلطان صاحبان "	عہ/	۹۷	۳۰۱۴ "	خاں بہادر محمد سلیمان صاحب "	صہ/	۱۲۱	۳۰۳۸ "	حاجی عبدالمغنی فضل الحق صاحبان	۶/
۷۴	۲۹۷۲ "	محمد یوسف صاحب اللہ والے "	۴/	۹۸	۳۰۱۵ "	نظری خاں صاحب "	عہ/	۱۲۲	۳۰۳۹ "	حکیم ذکی احمد صاحب "	عہ/
۷۵	۲۹۷۳ "	عبدالحکیم صاحب "	۸/	۹۹	۳۰۱۶ "	عبدالاحد صاحب "	۴/	۱۲۳	۳۰۴۰ "	تعظیم الحق صاحب "	۶/
۷۶	۲۹۷۴ "	سید محمد اختر صاحب "	۴/	۱۰۰	۳۰۱۷ "	محمد اقبال حسین صاحب "	عہ/	۱۲۴	۳۰۴۱ "	بیگم مولوی ظفر حسین صاحب	عہ/
۷۷	۲۹۷۵ "	قمر الدین صاحب "	۴/	۱۰۱	۳۰۱۸ "	شیخ محمد تقی صاحب "	۸/	۱۲۵	۳۰۴۲ "	ڈاکٹر محمد شریف صاحب "	۸/
۷۸	۲۹۷۶	میاں محمد رفیق صاحب "	عہ/	۱۰۲	۳۰۱۹ "	لیڈی ڈاکٹر الف ڈی محمود صاحب "	عہ/	۱۲۶	۳۰۴۳ "	عیوض خاں محمد اسمٰعیل صاحبان "	صہ/
۷۹	۲۹۷۷ "	محمد شفیع الدین صاحب نیر "	عہ/	۱۰۳	۳۰۲۰ "	احمد حسن خاں صاحب "	عہ/	۱۲۷	۳۰۴۴ "	زرین نگار عبدالحمید خاں صاحبان	۶/
۸۰	۲۹۷۸ "	صالح خاتون صاحبہ "	۸/	۱۰۴	۳۰۲۱ "	ظہیر الدین صاحب چشتی "	عہ/	۱۲۸	۳۰۴۵ "	حاجی نور الدین صاحب "	۴/
۸۱	۲۹۷۹ "	محمد ادریس صاحب باڑی "	عہ/	۱۰۵	۳۰۲۲ "	خواجہ غلام السبطین صاحب "	عہ/	۱۲۹	۳۰۴۶ "	غفران الدین صاحب "	۴/

نمبر شمار	چندہ دہندہ نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	چندہ دہندہ نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۳۰	۲۰۴۷ مئی	مرزا فیاض بیگ صاحب دہلی	۴/	۳	۲۸۲	حافظ انشاء احمد صاحب عباسی	ے/	۲۷	۱۴۲۲ مئی	سید جواد علی شاہ صاحب گورکھپور	صہ
۱۳۱	۲۰۴۸"	حافظ عبد الحلیم حبیب الرحمٰن صاحبان "	۴/	۴	۲۸۹	حبیب حسین صاحب ردولی	عہ/	۲۸	۱۴۲۳"	ڈاکٹر حفیظ اللہ صاحب "	ے/
۱۳۲	۲۰۴۹"	ایم الواہ[illegible] حق صاحب "	۴/	۵	۲۹۲	محمد وسیم صاحب لکھنؤ	صہ/	۲۹	۱۴۲۴"	عزیز احمد صاحب تحصیلدار "	عہ/
۱۳۳	۲۰۵۰"	[illegible] احمد صاحب "	عہ/	۶	۲۹۴	عاشق حسین صاحب بلرامپور	۸ہ/	۳۰	۱۴۲۵"	علی ضمیر صاحب بہرائچ	۶/
۱۳۴	۱۸۸۰"	لیاقت اللہ خاں صاحب "	۸/	۷	۳۰۳	بیگم ایم اسلام صاحب کانپور	عمہ/	۳۱	۱۴۲۶"	سید شمس الحسن صاحب "	ے/
۱۳۵	۱۸۸۱"	محمد شریف صاحب قریشی "	۸/	۸	۵۹۸ مئی	مولوی عبد العزیز صاحب مرادآباد	ے/	۳۲	۱۴۲۷"	زین اللہ صاحب "	ے/
۱۳۶	۱۸۸۲"	شمعون احمد صاحب نبی "	عہ/	۹	۵۹۹"	ڈاکٹر محمد عبد النعیم صاحب "	۸ہ/	۳۳	۱۴۲۸"	سعید احمد صاحب وارثی "	۶/
۱۳۷	۱۸۸۳"	مولوی عبد الرب صاحب "	عہ/	۱۰	۶۰۰"	نواب خلیل اللہ خاں صاحب "	ے/	۳۴	۱۴۲۹"	حامد عمر صاحب "	صہ/
۱۳۸	۱۸۸۴"	حافظ عبد الحکیم صاحب "	ے/	۱۱	۱۴۰۲"	حافظ سلطان احمد صاحب "	عہ/	۳۵	۱۴۳۰"	بشیر احمد صاحب "	۶/
۱۳۹	۱۸۸۵"	ایم طفیل محمد صاحب "	۸/	۱۲	۱۴۰۳"	حافظ محمد شاکر صاحب "	ے/	۳۶	۱۴۳۱"	بہرائچ مل لمیٹڈ "	۱عمہ
۱۴۰	۱۸۸۶"	خواجہ غلام یٰسین صاحب "	عہ/	۱۳	۱۴۰۴"	مولوی عرفان علی خاں صاحب "	۸ہ/	۳۷	۱۴۳۳"	عزیز احمد صاحب تحصیلدار "	۶/
لیکن میں اپنی اس رپورٹ میں ذرا تفصیل کے ساتھ حساب کے پڑھائے جانے کا تذکرہ کروں گا تاکہ جو صاحب اس حرفہ کا انتخاب کریں، وہ حرفہ کے ذریعہ پڑھانے کے مواقع کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ اس رپورٹ میں سوالات کے نمونے حساب کی ضرورت اور اہمیت محسوس کرانے کے چند تجویزیں اور ان کو سکھانے کے متعلق طریقہ تعلیم کا تذکرہ کیا جائے گا۔ تاکہ اس مضمون کی پڑھائی انھیں کے ماتحت لائی جا سکے۔ ایسے مدرسہ میں جہاں کسی حرفہ کی تعلیم محض مشغلہ کی حیثیت نہ رکھتی ہو بلکہ اس میں آمدنی کا بھی خیال ہو، ایک دکان کا ہونا ضروری ہے۔ دکان میں تمام ایسی چیزیں جو بچوں نے تیار کی ہوں بیچنے کے لئے رکھی جا سکتی ہیں۔ سوت، سبزی، لکڑی اور کارڈ بورڈ کی بنی ہوئی چیزیں سب وہاں رکھی جا سکتی ہیں اس طرح دوکان بچوں کے لئے کاروبار کی فضا پیدا کر دے گی۔ دوکان میں ترازو اور باٹ ہونے چاہئیں تاکہ بچے وزن کا ٹھیک حساب لگانا سیکھیں اور اسی طرح روپے پیسے کے لین دین میں جمع، تفریق، ضرب، تقسیم کے سادے اور مرکب قاعدوں سے عملی طور پر واقف ہو جائیں۔ روزانہ کے لین دین سے صحیح حساب رکھنا سیکھیں گے۔ دکان میں جو چیزیں بیچنے کے لئے رکھی جائیں۔ ان پر ان کی قیمت بھی لکھی ہو تاکہ بیچنے میں سہولت ہو۔ سوت کے نمبر وغیرہ بھی ہونے چاہئیں۔ اس دکان کی نگرانی مدرسہ کے کسی استاد کے ذمہ ہونی چاہیے جو باری باری سے بچوں کو دکان میں کام کرنے کا موقع دے حساب رکھنے کے لئے ہر چیز کا علحدہ علحدہ کھاتہ ہونا چاہیے جس میں تاریخ وار چیزوں کی آمد اور خرچ درج ہو۔ اسی طرح ایک کیش بک ہونی چاہیے جس میں روزانہ کی آمدنی اور خرچ کا حساب لکھا جائے۔ کیش بک اور کھاتوں میں لکھنے کا کام اول نگراں دکان کو کرنا چاہیے اور بچوں کو کیش بک اور کھاتوں کی طرح چھپے ہوئے فارم مشق کے لئے دینا چاہئیں۔ جب وہ ان فارموں پر صحیح صحیح لکھنے لگیں تو پھر کیش بک اور کھاتے بھی انھیں سے لکھوانے چاہئیں۔

جامعہ ملیہ کے تعلیمی مرکز ۱ کی چوتھی جماعت میں گتے کا کام بطور حرفہ کرایا گیا۔ اس جماعت سے متعلق اس قسم کی

ایک دکان ہے جس کا بہت کچھ کام بچے کرتے ہیں۔ یہ ایک بہت دلچسپ منظر ہوتا ہے۔ جب کہ بچے چیزیں فروخت کرتے ہیں اور روپیہ پیسہ بناتے ہیں حساب کی عملی مشق اسی صورت سے کرائی جاسکتی ہے۔ اور یہ ایسی صورت ہے کہ بچے دلچسپی سے کام کرتے ہیں اور گھبراتے نہیں۔ بچوں نے اپنی بنائی ہوئی چیزیں اس دکان کی معرفت فروخت کیں۔ جو کچھ سامان وہ تیار کرتے تھے وہ دکان کے سپرد کر دیتے تھے۔ جہاں وہ بک جاتا تھا۔ ایسی دکان میں مدرسے کی بنی ہوئی چیزوں کے علاوہ بچوں کے لکھنے پڑھنے کا سامان بھی بکنے کے لئے رکھا جاسکتا ہے۔ اس طرح استاد کے لئے زبانی اور تحریری حساب سکھانے کے مواقع پیدا ہوجاتے ہیں اور مختلف چیزوں کے خریدنے اور بیچنے سے متعلق زیادہ سے زیادہ سوالات بنائے جاسکتے ہیں اور بچوں کو ہر قاعدے کی کافی مشق کرائی جاسکتی ہے۔ حرفہ کا کام کرتے وقت جو سامان خریدا جائے گا اور اس سامان سے جو چیزیں تیار ہوں گی ان کے بیچے جانے پر حساب سکھانے کا موقع تو لازمی طور پر آئے گا۔ لیکن موقع آنے پر جب حساب کا کوئی قاعدہ بچوں کو سکھا دیا گیا ہو تو اس قاعدہ کی مشق کے لئے بھی ایسے ہی سوالات ہونے چاہئیں جن کا تعلق اس حرفہ سے ہو۔ یا کم از کم مدرسہ کی دکان کی اشیا سے ہو۔ اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیئے کہ وہی سوالات حل کرائے جائیں جن کی کام یا خرید و فروخت کے سلسلے میں ضرورت پیش آئے اور جہاں تک ہوسکے فرضی سوالات کو نہ پیش کیا جائے ہم نے کارڈ بورڈ سے کام کرانے کے دوران میں اس بات کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی ہے کہ سوالات میں چیزوں کی قیمت اور سامان کے نرخ صحیح ہوں بلکہ کارڈ بورڈ میں استعمال ہونے والی تمام اشیاء کی فہرست جماعت میں لگادی گئیں تاکہ فرضی قیمتوں اور نرخوں کا ذکر ہی نہ آئے۔ حساب کا کام کراتے وقت اس قسم کی فہرست ضرور تیار کرلینی چاہیئے۔ تاکہ چیزوں کی صحیح قیمت بچوں کے سامنے رہے۔

کارڈ بورڈ خریدنے کے دوران میں بچوں کو نہ صرف یہ تبلایا گیا کہ کس کس نرخ سے کارڈ بورڈ بکتا ہے بلکہ کارڈ بورڈ کے مختلف وزنوں کو تبلاتے ہوئے من، سیر اور چھٹانک کا تصور بچوں کو دیا گیا اور یہ بھی تبلایا گیا کہ جاپان اور ولایت کے کارڈ بورڈ ہنڈرڈ ویٹ کے حساب سے منگائے اور بیچے جاتے ہیں۔ اور بچوں کو اس انگریزی پیمانے کے متعلق بھی تبلایا گیا۔ یہ دونوں پیمانے لکھ کر جماعت میں لٹکا دئے گئے تاکہ بچوں کے ذہن نشین ہوجائیں اور ان کے متعلق زبانی اور تحریری سوالات بھی کئے گئے مہینہ ختم ہونے پر جب بچوں کا وزن ہوا تو ان کو تبلایا گیا کہ ایک سیر تقریباً دو پونڈ کے برابر ہوتا ہے اس تناسب سے وہ آونس، پونڈ اور ہنڈرڈ ویٹ کو سمجھنے لگے اس کی مزید مشق کے لئے بچوں سے پوچھا گیا کہ آونس اور پونڈ کا پیمانہ ہندوستان میں اور کن کن چیزوں کے تولنے کیلئے استعمال ہوتا ہے اور اس طرح ان کو اس کا خیال دلایا گیا کہ بسکٹ، دودھ، مکھن اور روغن کے ٹین سب آونس اور پونڈ کے حساب سے بکتے ہیں۔ چونکہ بچوں کی دکان بھی بسکٹ بیچتی ہے۔ لہذا اس پیمانے کے سمجھانے میں زیادہ آسانی ہوگئی۔

کاغذوں کی خریداری میں مختلف سائز کے کاغذوں کے متعلق تبلایا گیا۔ بچوں نے مختلف سائز کے کاغذوں

کی لمبائی، چوڑائی ناپی اور اس بات کی تصدیق کی کہ جو سائز دکان دار نے تبلایا تھا وہ ٹھیک ہے یا نہیں۔ لمبائی اور چوڑائی ناپنے سے رقبہ کا خیال دلایا گیا کہ اگر لمبائی چوڑائی کو ضرب دے دیا جائے تو اس سطح کا رقبہ معلوم ہو جاتا ہے جو اس چیز کی لمبائی اور چوڑائی کے اندر ہے۔ بچوں نے سطح کا رقبہ معلوم کرنے اور مختلف شکلوں سے واقفیت حاصل کرنے کی مزید مشق مربع البم اور مستطیل البم وغیرہ بنانے میں کی جیسا کہ ڈاٹنگ پیڈ، بلاٹنگ پیڈ اور مستطیل البم بناتے تھے۔ تو ان کو ان شکلوں کی بار بار مشق ہو جاتی تھی اور لمبائی چوڑائی کا تصور قائم رہتا تھا۔ مربع اور مستطیل شکلوں میں فرق واضح کرنے کے لئے ان شکلوں کی تھوڑی سی تعریف بھی ان کو تبلا دی گئی۔

کاغذ کی خریداری کے سلسلہ میں بچوں نے رم، دستہ اور تاؤ کے بارے میں سیکھا۔ درجن اور گرس کا حساب بھی کاغذ کی خریداری ہی میں تبلایا گیا جب کہ بچوں نے سیاہ ماؤنٹ پیپر اپنی تصویریں لگانے کے لئے اور ڈرائنگ کاغذ ڈرائنگ بنانے کے لئے درجن کے حساب سے بازار سے خریدا۔ ان پیمانوں کے متعلق تبلانے کے علاوہ مختلف اوقات میں مختلف چیزوں کی خریداری پر جو کچھ خرچ ہوا۔ اس کو پیش نظر رکھ کر جمع اور تفریق کے سوالات کی زبانی اور تحریری مشق کرائی گئی۔ اسی طرح چیزوں کے بکنے پر بھی مرکب قاعدوں کی مشق کرائی گئی۔ غرض کہ اس جماعت کے لیے حساب میں جتنا نصاب رکھا گیا ہے وہ تمام کا تمام اس حرفہ کے ذریعہ بغیر کسی دقت کے پورا کر دیا گیا۔

طریقۂ تعلیم کی رو سے کارڈ بورڈ کا سامان تیار کرانا بہت ہی مفید ثابت ہوا مثلاً پہاڑوں کا کھیل کھلانے میں ۳ × ۴ کے گتوں سے کام لیا گیا اور ان پر ایک طرف پہاڑا اور دوسری طرف جواب لکھا گیا۔ اس طرح مستطیل، مربع اور مثلث شکلیں بنائی گئیں اور ان پر مستطیل مربع اور البم لکھا گیا۔ ضرب کے ہی نہج پر جمع، تفریق اور تقسیم کے جوڑوں کی مشق کرائی گئی مثلاً ۹ + ۴ گتے کے ایک طرف لکھا گیا اور اس کا جوڑ یعنی ۱۳ دوسری طرف لکھ دیا گیا۔ بچوں کو ۹ + ۴ کی طرف کا حصہ دکھلایا گیا اور پوچھا گیا کہ اس کی پشت پر کیا لکھا ہے؟ اسی طرح تفریق، ضرب اور تقسیم میں بھی کیا گیا غرض کہ گتے کا کام بچوں کو حساب سکھانے کا ایسا طریقہ ہے کہ جس میں تعلیم کا پورا فائدہ ہے اور کھیل کی دلچسپی بھی۔

میں چاہتا ہوں کہ اس کام میں حساب سکھانے کے مواقع کا صحیح اندازہ کرنے لئے آپ کو ان سوالات سے روشناس کراؤں جن کو میں نے جماعت میں کرایا تھا۔ تمام سوالات کا، جن کی تعداد دو ڈھائی سو کے قریب ہوتی ہے۔ یہاں لکھنا زیادہ مناسب نہ ہوگا وہ تو ایک کتاب کی شکل میں ہی زیادہ مفید ہوں گے اس لیے صرف چند سوالات بطور نمونہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

جمع مرکب

زبانی :- (۱) گتے کے کام کے لئے ماسٹر صاحب ذیل کا سامان آج لائے کل رقم تبلاؤ؟

۶ گتے ۹ر کے، ایک چاقو ۱۴ر کا، ایک دستہ رنگین کاغذ ۲. ر کا۔

(۲) دھومی مل کاغذی نے ذیل کا بل ماسٹر صاحب کے نام بھیجا۔ کل رقم معلوم کرو؟

ڈرائنگ کاغذ ۲. ر کا، ایک درجن گتے ۱۵ر کے، ایک دستہ رنگین کاغذ ۳/ کا

(۳) گتے کا ذیل کا سامان دکان میں موجود ہے۔ اگر بک جائے تو کل کتنی آمدنی ہوگی؟

۶ بلاٹنگ پیڈ ۲ ۱ر کے، سات البم ۱۴ر کے، ایک بڑا بلاٹنگ پیڈ ۵. ر کا

تحریری:۔ (۱) کارڈ بورڈ کا کام کرانے کے لئے ماسٹر صاحب نے ذیل کا سامان خریدا۔ کل رقم معلوم کرو۔

قینچیاں چھوٹی ۱۲/ کی، بڑی قینچیاں ۱۲/، کی، فٹ رول لوہے کے ۱۲ کے، گنیا ۴ عدد ۱/ کی۔

(۲) ۳ ر نومبر کو ماسٹر صاحب نے ذیل کا سامان خریدا۔ کل رقم تبلاؤ؟

گتے ۵/، لکڑی کے تختے ۸/، ہتھوڑی ۷/، سیاہی ۵ر، اور کرایہ آمدورفت ۸ر دیا۔

(۳) دھومی مل نے ذیل کا بل دکان کے نام بھیجا۔ کل رقم معلوم کرو؟

دو درجن گتے ۱۲/، تین درجن پنسلیں ۱۱/، مختلف رنگین کاغذ ۵/، لکڑی کے فٹ رول تین درجن ۱۱/

تفریق مرکب

زبانی:۔ (۱) میں نے ذیل کا سامان دکان سے خریدا۔ اور صہ کا نوٹ دیا۔ بتاؤ دکان مجھے کیا واپس کرے گی؟

پن ٹرے ۵. ر، بلاٹنگ پیڈ دو ۴. ر، البم دو ۶ ر

(۲) شفیق صاحب نے عہ ر دئے اور ذیل کا سامان خریدا۔ ان کو کتنی رقم واپس کی جائے گی؟

کاغذ رکھنے کی کشتی ۱۲. ر، البم ۲ ر، پن ٹرے ۵. ر

تحریری:۔ (۱) جناب شیخ الجامعہ صاحب نے صہ ر دئے ہیں تاکہ ذیل کا سامان خرید لیا جائے۔ تبلاؤ سامان خریدنے کے بعد کتنی رقم واپس بچے گی؟

کارڈ بورڈ ۶/، کاغذ سفید ۱/، کاغذ رنگین ۵. ر، ابری ۱/،

(۲) رام پور کی نمائش میں کارڈ بورڈ کا ۱۱/ کا سامان مدرسہ کی طرف سے گیا تھا۔ وہاں ۸/ کا سامان بک گیا۔ کتنی قیمت کا سامان واپس آیا؟

ضرب مرکب

زبانی:۔ (۱) ایک بلاٹنگ پیڈ کی قیمت ۷ ر ہے۔ پون درجن کی کیا قیمت ہوگی؟

(۲) ایک درجن ڈرائنگ پیڈ کی قیمت ۱ے روپیہ ہے۔ پون گروس کی کیا قیمت ہوگی ؟

تحریری۔ (۱) آدھ سیر گتا ۹ درجن آتا ہے۔ ایک گروس کی کیا قیمت ہوگی ؟

(۲) لکڑی کا ایک بورڈ [illegible] میں بنتا ہے۔ ایسے ۴۰ بورڈ لڑکوں کے لئے بنوائے گئے۔ کل کتنی قیمت ادا کی گئی ؟

تقسیم مرکب

زبانی:۔ (۱) دو دم لفافوں کا کاغذ ۸ مہ روپیہ میں خریدا گیا۔ کتنے دستہ پڑا ؟

(۲) ۲ روپیہ گروس کے حساب ایک درجن گتے کی کیا قیمت ہوگی ؟

تحریری:۔ (۱) ۴۸ بورڈ [illegible] میں بنوائے گئے۔ ایک بورڈ کی کیا قیمت ہوگی ؟

(۲) تین درجن اسکوائر ۱۲ روپیہ میں خریدے گئے۔ بتلاؤ کس حساب سے خریدے گئے ؟

مختلف سوالات

زبانی:۔ (۱) ۴ ڈرائنگ پیڈ ۳ فی ڈرائنگ پیڈ کے حساب سے بنائے گئے، اور ۴ روپیہ میں فروخت کردئے گئے۔ کتنا نفع ہوا ؟

(۲) ۵ البم تصویروں والے ۳ فی البم کے حساب بنا کر تیار ہوئے۔ اور ۲ روپیہ میں بیچ دئے گئے۔ کتنا منافع ہوا ؟

تحریری:۔(۱) تین درجن مستطیل البم بنانے میں گتا ۲ روپیہ کا، سیاہ کاغذ ۵ کا، کھدر ۲ کا، رنگین کاغذ ۹ کا، لیئی ۲ کی خرچ ہوئی ؟ یہ تمام البم ۲ نفع لے کر فروخت کردئے گئے۔ ایک البم کی کیا قیمت ہوئی ؟

(۲) دو درجن ڈرائنگ پیڈ بنانے میں کاغذ ۴ کا، گتا ۲ کا، رنگین کاغذ ۲، کارڈ کا کپڑا ۲ کا اور لیئی ۱ کی خرچ ہوئی۔ یہ تمام پیڈ ۱۲ منافع لے کر بیچ دئے گئے۔ ایک کی کیا قیمت ہوئی ؟

تحریک حلقۂ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو مئی ۱۹۳۶ء میں حلقۂ ہمدردان میں شریک ہوئے ۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۶۸۳۱	عبدالمجید صاحب کلکتہ	۱۹	۶۸۴۹	عبدالرشید صاحب پٹنہ	۳۷	۶۸۶۷	ثروت خاں صاحب جھانسی
۲	۶۸۳۲	کے اسمٰعیل شریف صاحب "	۲۰	۶۸۵۰	غلام سرور صاحب بھیلوڑ	۳۸	۶۸۶۸	عبدالباری صاحب "
۳	۶۸۳۳	قریش احمد صاحب "	۲۱	۶۸۵۱	سید اطہر حسین صاحب "	۳۹	۶۸۶۹	حکمت اللہ خاں صاحب "
۴	۶۸۳۴	ایس ایم مرتضیٰ صاحب ٹاٹا نگر	۲۲	۶۸۵۲	عبدالرحمٰن صاحب "	۴۰	۶۸۷۰	عبدالقوی صاحب لکھنؤ
۵	۶۸۳۵	عبدالرؤف صاحب "	۲۳	۶۸۵۳	سید عبدالغفار صاحب "	۴۱	۶۸۷۱	مولوی اکبر علی صاحب گلبرگہ
۶	۶۸۳۶	عبدالرحیم صاحب "	۲۴	۶۸۵۴	عطاء اللہ خاں صاحب ٹاٹا نگر	۴۲	۶۸۷۲	مولوی عبداللہ صاحب انصاری "
۷	۶۸۳۷	شیخ اکرام صاحب "	۲۵	۶۸۵۵	ایم سلیمان صاحب "	۴۳	۶۸۷۳	مولوی عبدالکریم صاحب "
۸	۶۸۳۸	محمد عابد صاحب "	۲۶	۶۸۵۶	عبدالوکیل صاحب سنگھبوم	۴۴	۶۸۷۴	حاجی سید ندیم صاحب "
۹	۶۸۳۹	محمد ہادی حسن صاحب "	۲۷	۶۸۵۷	بیگم سید منظور احسن صاحب "	۴۵	۶۸۷۵	حاجی محمد عمر صاحب "
۱۰	۶۸۴۰	احمد خاں صاحب "	۲۸	۶۸۵۸	عبدالغنی صاحب "	۴۶	۶۸۷۶	الیاس احمد صاحب آدمی "
۱۱	۶۸۴۱	عبدالغفور صاحب "	۲۹	۶۸۵۹	محمد علاء الدین صاحب صدیقی لاہور	۴۷	۶۸۷۷	عبدالہادی صاحب دھرم پور
۱۲	۶۸۴۲	انوار الحسن صاحب "	۳۰	۶۸۶۰	عبدالحمید خاں صاحب گجرانوالہ	۴۸	۶۸۷۸	صغیر الحق صاحب سیوان
۱۳	۶۸۴۳	رضا خاں صاحب "	۳۱	۶۸۶۱	سید اعجاز حسین صاحب "	۴۹	۶۸۷۹	حافظ محمد شافی صاحب چمپارن
۱۴	۶۸۴۴	عبدالوہاب صاحب جمشید پور	۳۲	۶۸۶۲	خان محمد صاحب لمرڈ افریقہ	۵۰	۶۸۸۰	عبدالرحمٰن صاحب سہسرام
۱۵	۶۸۴۵	عبدالعزیز صاحب "	۳۳	۶۸۶۳	عزیز الدین صاحب "	۵۱	۶۸۸۱	ایس ایم خلیل احمد صاحب پورنیہ
۱۶	۶۸۴۶	مرلی سندر پرشاد صاحب "	۳۴	۶۸۶۴	مجتبیٰ حسین صاحب جھانسی	۵۲	۶۸۸۲	محمد نعیم صاحب بیربھوڑا
۱۷	۶۸۴۷	سید حبیب احمد صاحب کشن گنج	۳۵	۶۸۶۵	احسان الحق صاحب قریشی "	۵۳	۶۸۸۳	محمد مقصود صاحب چھپرا
۱۸	۶۸۴۸	سید سلطان احمد صاحب پٹنہ	۳۶	۶۸۶۶	عبدالحکیم صاحب "	۵۴	۶۸۸۴	الطاف حسین صاحب دہلی

نمبر شمار	چندہ نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	چندہ نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	چندہ نمبر	اسم گرامی جناب
۵۵	۲۸۸۵	مہتاب الدین صاحب ″	۶۶	۲۸۹۶	غلام فرید خان صاحب کرنال	۷۷	۲۹۰۷	سید غلام حیدر شاہ صاحب کراچی
۵۶	۲۸۸۶	[illegible] علی صاحب لاہور	۶۷	۲۸۹۷	سید وود احمد صاحب مدہول	۷۸	۲۹۰۸	خان بہادر غلام محمد صاحب میرپور
۵۷	۲۸۸۷	محمد حبیب [illegible] صاحب ″	۶۸	۲۸۹۸	محمد عبد الحلیم صاحب ″	۷۹	۲۹۰۹	خان بہادر نور نبی صاحب ″
۵۸	۲۸۸۸	محمد ابراہیم علی [illegible] صاحب کرنال	۶۹	۲۸۹۹	سید غلام حیدر صاحب بہاول نگر	۸۰	۲۹۱۰	گل حسن خان صاحب ″
۵۹	۲۸۸۹	چودھری کمال الدین صاحب ″	۷۰	۲۹۰۰	مرزا امین اللہ خان صاحب ″	۸۱	۲۹۱۱	شاہ بخش صاحب ″
۶۰	۲۸۹۰	عبد الحمید خان صاحب ″	۷۱	۲۹۰۱	عبد الرشید صاحب پشاور	۸۲	۲۹۱۲	غلام نبی شاہ صاحب ″
۶۱	۲۸۹۱	محمد عثمان علی خان [illegible] ″	۷۲	۲۹۰۲	ڈاکٹر نجم الدین صاحب الہ آباد	۸۳	۲۹۱۳	محمد اسمٰعیل فاضل صاحب ″
۶۲	۲۸۹۲	شیخ اظہر علی صاحب ″	۷۳	۲۹۰۳	منور خان صاحب رامپور	۸۴	۲۹۱۴	نی کے شیخ صاحب ″
۶۳	۲۸۹۳	نواب رشید علی خان صاحب ″	۷۴	۲۹۰۴	صاحبزادہ محمد علی خان صاحب ″	۸۵	۲۹۱۵	[illegible] ″
۶۴	۲۸۹۴	نوابزادہ [illegible] علی خان صاحب ″	۷۵	۲۹۰۵	اکرام حسین صاحب ″	۸۶	۲۹۱۶	حکیم محمد حسین صاحب بمبئی
۶۵	۲۸۹۵	[illegible] علی خان صاحب ″	۷۶	۲۹۰۶	خان بہادر محمد حیات صاحب میرپور	۸۷	۲۹۱۷	اعجاز رحیم صاحب ″

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو مئی ۱۹۳۹ء میں ہمیں اپنے مہتممین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں۔ اندراجات میں صحت کا خیال رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ خاطر رہنی چاہیئے کہ مہینہ کے آخری دنوں کی وصول یابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینہ میں محسوب ہوتی ہے۔ اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں نہ ہوں تو انھیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیئے۔ (مرتب)

دہلی و نئی دہلی

مئی ۱۹۳۹ء — جولائی ۱۹۳۹ء

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۵۹۲	سید شاہد علی معہ برادران دہلی	صہ
۲	۶۲۲	خواجہ عبدالمجید خاں صاحب "	سے
۳	۶۲۳	ایس اے حیات صاحب "	۸ر
۴	۴۲۰ مئی	حاجی محمد اشفاق صاحب "	صہ
۵	۴۲۹ "	حاجی رشید احمد صاحب "	عاہ
۶	۴۳۰ "	ابو الزاہد صاحب "	عمہ
۷	۴۳۱ "	عبدالحکیم خاں صاحب "	۸ر
۸	۴۳۲ "	علاء الدین صاحب "	۸ر
۹	۴۳۳ "	ایس مولا بخش صاحب ٹھیکیدار	عہ
۱۰	۴۳۴ "	مولوی بدرالحسن صاحب "	عہ
۱۱	۴۳۵ "	حافظ شہاب الدین محمد دین صاحبان	۴ر
۱۲	۴۳۶ "	شیخ محمد تقی صاحب "	۸ر
۱۳	۴۳۷ "	ایم اکرام الدین صاحب "	۸ر
۱۴	۴۳۸ "	حکیم حاجی عبدالحمید خاں صاحب "	صہ
۱۵	۴۳۹ "	محمد شفیع صاحب "	۸ر
۱۶	۴۴۰ "	محمود علی صاحب علوی "	عاہ
۱۷	۴۴۱ "	خان بہادر محمد سلیمان صاحب "	صہ
۱۸	۴۴۲ "	احسن حامد علی صاحب "	۸ر
۱۹	۴۴۳ "	محمد طیب صاحب "	۴ر
۲۰	۴۴۴ "	احمد اسلام خاں صاحب "	عہ
۲۱	۴۴۶ "	ملک آفتاب احمد صاحب "	عاہ
۲۲	۴۴۷ "	محمد ابراہیم صاحب "	۴ر
۲۳	۴۴۸ "	شمس الدین صاحب "	۴ر
۲۴	۴۴۹ "	سعید احمد صاحب "	۴ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۵	۸۴۰ مئی	محبوب احمد صاحب "	۴ر
۲۶	۸۴۱ "	پروفیسر عبدالرحمن صاحب "	۸ر
۲۷	۸۴۲ "	غازی عبدالجبار صاحب "	عہ
۲۸	۸۴۳ "	محمد اقبال حسین صاحب "	عہ
۲۹	۸۴۴ "	احمد حسن خاں صاحب "	۴ر
۳۰	۸۴۵ "	ظہیر الدین صاحب چشتی "	۴ر
۳۱	۸۴۶ "	لیڈی ڈاکٹر ایف ڈی محمود صاحبہ	عہ
۳۲	۸۴۷ "	شمس العابدین صاحب "	عمہ
۳۳	۸۴۸ "	عبدالحق سراج الحق صاحبان "	عمہ
۳۴	۸۴۹ "	رفیع اللہ خاں صاحب "	۸ر
۳۵	۸۵۰ "	میاں غلام علی خاں صاحب "	۴ر
۳۶	۸۵۱ "	محمد اسمٰعیل صاحب "	۴ر
۳۷	۸۵۲ "	محمد علی صاحب "	۸ر
۳۸	۸۵۳ "	حکیم عبدالرزاق صاحب "	۸ر
۳۹	۸۵۴ "	حکیم حامد میاں صاحب "	۲ر
۴۰	۸۵۵ "	حکیم محمد ظہیر علی صاحب "	عہ
۴۱	۸۵۶ "	سلیم الزماں صاحب صدیقی "	عہ
۴۲	۸۵۷ "	ملی "	۸ر
۴۳	۸۵۸ "	مرغوب احمد صاحب توفیق "	عہ
۴۴	۸۵۹ "	ایس مولا بخش مہر دین صاحبان	عہ
۴۵	۸۶۰ "	منشی محمد احسن صاحب "	۸ر
۴۶	۸۶۱ "	عبدالخالق شہاب الدین صاحبان	عاہ
۴۷	۸۶۲ "	ایچ فضل الرحمن صاحب "	صہ
۴۸	۸۶۳ "	خواجہ احمد اللہ صاحب "	۸ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۴۹	۸۶۴ مئی	ڈاکٹر حسین بخش صاحب "	۴ر
۵۰	۸۶۵ "	حاجی عباد اللہ خاں صاحب "	عاہ
۵۱	۸۶۶ "	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴ر
۵۲	۸۶۷ "	رحمت اللہ خاں صاحب "	۴ر
۵۳	۸۶۸ "	ایم انعام الحق صاحب "	۴ر
۵۴	۸۶۹ "	عبدالحکیم حبیب الرحمن صاحبان "	۴ر
۵۵	۸۷۰ "	حاجی نور الدین صاحب "	۸ر
۵۶	۸۷۱ "	فخر الدین صاحب "	۸ر
۵۷	۸۷۲ "	مرزا نیامن بیگ صاحب "	۴ر
۵۸	۸۷۳ "	محمد اسحٰق صاحب "	۴ر
۵۹	۸۷۴ "	محمد عارف صاحب "	عہ
۶۰	۸۷۵ "	مہتاب الدین صاحب "	۸ر
۶۱	۸۷۶ "	منشی محمد انیس صاحب "	عہ
۶۲	۸۷۷ "	منشی بشیر بیگ صاحب "	۲ر
۶۳	۸۷۸ "	حکیم احمد حسن خاں صاحب "	۲ر
۶۴	۸۷۹ "	سید محمد شفیع صاحب "	۲ر
۶۵	۸۸۰ "	سعید الرحمن صاحب "	۴ر
۶۶	۸۸۱ "	حکیم شریف الدین خاں صاحب "	۴ر
۶۷	۸۸۲ "	سید سلیم الدین صاحب "	۴ر
۶۸	۸۸۳ "	سید محمد اختر صاحب "	۴ر
۶۹	۸۸۴ "	عیوض خاں محمد اسمٰعیل صاحبان	صہ
۷۰	۸۸۵ "	قمر الدین صاحب "	۴ر
۷۱	۸۸۶ "	شیخ صبور احمد صاحب "	۴ر
۷۲	۸۸۷ "	محمد شفیع محمد خلیل صاحبان	۸ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۷۳	۴۸۸۸ سی	حافظ عبدالجلیل صاحب "	۲/	۹۷	۴۷۹۹ سی	تاج الدین صاحب نئی دہلی	عہ/	یو-پی			
۷۴	۴۸۸۹ "	ممتاز الدین صاحب "	عہ/	۹۸	۴۰۰ "	ملک غلام سید صاحب "	۸/	۱	۵۹۸	محمد سعد اللہ صاحب گورکھپور	ہ/
۷۵	۴۸۹۰ "	سید عبدالحی صاحب "	ے/	۹۹	۵۴۰۱ "	محمد غیور صاحب "	۸/	۲	۶۰۵	بیگم مصباح الاسلام صاحب کانپور	۵ہ/
۷۶	۴۸۹۱ "	سید عبدالغنی صاحب "	سے/	۱۰۰	۵۴۰۲ "	منشی کریم بخش صاحب "	۸/	۳	۶۲۴	حافظ مشتاق احمد صاحب جھانسی	ے/
۷۷	۴۸۹۲ "	قدیر الدین احمد صاحب "	عہ/	۱۰۱	۵۴۰۳ "	صوفی غلام قادر صاحب "	۸/	۴	۶۲۸	عبدالحمید صاحب الہ آباد	عہ/
۷۸	۴۸۹۳ "	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب "	عہ/	۱۰۲	۵۴۰۴ "	سید ضمیر الحسن صاحب برنی "	۸/	۵	۶۲۹	سردار محمد اکرم صاحب مظفر نگر	صہ
۷۹	۴۸۹۴ "	مولانا اصغر علی صاحب "	۴/	۱۰۳	۵۴۰۵ "	آغا علی مصطفیٰ صاحب "	۴	۶	۳۵۸۹ سی	بیگم اہلیہ منظور حسن صاحب علیگڑھ	۵ہ/
۸۰	۴۸۵۵ "	مولانا عبدالرزاق صاحب "	ع/	۱۰۴	۵۴۰۶ "	سید محمد ذاکر صاحب "	۴/	۷	۳۵۹۰ "	ڈاکٹر اظہر صاحب قدوائی "	ع
۸۱	۴۸۹۶ "	مولانا محبوب الٰہی صاحب "	۸/	۱۰۵	۵۴۰۷ "	منشی حبیب الرحمن صاحب "	۴/	۸	۳۵۹۱ "	خان بہادر حبیب اللہ صاحب "	ع/
۸۲	۴۸۹۷ "	حاجی محبوب بخش رفیع الدین صاحبان	صہ/	۱۰۶	۵۴۰۸ "	عبدالرحمن صاحب "	۴/	۹	۳۵۹۲ "	ڈاکٹر ابراہیم بیگ صاحب "	عہ/
۸۳	۴۸۹۸ "	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۴/	۱۰۷	۵۴۰۹ "	معصوم علی صاحب "	۴/	۱۰	۳۵۹۳ "	محمد بشیر صاحب "	عہ/
۸۴	۴۸۹۹ "	شیخ محمد سعید صاحب "	۴/	۱۰۸	۵۴۱۰ "	میاں محمد صاحب "	عہ/	۱۱	۳۵۹۴ "	بشیر احمد صاحب "	ع/
۸۵	۴۹۰۰ "	شیخ انیس الرحمن صاحب "	۴/	۱۰۹	۵۴۱۱ "	حامد علی صاحب "	۴/	۱۲	۳۵۹۶ "	مولوی عبدالخالق صاحب "	صہ/
۸۶	۴۷۸۸ "	عبدالرب صاحب "	عہ/	۱۱۰	۵۴۱۲ "	غالب علی شاہ صاحب "	ہے/	۱۳	۳۵۹۷ "	ڈاکٹر بابر مرزا صاحب "	ع/
۸۷	۴۷۸۹ "	حافظ عبدالحکیم صاحب "	سے/	۱۱۱	۵۴۱۳ "	محمد عبداللطیف صاحب "	عہ/	۱۴	۳۵۹۸ "	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب "	صہ/
۸۸	۴۷۹۰ "	ایم طفیل محمد صاحب "	۸/	۱۱۲	۵۴۱۴ "	محمد اسلام صاحب "	۸/	۱۵	۳۵۹۹ "	آل احمد صاحب سرور "	ع/
۸۹	۴۷۹۱ "	خواجہ غلام یٰسین صاحب "	عہ/	۱۱۳	۵۴۱۵ "	غلام احمد صاحب پرویز "	۸/	۱۶	۳۶۰۰ "	رشید احمد صاحب صدیقی "	للعہ
۹۰	۴۷۹۲ "	عبدالواحد صاحب "	۴/	۱۱۴	۵۴۱۶ "	خواجہ محمد یوسف شاہ صاحب "	عہ/	۱۷	۵۰۵۱ "	مرزا سجاد حسین صاحب "	۸/
۹۱	۴۷۹۳ "	سید محمد مرتضیٰ علی صاحب "	عہ/	۱۱۵	۵۴۱۷ "	سید باقر حسین صاحب "	۲/	۱۸	۵۰۵۲ "	پروفیسر محمد حبیب صاحب "	۵ہ/
۹۲	۴۷۹۴ "	سید حامد علی صاحب "	عہ/	۱۱۶	۵۴۱۸ "	شمعون احمد صاحب "	۸/	۱۹	۴۶۲۴ "	سید ذوالحسنین صاحب اٹاوہ	ع/
۹۳	۴۷۹۵ "	محمد اشرف صاحب "	۸/	۱۱۷	۵۴۱۹ "	لیاقت اللہ خان صاحب "	۸/	۲۰	۴۶۲۵ "	سید احمد حسین صاحب فاروقی "	سے/
۹۴	۴۷۹۶ "	شیخ کریم بخش صاحب "	ع/	۱۱۸	۵۴۲۰ " دوجیر نمبر ۵۴۲۱	محمد شریف صاحب قریشی پروفیسر محمد عاقل صاحب	۸/ عہ/	۲۱	۴۶۲۶ "	غلام محی الدین خان صاحب "	عہ/
۹۵	۴۷۹۰ "	سید الحق صاحب "	۴/	۱۱۹	دوجیر نمبر	سید عروج الحسن صاحب رشید نعمانی صاحب	۴/ ۴/	۲۲	۴۶۲۷ "	سید الطاف حسین صاحب "	سے/
۹۶	۴۷۹۸ "	محمد اسمٰعیل صاحب "	عہ/			میزان کل نادے		۲۳	۴۶۲۸ "	عبدالحمید حشمت اللہ صاحبان کانپور	ے/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۴	۴۶۲۹ سی	سید محمد میر صاحب الہ آباد	ے/	۴۸	۴۸۰۵ سی	ظہور الحسن صاحب "	ے/	۴۲	دو چیز ۵۲۶	اقبال احمد سلمہٗ قائم گنج	۴/
۲۵	۴۶۳۰ "	ایس ایم عبد الحق صاحب "	عا/	۴۹	۴۸۰۶ "	رگھبیر پرشاد صاحب "	۸/	۴۳	۳۵ تا ۳۴	عظمت الرحمٰن صاحب لکھنو	عا/
۲۶	۴۶۳۱ "	سید محمد یوسف صاحب "	ے/	۵۰	۴۸۰۷ "	برج بہاری صاحب "	عہ/			میزان کل ۲ عـہ/	
۲۷	۴۶۳۲ "	مفتی فخر الاسلام صاحب "	ے/	۵۱	۴۸۰۸ "	سید آل علی صاحب سہارنپور	عہ/			**بنگال**	
۲۸	۴۶۳۳ "	سید محبوب علی صاحب "	صہ/	۵۲	۴۸۰۹ "	پیر جی عارف صاحب "	عہ/				
۲۹	۴۶۳۴ "	محمد نعیم الرحمٰن صاحب "	ے/	۵۳	۴۸۱۰ "	شیخ محمد امام محمد اکرام صاحبان "	ے/	۱	۴۳۵۶ سی	منور برادرس صاحبان کلکتہ	عہ/
۳۰	۴۶۳۵ "	ڈاکٹر عبد اللطیف خاں صاحب "	ے/	۵۴	۴۸۱۱ "	محمد یوسف صاحب "	عا/	۲	۴۳۵۷ "	ایس ایم رفیق صاحب "	عا/
۳۱	۴۶۳۶ "	مولوی ولی اللہ صاحب "	عہ/	۵۵	۴۸۱۲ "	منشی عبد الرحیم صاحب "	صہ/	۳	۴۳۵۸ "	حامد سعید صاحب "	۴/
۳۲	۴۶۳۷ "	منصور عالم صاحب "	ے/	۵۶	۴۸۱۵ "	محمد یٰسین خانصاحب "	۸/	۴	۴۳۵۹ "	عبد الکریم صاحب "	عہ/
۳۳	۴۶۳۸ "	سید سعدی صاحب "	عہ/	۵۷	۴۸۱۶ "	احسان اللہ خانصاحب "	صہ/	۵	۴۳۶۰ "	عبد الوہاب صاحب "	۴/
۳۴	۴۶۳۹ "	ڈاکٹر نجم الدین احمد صاحب "	ے/	۵۸	۴۸۱۷ "	مولوی عبد الحق صاحب "	۸ہ/	۶	۴۳۶۱ "	قاسم داداصاحب "	۴/
۳۵	۴۶۴۰ "	شیخ ذو الفقار اللہ صاحب "	عـہ/	۵۹	۴۸۲۲ "	شرف الدین خانصاحب "	عا/	۷	۴۳۶۲ "	محمد عثمان اجمیری صاحب "	۳/
۳۶	۴۶۴۱ "	محمد احمد صاحب کاظمی "	عا/	۶۰	۴۸۲۴ "	ایس ایم شفیق احمد صاحب "	صہ/	۸	۴۳۶۳ "	علی محمد عثمان اجمیری صاحب "	۸/
۳۷	۴۶۴۲ "	سید رضی الدین صاحب "	ے/	۶۱	۴۸۲۵ "	ایوب احمد صاحب آثم "	عا/	۹	۴۳۶۴ "	محمد عمر عثمان اجمیری صاحب "	۸/
۳۸	۴۶۴۳ "	حسن محی الدین صاحب الہ آباد	عہ/	۶۲	۴۸۲۶ "	حاجی رحیم بخش محمد عمر صاحبان "	عا/	۱۰	۴۳۶۵ "	اے ایم خیرادی صاحب "	۸/
۳۹	۴۶۴۴ "	بیگم محمد نذیر صاحب پرتاب گڈھ	عا/	۶۳	۴۸۲۹ "	عبد السبحان صاحب نظامی "	عا/	۱۱	۴۳۶۶ "	الف اے خانصاحب "	۸/
۴۰	۴۶۴۵ "	سید بدل الرحمٰن صاحب بریلی	عـہ/	۶۴	۴۸۳۰ "	حاجی عبد المالک صاحب "	۸ہ/	۱۲	۴۳۶۷ "	مس آر ایس خانصاحب "	۴/
۴۱	۴۶۴۶ "	شمیم الصباح بیگم صاحبہ رامپور	ے/	۶۵	۴۸۳۷ "	مولوی محمد ہاشم صاحب "	عا/	۱۳	۴۳۶۸ "	مس کی کی خانصاحب "	۴/
۴۲	۴۶۴۷ "	بیگم مبارک علی خانصاحب "	ے	۶۶	۴۸۳۸ "	عزیز احمد صاحب "	۸ہ/	۱۴	۴۳۶۹ "	ایم ایوب ولی محمد صاحب "	۴/
۴۳	۴۶۴۸ "	محمد خلیل اللہ خانصاحب "	معہ/	۶۷	۴۸۳۹ "	اسرار احمد صاحب آزاد "	۸ہ/	۱۵	۴۳۷۰ "	عبد العزیز فتح محمد صاحب "	۴/
۴۴	۴۸۰۱ "	رام سرن داس صاحب بلند شہر	طہ/	۶۸	۴۸۴۰ "	حافظ محمد یوسف صاحب "	عہ/	۱۶	۴۳۷۱ "	اے رحمٰن مارفانی صاحب "	۴/
۴۵	۴۸۰۲ "	فخر اللہ صاحب "	۲/	۶۹	۵۰۰۱ "	احسان الحق صاحب جھانسی	۸/	۱۷	۴۳۷۲ "	اہلیہ یوسف ایم اکبانی صاحب "	۸/
۴۶	۴۸۰۳ "	محمد محمود اسلم خانصاحب "	عا/	۷۰	۵۰۰۲ "	عبد الحکیم صاحب "	عہ/	۱۸	۴۳۷۳ "	حلیمہ روشن فاطمہ دختران بی اکبانی صاحب	۴ہ/
۴۷	۴۸۰۴ "	ڈاکٹر ہری نرائن بیری صاحب	عہ/	۷۱	۵۰۰۳ "	حکمت اللہ خاں صاحب "	صہ/	۱۹	۴۳۷۴ "	اے جے دیرانی صاحب "	۴/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۰	سی ۴۳۰۵	شیخ محمد صدیق صاحب	عہ/	۴۴	سی ۴۴۰۰	عبدالرؤف صاحب	۸/	۶۸	سی ۴۴۲۴	غلام ملک حیدر صاحب	۴/
۲۱	۴۳۰۶	شیخ محمد سعید صاحب	عہ/	۴۵	۴۴۰۱	عبدالستار صاحب	۸/	۶۹	۴۴۲۵	مولوی نور محمد صاحب	۴/
۲۲	۴۳۰۷	میاں نصر بخش حاجی محمد سعید صاحبان	ہے/	۴۶	۴۴۰۲	شاہ کلیم الرحمن صاحب	عہ/	۷۰	۴۴۲۶	غلام محمد صاحب	۴/
۲۳	۴۳۰۸	ایچ ایم حفیظ صاحب	عکر/	۴۷	۴۴۰۳	ایس خلیل الرحمن صاحب	عہ/	۷۱	۴۴۲۷	محمد ہادی صاحب	۴/
۲۴	۴۳۰۹	سید آغا آفندی صاحب	عہ/	۴۸	۴۴۰۴	مولوی عبدالقدیر صاحب	عہ/	۷۲	۴۴۲۸	اللہ بخش دوست محمد صاحبان	۸/
۲۵	۴۳۸۰	عبدالعزیز صاحب انصاری	عہ/	۴۹	۴۴۰۵	محمود قاسم ادراجی صاحب	ہے/	۷۳	۴۴۲۹	سید شاہ محمد انوار حسین صاحب	۴/
۲۶	۴۳۸۲	محمد ابراہیم معراج الدین صاحبان	عہ/	۵۰	۴۴۰۶	قاضی محمد بشیر صاحب	عہ/	۷۴	۴۴۳۰	غلام حیدر جاؤلا صاحب	۸/
۲۷	۴۳۸۳	محمد کامل صاحب	عہ/	۵۱	۴۴۰۷	دیدار احمد صاحب	عہ/	۷۵	۴۴۳۱	مولوی رحیم الدین صاحب	عہ/
۲۸	۴۳۸۴	شیخ محمد رفیع صاحب	ہے/	۵۲	۴۴۰۸	محمد اسحٰق صاحب	عہ/	۷۶	۴۴۳۲	عبدالخالق صاحب	۸/
۲۹	۴۳۸۵	شیخ محمد نعمی صاحب	۴/	۵۳	۴۴۰۹	میاں محمد جان صاحب	للعہ/	۷۷	۴۴۳۳	عبدالمجید صاحب	۸/
۳۰	۴۳۸۶	اسمٰعیل شریف صاحب	۸/	۵۴	۴۴۱۰	سید احمد افضل صاحب	عہ/			میزان کل ۱ للعہ	
۳۱	۴۳۸۷	سلطان الاسلام صاحب	ے/	۵۵	۴۴۱۱	شیخ عبدالغنی صاحب	ہے/			**بمبئی**	
۳۲	۴۳۸۸	شاہ محمد حمیر صاحب	عہ/	۵۶	۴۴۱۲	شیخ محمد فاروق صاحب	عہ/				
۳۳	۴۳۸۹	فیاض الدین اینڈ کو	عہ/ ۱۲	۵۷	۴۴۱۳	سعیدہ خاتون صاحبہ	ع/	۱	سی ۳۱۹۱	معین الدین عارف صاحب	عہ/
۳۴	۴۳۹۰	نیو اسٹینڈرڈ ٹریڈنگ کمپنی	عسہ/	۵۸	۴۴۱۴	امین الدین احمد صاحب	۲/	۲	۳۱۹۲	الیہ	عہ/
۳۵	۴۳۹۱	محمد لیاقت اللہ خاں صاحب	عہ/	۵۹	۴۴۱۵	عبدالاحد صاحب عثمانی	عہ/	۳	۳۱۹۳	عثمان حسین خاں صاحب	عہ/
۳۶	۴۳۹۲	عبدالستار صاحب ٹیلر	۸/	۶۰	۴۴۱۶	عبدالرزاق صاحب	۸/	۴	۳۱۹۴	ابراہیم عمادی صاحب	۴/
۳۷	۴۳۹۳	محمد تقی صاحب	۸/	۶۱	۴۴۱۷	محمد حبیب اللہ صاحب	۸/	۵	۳۱۹۵	ڈاکٹر نذیر احمد صاحب	ٹے/
۳۸	۴۳۹۴	حبیب الحسن صاحب	عہ/	۶۲	۴۴۱۸	محمد وزیر خاں صاحب	۸/	۶	۳۱۹۶	محمد ابراہیم علی صاحب قزلباش	ع/
۳۹	۴۳۹۵	محمد محفوظ الحق صاحب	عہ/	۶۳	۴۴۱۹	شیر علی اصغر علی صاحبان	۸/	۷	۳۱۹۷	عبدالعزیز غلام نبی صاحب	۴/
۴۰	۴۳۹۶	مولوی فخر الدین احمد صاحب	عسہ/	۶۴	۴۴۲۰	ایس ایچ محمد دین نور الٰہی صاحبان	سعہ/	۸	۳۱۹۸	حبیب رحیم صاحب باربیا	عہ/
۴۱	۴۳۹۷	محمد احمد صاحب	عہ/	۶۵	۴۴۲۱	حاجی عبدالکریم صاحب	عہ/	۹	۳۱۹۹	عبدالحمید اسماعیل صاحب	عہ/
۴۲	۴۳۹۸	محمد صالحین صاحب	ع/	۶۶	۴۴۲۲	مولوی محمد یحییٰ صاحب	عہ/	۱۰	۳۲۰۰	قاضی بابو صاحب	۴/
۴۳	۴۳۹۹	حاجی عبدالخالق صاحب	عہ/	۶۷	۴۴۲۳	حاجی فضل دین صاحب	۴/	۱۱	۳۲۰۱	حاجی ابوبکر موسیٰ صاحب جوہری	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۲	۳۲۰۲ سی	حاجی عیسیٰ موسیٰ صاحب جوہری "	عمر	۵	۶۱۱	نوابزادہ محمد صداقت علی خانصاحب "	صہ	۲۹	۳۸۳۸ سی	سید محمد قطب الدین صاحب "	عا
۱۳	۳۲۰۳ "	محمد شبیر و علی محمد صاحبان "	عمر	۶	۶۱۲	" " اسد علی خانصاحب "	صہ	۳۰	۳۸۳۹ "	ایس ایم نصیر الدین صاحب "	عا
۱۴	۳۲۰۴ "	ابو بکر صاحب چھوٹانی "	عہ	۷	۶۱۳	شیخ نذیر الحق صاحب "	صہ	۳۱	۳۸۴۰ "	ایس امیر الدین صاحب "	عا
۱۵	۳۲۰۵ "	عبدالکریم صاحب لالہ "	عہ	۸	۶۱۴	نوابزادہ محمد اعجاز علی خانصاحب "	عمہ	۳۲	۳۸۴۲ "	کرنل مقبول حسن صاحب "	عمہ
۱۶	۳۲۰۶ "	حکیم عبدالرحمن صاحب "	ہم	۹	۶۱۵	ملک عبدالمجید خانصاحب "	صہ	۳۳	۳۸۴۳ "	سردار محمد اکبر خانصاحب "	صہ
۱۷	۳۲۰۷ "	خواجہ احمد عباس صاحب "	عہ	۱۰	۶۱۶	کمال دین صاحب "	صہ	۳۴	۳۸۴۵ "	کمیٹی صدر بذریعہ میر شمس الدین صاحب "	عمہ
۱۸	۳۲۰۸ "	محمد عبدالحمید خاں صاحب "	ہم	۱۱	۶۰۹	شیخ محمد حسین صاحب "	صہ	۳۵	۳۸۴۶ "	محمد اکبر خانصاحب "	عمہ
۱۹	۳۲۰۹ "	فقیہ عباس صاحب آرائی "	ہم	۱۲	۲۶۸۳ سی	غلام رسول صاحب شوق لاہور	عمہ			میزان کل سالعمہ	
۲۰	۳۲۱۰ "	مرزا اختر حسین صاحب "	عہ	۱۳	۲۶۸۶ "	افضل محمد صاحب بہاولپور	عمہ			**بہار**	
۲۱	۳۲۱۱ "	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب	عا	۱۴	۲۶۸۷ "	امام الدین صاحب بہاولنگر	صہ				
۲۲	۳۲۱۲ "	ڈپٹی نذر راجہ صاحب "	عہ	۱۵	۲۶۸۸ "	سردار محمد رحیم خانصاحب "	عمہ	۱	۵۹۷	عبدالرشید صاحب بانکی پور	عہ
۲۳	۳۲۱۳ "	مسنر ڈاکٹر کے اے حمید صاحب "	عا	۱۶	۲۶۸۹ "	عبدالعزیز صاحب "	صہ	۲	۳۴۲۸ سی	سید محبوب حسن صاحب مظفرپور	عا
۲۴	۳۲۱۴ "	عبدالحمید صاحب "	ہم	۱۷	۲۶۹۰ "	محمود خانصاحب "	عمہ	۳	۳۴۲۹ "	حاجی عبدالباسط صاحب "	عمہ
۲۵	۳۲۱۵ "	چودھری صاحب معرفت ڈی وائز برادرز "	عہ	۱۸	۲۶۹۱ "	سیف محمد صاحب "	صہ	۴	۳۴۳۰ "	سید محمد ذکی حسن صاحب "	صہ
۲۶	۳۲۱۶ "	شیخ احمد صاحب سنگے "	ہم	۱۹	۲۶۹۳ "	غلام محمد شاہ صاحب "	عمہ	۵	۳۴۳۱ "	ڈاکٹر حمید الدین صاحب انصاری	عا
۲۷	۳۲۱۷ "	شیخ احمد صاحب "	ہم	۲۰	۲۶۹۵ "	سید وزیر حسین صاحب "	عا	۶	۳۴۳۲ "	سید منصور احمد صاحب "	ے
۲۸	۳۲۱۸ "	حاجی سید عبداللہ صاحب "	ہم	۲۱	۲۶۹۷ "	حفیظ اللہ صاحب "	عمہ	۷	۳۴۳۳ "	حاجی عبدالنعار صاحب "	عہ
		میزان کل لعمہ		۲۲	۲۶۹۹ "	فتح محمد صاحب سونگی "	للعہ	۸	۳۴۳۴ "	انڈین شوگر ورکس سیوان	سہ
		پنجاب و سرحد		۲۳	۲۷۰۰ "	مرزا امین اللہ خانصاحب "	سے			میزان کل سہ	
				۲۴	۳۸۳۳ "	نذیر احمد صاحب "	عمہ			**حیدرآباد دکن**	
۱	۵۹۹	ڈاکٹر محمد عظیم خانصاحب گوجرانوالہ	صہ	۲۵	۳۸۳۴ "	سید صادق علیصاحب "	عمہ				
۲	۶۰۰	چوہدری عبدالحمید صاحب "	صہ	۲۶	۳۸۳۵ "	ایم اے مجید صاحب بہادیور	عہ	۱	۶۰۱	ڈاکٹر اے ایل سعید صاحب "	صہ
۳	۶۰۹	غلام فرید خانصاحب کرنال	صہ	۲۷	۳۸۳۶ "	حاجی احمد صاحب "	سے	۲	۶۲۲	اے کے مشتاق صاحب "	عمہ
۴	۶۱۰	نوابزادہ منور علی خانصاحب "	صہ	۲۸	۳۸۳۷ "	عبدالرحمن صاحب "	عا			میزان کل عمہ	

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
سی پی				**دیگر و بیرون ہند**				۲	۶۲۳	خان محمد صاحب لمرد کینیا کالونی افریقہ	۱۵
۱	۶۲۷	ایس لعل محمد صاحب جبلپور	۔ے	۱	۲۰۲	عالیمرتبت شہرالملک قاضی علی حیدر عباسی صاحب بھوپال	عہ			میزان کل	۱۵ ے
		میزان کل	۔ے								

عطیات

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۵۹۲	ایک بہی خواہ جامعہ رنگون	عہ	۱۶	۲۶۹۸ سی	اللہ داد خانصاحب "	عہ	۳۱	۲۸۳۳ سی	امتیاز علی خانصاحب "	۸ر
۲	۶۰۳	پنڈت جواہرلال صاحب نہرو الہ آباد	صہ	۱۷	۲۸۳۴	کالونی کلرک صاحبان "	صہ	۳۲	۲۸۳۴"	صالح محمد خانصاحب "	عہ
۳	۶۲۱	اے کیو ضیا صاحب کراچی	عہ	۱۸	۲۸۱۴"	مولوی محمد اشرف صاحب "	عہ	۳۳	۲۸۳۵"	سعید عمر صاحب "	عگر
۴	۶۲۱	پنڈت جواہرلال صاحب نہرو الہ آباد	صہ	۱۹	۲۸۴۴"	محمد دین صاحب "	عگر	۳۴	۲۸۳۶"	حاجی رشید احمد صاحب "	۴ر
۵	۶۴۲	" " "	صہ	۲۰	۲۵۱۳"	حاجی فضل الرحمن صاحب سہارنپور	۸ر	۳۵	۵۲۰۱"	مشتاق علی خانصاحب رہتک	عہ
۶	۶۴۵	قاضی خضرالدین صاحب "	۸ر	۲۱	۲۸۱۴"	مرزا عزیز بیگ صاحب "	عہ	۳۶	۵۲۰۲"	جان محمد خان صاحب "	صہ
۷	۶۴۶	صاحب داد صاحب "	عہ	۲۲	۲۸۱۸"	ایزد حسن صاحب "	۸ر	۳۷	۵۲۰۳"	راؤ نور احمد صاحب کلانور	عہ
۸	۶۴۷	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	عہ	۲۳	۲۸۱۹"	مظاہر حسن صاحب "	۸ر	۳۸	۵۲۰۵"	عبدالسلام خانصاحب رہتک	عہ
۹	۶۴۸	ایک خادم قوم "	عہ	۲۴	۲۸۲۰"	عبدالواحد صاحب "	۴ر	۳۹	۵۲۰۶"	سلیمان خان صاحب "	عہ
۱۰	۶۴۹	خان عبدالغفور صاحب "	عہ	۲۵	۲۸۲۱"	حبیب اصغر صاحب "	۴ر	۴۰	۵۲۰۷"	ظفریاب صاحب جمعدار "	۴ر
۱۱	۲۶۸۴ سی	نواب ظفر خانصاحب لاہور	عہ	۲۶	۲۸۲۳"	ممتاز علی خان صاحب "	صہ	۴۱	۵۲۰۸"	شیخ ذاکرالدین صاحب "	عگر
۱۲	۲۶۸۵"	بشیر احمد صاحب ہمایوں "	عہ	۲۷	۲۸۲۷"	ڈاکٹر مقصود حسن صاحب "	عگر	۴۲	۵۲۰۹"	مرزا فرحت اللہ بیگ صاحب	عہ
۱۳	۲۶۹۱"	مستری خیردین صاحب بھاولنگر	عہ	۲۸	۲۸۲۸"	احمد حسن خانصاحب "	صہ	۴۳	۵۲۱۰"	راؤ عبدالحمید صاحب ہانسی	عہ
۱۴	۲۶۹۴"	میر محمد صاحب "	عگر	۲۹	۲۸۳۱"	عبدالرب صاحب "	۴ر	۴۴	۵۲۱۱"	شیخ اشفاق علی صاحب "	عہ
۱۵	۲۶۹۶"	رحمانی صاحب "	عہ	۳۰	۲۸۳۲"	حاجی عبدالرحمن صاحب "	عگر			میزان کل	۱۲ ما ۱۲

تحریک حلقہ ہمدردانِ جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے ان کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو جون ۳۹ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۶۹۱۸	نبی بخش ایم میمن صاحب حیدر آباد	۱۹	۶۹۳۶	خان بہادر اللہ بخش صاحب ”	۳۷	۶۹۵۴	ضیاء الدین شمس الدین صاحبان سندھ
۲	۶۹۱۹	او ایچ انصاری صاحب میرپور خاص	۲۰	۶۹۳۷	محمد اسلم صاحب ”	۳۸	۶۹۵۵/۱	مولوی حکیم الدین صاحب جیمس آباد
۳	۶۹۲۰	عبدالحمید عبدالرحمٰن صاحب نوابشاہ	۲۱	۶۹۳۸	مقبول خانصاحب ”	۳۹	۶۹۵۶	محمد اکبر صاحب حیدر آباد سندھ
۴	۶۹۲۱	حاجی محمد علی صاحب ”	۲۲	۶۹۳۹	سیٹھ احمد موسیٰ صاحب اینڈ برادرس	۴۰	۶۹۵۶	نور محمد جتوئی خانصاحب ”
۵	۶۹۲۲	عزیز الدین احمد صاحب فاروقی سکھر	۲۳	۶۹۴۰	سید محمد حسین شاہ صاحب نقوی نوابشاہ	۴۱	۶۹۵۷	ڈاکٹر محمد ابراہیم صاحب ”
۶	۶۹۲۳	باز محمد شاہ صاحب ”	۲۴	۶۹۴۱	فدا علی ایم لقمان جی صاحب ”	۴۲	۶۹۵۸	محمد صدیق صاحب میمن ”
۷	۶۹۲۴	محمد اسمٰعیل نبدعل صاحب ”	۲۵	۶۹۴۲	میسرز دی سودیشی بوٹ اسٹور ”	۴۳	۶۹۵۹	شیخ عبدالعزیز صاحب قندھاری ”
۸	۶۹۲۵	سید خیر شاہ صاحب ”	۲۶	۶۹۴۳	ایس جے اینڈ جی فضل الٰہی صاحب ”	۴۴	۶۹۶۰	میر علی احمد خانصاحب ”
۹	۶۹۲۶	خان محمد قاضی اکبر علی صاحب ”	۲۷	۶۹۴۴	ڈاکٹر شیخ احمد صاحب حیدر آباد سندھ	۴۵	۶۹۶۱	ایچ ایم حبیب اللہ صاحب ”
۱۰	۶۹۲۷	علاء الدین محمد یونس خانصاحب ”	۲۸	۶۹۴۵	ڈاکٹر الیاس اصغر شاہ صاحب ”	۴۶	۶۹۶۲	عبدالہادی صاحب دھول
۱۱	۶۹۲۸	ایم اے انصاری صاحب ”	۲۹	۶۹۴۶	حکیم شمس الدین احمد صاحب ”	۴۷	۶۹۶۳	خواجہ افضل الدین صاحب ”
۱۲	۶۹۲۹	رئیس رسول بخش خانصاحب ”	۳۰	۶۹۴۷	میر ایوب خانصاحب کراچی	۴۸	۶۹۶۴	بیگم ڈاکٹر امیر الدین صاحب ”
۱۳	۶۹۳۰	عبدالغفار صاحب میرپور خاص	۳۱	۶۹۴۸	ایس جی مصطفےٰ صاحب ”	۴۹	۶۹۶۵	ڈاکٹر محمد شریف صاحب بالہ
۱۴	۶۹۳۱	شیخ عبدالمجید صاحب سندھی کراچی	۳۲	۶۹۴۹	محمد صادق صاحب ”	۵۰	۶۹۶۶	وائی آرباریا صاحب لاڑکانہ
۱۵	۶۹۳۲	حکیم فتح محمد صاحب سیوہانی ”	۳۳	۶۹۵۰	پیر الٰہی بخش صاحب ”	۵۱	۶۹۶۷	محمد موسیٰ صاحب ”
۱۶	۶۹۳۳	اسحاق یعقوب سلیمان صاحب ”	۳۴	۶۹۵۱	امیر علی چوہدری صاحب ”	۵۲	۶۹۶۸	محمد بخش اے میمن صاحب ”
۱۷	۶۹۳۴	پی این مہتہ صاحب ”	۳۵	۶۹۵۲	حسن افروز صاحب ”	۵۳	۶۹۶۹	عبداللہ آخوند صاحب ”
۱۸	۶۹۳۵	عبدالعبد بکمل صاحب ”	۳۶	۶۹۵۳	نواب مجیب علی خانصاحب ناجور	۵۴	۶۹۷۰	ایم آئی اے پل صاحب ”

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۵۵	۶۹۷۱	اے کے رفیق صاحب "	۶۹	۶۹۸۵	انتخاب علی صدیقی صاحب "	۸۳	۷۰۰۱	کلیداس صاحب "
۵۶	۶۹۷۲	حاجی ابراہیم مطیف صاحب بمبئی	۷۰	۶۹۸۶	عبدالحمید ظفری صاحب "	۸۴	۷۰۰۲	سید دلاور حسین شاہ صاحب "
۵۷	۶۹۷۳	سید حسین صاحب "	۷۱	۶۹۸۷	قاضی فضل اللہ صاحب لاڑکانہ	۸۵	۷۰۰۳	طفیل محمد صاحب "
۵۸	۶۹۷۴	عبدالقادر صاحب "	۷۲	۶۹۸۸	کے الٰہی رحیم بخش صاحب "	۸۶	۷۰۰۴	علی شبر صاحب نیروبی افریقہ
۵۹	۶۹۷۵	سید اسمٰعیل صاحب "	۷۳	۶۹۸۹	اے ایس فاروقی صاحب "	۸۷	۷۰۰۵	محبوب عالم صاحب بجنور
۶۰	۶۹۷۶	عبدالرحمٰن بنگلط صاحب "	۷۴	۶۹۹۰	تونبہ رام مسول صاحب "	۸۸	۷۰۰۶	سید ٹرا صاحب خانپور
۶۱	۶۹۷۷	جے ایل پارس صاحب "	۷۵	۶۹۹۱	تاج محمد صاحب "	۸۹	۷۰۰۷	حکیم مرزا حیدر بیگ صاحب بمبئی
۶۲	۶۹۷۸	خواجہ غلام جیلانی صاحب "	۷۶	۶۹۹۲	یار محمد جنجو صاحب "	۹۰	۷۰۰۸	واحد محمود صاحب "
۶۳	۶۹۷۹	مولانا عبدالباری صاحب "	۷۷	۶۹۹۳	حاجی جی ایچ قاسم صاحب "	۹۱	۷۰۰۹	محمد نذیر صاحب "
۶۴	۶۹۸۰	میر اصغر علی صاحب جامعی "	۷۸	۶۹۹۴	عابد علی صاحب بمبئی	۹۲	۷۰۱۰	قمر علی صاحب شملہ
۶۵	۶۹۸۱	محی الدین احمد صاحب قصوری "	۷۹	۶۹۹۶	واحد علی صاحب شکارپور	۹۳	۷۰۱۱	شفیق احمد صاحب دہلی
۶۶	۶۹۸۲	نسیم الدین احمد حنفی صاحب "	۸۰	۶۹۹۸	محمد اسمٰعیل صاحب لاڑکانہ	۹۴	۷۰۱۲	اصغری بیگم صاحبہ بمبئی
۶۷	۶۹۸۳	سیٹھ عبدالرسول قاسم صاحب "	۸۱	۶۹۹۹	لکھی ٹیک چند نارائن داس صاحب "	۹۵	۷۰۱۳	قمر سیر کٹی صاحب "
۶۸	۶۹۸۴	حسن میاں کالا سلطان صاحب "	۸۲	۷۰۰۰	رضا محمد صاحب ٹھٹھو "	۹۶	۷۰۱۴	محمد شاہ صاحب حیدرآباد سندھ

اعلان

اردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی نے ذیل کے ہر مضمون پر مبلغ دو سو روپے انعام دینا تجویز کیا ہے جن صاحب کا مقالہ سب سے بہتر ہوگا انھیں مذکورہ بالا انعام دیا جائیگا۔ اکادمی کا فیصلہ ناطق ہوگا۔ اس کے علاوہ اکادمی منتخب مقالہ جات کے حقوق اشاعت اپنے ذمہ رکھے گی مقالہ میں تقریباً پچاس ہزار الفاظ ہونے چاہئیں اور تمام مقالے سکریٹری اردو اکادمی کے پاس ۱۵ ستمبر تک پہنچ جانے چاہئیں جو صاحب اس مقالہ نویسی میں شرکت پسند کریں وہ پہلے اپنے مضمون کے انتخاب سے سکریٹری کو مطلع کردیں۔ (سکریٹری اردو اکادمی جامعہ دہلی)

اشتراکیت۔ نازی ازم۔ سامراج۔ وطنیت۔ سرمایہ داری۔ بحیرہ روم کی سیاست۔ بحرالکاہل کی سیاست۔ امریکہ اور سیاست عالم۔ نوآبادیوں کی تقسیم۔ ممالک اسلامیہ کی سیاست۔ فاسزم۔

امتحان کا طریقہ

صحیح طریقہ امتحان کا یہ ہے کہ امتحان دینے والے اور ممتحن کا تعلق گواہ اور وکیل مخالف کا ہو اور نہ تھانیدار کا سا ہو بلکہ مریض اور طبیب کا سا ہو جس طرح بیمار اور معالج دونوں کی متحدہ کوشش اس امر میں صرف ہوتی ہے کہ مرض کی صحیح تشخیص ہو اور مفید مشورہ دیا جا سکے اسی طرح امیدوار امتحان اور ممتحن دونوں کو اتحاد عمل اور باہمی مدد کے ذریعہ سے مقدم الذکر کے قوائے ذہنی کی نشوونما میں آسانی پیدا کرنا چاہیے۔

(ڈاکٹر سید عابد حسین)

[illegible]

(مطبوعہ بااہتمام برقی پریس دہلی)

([illegible])

ہمدردِ جامعہ

مُرتبہ
"ناظم"
حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

اخلاقی سیرت کی تعمیر

معلم کیواسطے جو ذہن اور سیرت کی تربیت کرنا چاہتا ہے، یہ نہایت ضروری ہے کہ وہ ان نفسی رجحانات کا بغور مطالعہ کرے جو عمر کی مختلف منزلوں میں ظاہر ہوتے ہیں اور بچوں اور نوجوانوں کے مشاغل اور اعمال کے محرک ہوتے ہیں۔ اگر وہ ان کے تمام درسی اور غیر درسی مشاغل کی تنظیم اسی طرح کریگا کہ ان میں ان نفسی رجحانات کو اظہار کا موقع ملے اور ان میں ربط و ترتیب قائم ہو تو طلبہ جو کچھ حاصل کرینگے خواہ اس کا تعلق علمی قابلیت سے ہو، یا اخلاقی صفات اور عادات سے، وہ انکی شخصیت کا جزو ہو جائیگا، کیونکہ انکے مشاغل کی محرک خود انکی ذات ہوگی۔ برخلاف اس کے اگر ہم مدرسہ میں طلبہ کے فطری شوقوں اور رجحانوں کی طرف توجہ نہ کرینگے اور ان کو نظر انداز کر کے خارجی محرکات مثلاً استاد کا خوف یا انعام کے لالچ یا باہمی رشک و مسابقت کے جذبہ سے کام لینگے تو ان کی تعلیم محض سطحی ہوگی اور ان کے اعمال اور سیرت پر کوئی دیرپا اثر نہ ڈالیں گے

(خواجہ غلام السیدین)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمدردِ جامعہ

جلد ۴ | بابت اگست ۱۹۳۹ء مطابق جمادی الثانی ۱۳۵۸ھ | نمبر ۷

فہرست مضامین

چندہ سالانہ عہ قیمت فی پرچہ ۲ر

حالات جامعہ

پہلی اگست کو جامعہ کے تمام مدرسے باقاعدہ کھل گئے جامعہ نگر اوکھلا میں گنجائش کی کمی کی وجہ سے، گو جون کے پہلے ہی ہفتہ میں اعلان کر دیا گیا تھا کہ دارالاقامہ میں جگہ نہیں ہے اس لئے داخلہ کی درخواستیں نہ بھیجی جائیں، لیکن اس کے باوجود، اس کثرت سے درخواستیں آئیں کہ بہت سی نامنظور کر دینی پڑیں۔

تعلیمی مرکز میں غیر اقامتی طلبہ کی ادھر کئی سال سے نہایت کثرت سے درخواستیں آتی ہیں مگر لاری میں جگہ کی کمی کی وجہ سے بہت سی درخواستیں نامنظور کر دینی پڑتی تھیں امسال چونکہ دوسری لاری لی گئی ہے جو نسبتہً عمدہ اور بڑی ہے، اس لئے داخلہ بھی اسی نسبت سے زیادہ ہوئے ہیں۔ لیکن درجوں کی تنگی کو دیکھتے ہوئے پھر بھی تعداد کو محدود ہی رکھنا پڑا۔

کالج میں خصوصیت کے ساتھ درجہ خاص میں مدرسۃ الاصلاح اعظم گڑھ، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ اور دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل طلبہ کے داخلے زیادہ ہوئے ہیں۔

استادوں کے مدرسہ میں بھی بہت سی درخواستیں آئی تھیں مگر چونکہ امسال استادوں کا مدرسہ اوکھلا منتقل کر دیا گیا ہے اور وہاں ابھی تک عمارت مکمل نہیں ہوئی ہے اس لئے داخلے میں جگہ کا خیال رکھا گیا ہے۔

ریاست رام پور میں اصلاح تعلیم کی کوشش کی جا رہی ہے اس سلسلہ میں، جامعہ سے، ایک ایسے شخص کی خواہش کی گئی تھی جو اس سلسلہ میں ریاست کی مدد کر سکے۔ جناب اکبر علی صاحب نگراں جامعہ نگر اوکھلا، ناظم تعلیمات اور رامپور کالج کے پرنسپل کی حیثیت سے وہاں تشریف لے گئے ہیں۔ ان کی جگہ جناب سعید انصاری صاحب پرنسپل استادوں کا مدرسہ کام کر رہے ہیں۔

استادوں کے مدرسہ کی عمارت گو اوکھلا میں ابھی زیر تعمیر ہے مگر استادوں کا مدرسہ ابھی سے وہاں منتقل کر دیا گیا ہے۔ دارالاقامہ اور تعلیم کے لئے دو عمارتیں کرایہ پر لے لی گئی ہیں۔

حکومت یو۔پی نے جنوری سنہ ۳۹ء میں جامعہ کی جونیئر، سینیر، اور سندی کی ڈگریوں کو حسب ترتیب میٹرک، ایف اے اور بی اے کے مساوی تسلیم کیا تھا۔ گذشتہ مہینہ میں حکومت بہار نے بھی اسے تسلیم کر لیا ہے اور اس کا باقاعدہ سرکاری اعلان کر دیا ہے۔

تعلیمی مرکز کے ابتدائی پنجم کے بچوں نے اس سال سے 'ہنر' کے نام سے ایک قلمی روزانہ اخبار نکالنا شروع کیا ہے۔

جس میں جامعہ خصوصًا تعلیمی مرکز کے حالات اور روزانہ کی خبریں درج ہوتی ہیں۔ مدیر کے علاوہ اس کے مستقل تین نامہ نگار ہیں۔ ایک عام نامہ نگار، ایک لاری کے لئے اور ایک تعلیمی مرکز کے لئے۔

بچے نہایت دلچسپی سے اپنے ذوق کے مطابق خود ہی خبریں جمع کرتے ہیں اور انھیں شائع کرتے ہیں۔

جامعہ کے تمام دارالاقاموں کی یہ خصوصیت رہی ہے کہ تقریبًا تمام انتظامات خود طلبا انجام دیتے ہیں نگراں کا کام صرف یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ آیا تمام کام خوش اسلوبی اور عمدگی کے ساتھ انجام پا رہے ہیں یا نہیں۔ اگر کہیں کوتاہی پاتا ہے تو اس کی طرف توجہ کرا دیتا ہے۔

جدید سال کے تقریبًا تمام دارالاقاموں کے ناظموں کے انتخابات ہو چکے ہیں اور ان جدید کارکنوں نے اپنی متعلقہ ذمہ داریوں کو با حسن انجام دینے کی کوشش شروع کر دی ہے جو ہر منزل دبرائے طلبائے کالج کا انتخاب ذیل میں درج کیا جاتا ہے بقیہ دارالاقاموں کے انتخابات انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں شائع کئے جائیں گے۔

۱ -	ناظم عام	عبداللطیف اعظمی صاحب
۲ -	ناظم طعام	حسن سبحانی صاحب صدیقی
۳ -	ناظم نماز	محمد اسمٰعیل سیامی صاحب

ابھی تک ثانوی چہارم (جامعہ جونیر) میں عربی اختیاری مضمون کی حیثیت سے داخل تھا مگر مجلس تعلیمی نے اب اسے لازمی مضمون قرار دیدیا ہے۔

البلاغ مصر کا نہایت مشہور اور موقر عربی روزانہ اخبار ہے۔ اس کی پہلی اگست کی اشاعت میں تاجدار دکن کے گراں قدر عطیہ کی خبر شائع ہوئی ہے اور خسرو دکن، سر اکبر حیدری وزیر اعظم اور ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب شیخ الجامعہ کی تصویریں بھی شائع ہوئی ہیں اور جامعہ کی خدمات اور فرمانروائے حیدرآباد کی فیاضیوں کا تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے

ہمیں افسوس ہے کہ جگہ کی تنگی کی وجہ سے اس کی تلخیص شائع نہ کر سکے ورنہ ہمدردان جامعہ کی دلچسپی کا باعث ہوتی۔

مغل لائن اسکالرشپ

مغل لائن کمپنی نے مبلغ ۲۵۰ روپے کا سالانہ وظیفہ "مغل لائن اسکالرشپ" کے نام سے پانچ سال تک جامعہ کو دینا منظور کیا ہے جامعہ نے اس وظیفہ کو عہ ماہوار کے حساب سے عربی مدارس کے ان دو طالب علموں کو دینے کا فیصلہ کیا ہے جو کسی مستند مدرسہ کے فارغ التحصیل ہوں ہم مغل لائن کے بورڈ آف ڈائرکٹرز کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتے ہیں امید ہے کہ اور تجارتی ادارے بھی اس نیک مثال کی تقلید کرینگے

خسرو دکن کی طرف سے جامعہ ملّیہ کی سرفرازی

خسرو دکن کے گراں قدر عطیہ کی اطلاع مع شکریہ کے گذشتہ اشاعت میں شائع ہو چکی ہے۔ اس کے متعلق جناب قاضی عبدالغفار صاحب نے اپنے اخبار "پیام" روزانہ میں ایک شذرہ لکھا ہے اسے ہم ذیل میں، مزید شکریہ کے ساتھ شائع کرتے ہیں۔

(مرتب)

تمام ہندوستان میں جامعہ ملیہ دہلی اپنی قسم کا ایک ہی تعلیمی ادارہ ہے جس کے مخصوص تعلیمی نصب العین نے ملک کے ہر طبقہ اور فرقہ میں ایک ہمہ گیر مقبولیت حاصل کر لی ہے، جامعہ کی ایک بہت نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ باوجودیکہ وہ خود ایک عظیم الشان سیاسی بحران کی یادگار ہے اور باوجودیکہ اس کا سنگ بنیاد اسی زمانہ کے سیاسی زعما کے ہاتھوں نے نصب کیا تھا لیکن وہ تمام سیاسی علائق سے آزاد رہ کر اپنا کام کرتا رہا اور آج ایک قطعاً غیر سیاسی اور خالصتاً تعلیمی ادارہ کی حیثیت سے وہ اس منزل پر ہے جہاں ملک کا ہر سیاسی اور غیر سیاسی مکتب خیال اس کے تعلیمی اور تعمیری تصورات کو قبول کرتا ہے جامعہ کے قوم پرست ارباب کار نے اپنے تعلیمی تخیل کی تعمیر میں ملک کی قومی فطرت اور نئی نسلوں کی نئی ضرورتوں کو مدنظر رکھ کر اپنے لئے ایک نیا رستہ پیدا کیا اور آج اس کے نصب العین کی مقبولیت اس امر کا بین ثبوت ہے کہ اس کا وجود ایک بہت بڑی قومی ضرورت کو پورا کر رہا ہے۔ مخلصانہ رضاکاری اور ذاتی قربانی کی مضبوط چٹان پر جامعہ کے قومی خدام نے اپنے ارادوں کی ایک مستحکم عمارت تیار کی اور ان لوگوں کو جو ایک از کار رفتہ تعلیمی تنظیم کے اندر اپنے تصورات کو محبوس کر کے اپنی نئی نسلوں کے قویٰ کو ضائع کر رہے تھے، ایک جدید تصور کی جانب دعوت دی۔ ایک عرصہ تک بہت سے کم نظر یہ سمجھا کئے کہ یہ ادارہ ملک کی سیاسی تحریکوں کا محض ایک ضمیمہ ہے۔ لیکن رفتہ رفتہ ارباب جامعہ کی جدوجہد کے نتائج نے ان لوگوں کو بھی بتا دیا کہ جامعہ کا تخیل کسی سیاسی یا غیر سیاسی تحریک کا ضمیمہ یا شاخسانہ نہیں ہے بلکہ وہ بجائے خود ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور ایک بالکل جدید تعلیمی فضا پیدا کر رہا ہے۔ جامعہ کے قومی رضاکار جن میں سے ہر ایک ان جدید تعمیری تصورات کے لئے اپنی زندگی کو وقف کر چکا ہے۔ قومی لیڈری کے تمام مشتبہ اعزازات سے اپنا دامن بچا کر گزر گئے اور انھوں نے اپنے اس ادارہ کے لئے اشتہار بازی اور پروپیگنڈے کے ان رائج الوقت طریقوں کو اختیار کرنا پسند نہیں کیا جو قومی لیڈری کے میدان میں بہت سی چھوٹی بڑی کشتیوں کے بادبان بنائے جاتے ہیں۔ جامعہ کی یہی خصوصیت کہ وہ پروپیگنڈے کے اس پرشور میدان سے ہمیشہ علٰحدہ رہا اس کی کامیابی کا اصلی راز ہے۔ ملک کے کسی گوشہ میں جامعہ کی دھواں دھار تقریریں نہیں سنی گئیں۔ کسی نے ان کی صورت دیکھ کر اللہ اکبر کے فلک شگاف نعرے بلند نہیں کئے گئے کہیں کسی نے ان کے شاندار جلوس نکلتے نہیں دیکھے۔ ان کے گلے زرتار ہاروں سے خالی اور ان کے ہاتھ عقیدتمندوں کے بوسوں سے محروم

سے ہے جو کچھ قوم کے لیڈر کا حصہ ہے۔ اس میں سے ان بیچارے مزدوروں نے کبھی کچھ نہیں مانگا! اور یہی سبب ہے کہ آج ہندوستان میں جامعہ ملیہ کی جو ساکھ قائم ہے وہ کسی دوسرے قومی ادارہ کی نہیں ہے۔ اپنے مقصد کے اندر اپنے وجود کو فنا کر کے جامعہ ملیہ کے ان مزدوروں اور معماروں نے قومی خدمت کا ایک بہتر اور زیادہ قابل تقلید نمونہ دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔

معارف پرور تاجدار دکن کی جوہر شناس نظر نے اس قومی ادارہ کی خوبیوں کو پرکھا اور اپنی توجہات شاہانہ کا مستحق پایا۔ بقائے دوام کی یہ سب سے بڑی سند ہے جو جامعہ ملیہ کو نصیب ہوئی ہے اور ہم اس کے ارباب کار کو دلی مبارکباد دیتے ہیں کہ ان کے اس عزیز ادارہ کا وجود اب ایک ایسے مرکز سے وابستہ ہے جس سے بہتر ان کے عزائم کو کوئی دوسرا مرکز نصیب نہیں ہو سکتا تھا۔

یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ اس تمام بر اعظم میں کوئی مفید اور ضروری تحریک ایسی نہیں جو حضرت سلطان العلوم کی بارگاہ معارف پرور سے فیض یاب نہ ہوتی ہو لیکن یہ شاہانہ سرپرستی صرف مستحقین ہی کو حاصل ہوتی ہے اور جو ادارہ توجہات شاہانہ سے سرفراز ہو جائے اس کی خدمات کی اس سے بڑی کوئی سند نہیں ہو سکتی ہے علاوہ اس گراں قدر ماہوار امداد کے جو خزانۂ عامرہ سے جامعہ ملیہ کو دی جاتی ہے اور علاوہ اس یکمشت عطیہ کے جو گذشتہ سال عطا ہو چکا ہے۔ اب یہ ایک لاکھ کا عطیہ مزید التفات شاہانہ کا ایک ہمت افزا اشارہ ہے اس سے پہلے جو ۵۰ ہزار روپیہ عطا فرمائے گئے تھے اس رقم سے ارباب جامعہ نے اپنے ادارہ کی مستقل عمارات کے لئے جمنا کے کنارے ایک پر فضا مقام پر زمین خرید لی تھی اور اب اس مزید عطیہ سے اس زمین پر جامعہ کی جو عمارات تکمیل پائیں گی وہ اسی ابر کرم کی یادگاریں ہوں گی جس کے فیض سے ملت کی ہزاروں کھیتیاں سیراب ہو رہی ہیں۔

اس عطیہ کو ہم صرف اس لئے گراں قدر نہیں کہتے کہ اس کی مقدار ایک لاکھ ہے بلکہ اس لئے زیادہ گراں قدر سمجھتے ہیں کہ جامعہ ملیہ پر حضرت اقدس و اعلیٰ کی توجہات شاہانہ کا اشارہ تمام ملک کے اہل خیر کو اس قومی ادارہ کی امداد و اعانت پر اور بھی زیادہ آمادہ کرے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس شاہانہ عطیہ سے جامعہ ملیہ کی مفید زندگی کا ایک نیا باب شروع ہوتا ہے۔

ناحق شناسی ہوگی اگر اس واقعہ کے سلسلہ میں نواب سر حیدر نواز جنگ بہادر کی علم دوستی اور وسیع النظری کا شکریہ ادا نہ کیا جائے نواب صاحب موصوف نے اپنی تمام عمر تعلیمی اور قومی تحریکات کی جو سرپرستی فرمائی ہے اس کی ہزارہا نظرافروز مثالیں اور یادگاریں موجود ہیں فی الحقیقت اس معاملہ میں حیدرآباد کے بلند حوصلہ صدر اعظم اپنے آقا اور ولی نعمت کے ایک عقیدت مند پیرو اور مقلد ہیں اور جامعہ کی خوش نصیبی ہے کہ نواب صاحب ممدوح کی مؤثر ہمدردیاں اس کو حاصل ہوئیں۔ ہم کو معلوم ہے کہ سر اکبر حیدری کی ہمدردیاں جب کسی ادارہ یا تحریک کے ساتھ وابستہ ہو جاتی ہیں تو وہ مستقل اور پائیدار ہوا کرتی ہیں اور اس لئے جامعہ ملیہ کے ساتھ صاحب موصوف کی ہمدردی اور دلچسپی بجائے خود اس قومی ادارے کا ایک انمول سرمایہ ہے۔

بچّے کی تعلیم و تربیت

پستالوزی کو جدید تعلیم میں، جو مقام حاصل ہے، اس سے اہلِ نظر اچھی طرح واقف ہیں اس نے اپنے ایک انگریز دوست، جے پی گریوز کو بہت سے خطوط لکھے تھے، جن میں بچوں کے طریق تعلیم و طرز تربیت کے متعلق بہت سے اصول بیان کئے ہیں۔ ذیل میں ایک خط کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے، بچے کی تربیت میں استاد سے زیادہ، اس کے والدین کو دخل ہوتا ہے۔ اس لئے امید ہے کہ وہ بھی اسے غور سے پڑھیں گے اور استفادہ کی پوری کوشش کریں گے۔

(مرتب)

نوخیز بچے کے ذہنی ارتقا کے لئے میں جو دوسرا ابتدائی قاعدہ بچے کی والدہ کو سکھاؤں گا یہ ہے۔

"بچہ کو محض اس قابل نہ بناؤ کہ وہ تمہاری سکھائی ہوئی باتوں کی نقل کر سکے بلکہ ذہنی تعلیم و تہذیب میں اسے خود محرک بننے دو" اس سے میرا مطلب یہ ہے کہ بچے کی ماں یہ بات ذہن نشین کر لے کہ اس کا بچہ نہ صرف چند خیالات اور مسلمہ حقیقتوں پر توجہ کرنے اور انھیں یاد رکھنے کی اہلیت رکھتا ہے بلکہ دوسروں کے خیالات سے بالکل آزاد، اس کے ننھے دماغ میں غور و خوض کا مادہ بھی موجود ہوتا ہے، یہ بہت اچھی بات ہے کہ ایک بچہ کو سبق پڑھنا اور لکھنا اور یاد کرنا اور دہرانا سکھا دیا جائے لیکن اس سے بدرجہا بہتر یہ ہے کہ بچے کو غور کرنا سکھایا جائے، ہم دوسروں کی رائے کو اپنے فائدہ کے لئے بہترین طریق پر استعمال کر سکتے ہیں اور ہمارے لئے ان رایوں سے آگاہ رہنا مفید ثابت ہو سکتا ہے لیکن ہم اوروں کے لئے بہت زیادہ کار آمد اسی وقت بن سکتے ہیں اور ہمارا شمار معاشرہ کے قابل قدر افراد میں اسی حالت میں ہو سکتا ہے جب ہم خود اپنی ذہنی قوتوں سے کام لیں، ہم خود اپنے تجسس اور تحقیق سے نتیجے نکالیں اور ان نظریوں کو عملی شکل دیں، جنھیں ہم بجا طور پر اپنی "ذہنی املاک" کہتے ہیں۔ میں اس وقت ان اہم خیالات کا ذکر نہیں کر رہا ہوں جو وقتاً فوقتاً لوگوں کے سامنے آتے رہتے ہیں اور جن سے علم و فن کو ترقی ہوتی ہے یا نوع انسانی کو ایک عمومی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ میں اس ذہنی ملک کا ذکر کر رہا ہوں جسے ہر شخص حتیٰ کہ زندگی کے ادنیٰ ترین طبقہ کا ایک کمزور ترین فرد بھی حاصل کر سکتا ہے۔ میں "غور و خوض کی عادت" کے متعلق کہہ رہا ہوں، جو ہر قسم کے حالات میں بے پروائی اور غیر ذمہ دارانہ افعال کے مقابلہ میں ایک زبردست محافظ ہے اور جو دماغ میں آنے والی ہر بات کو دور رس نگاہوں سے دیکھنے کے لئے ہر وقت تیار رہتی ہے۔ غور و تامل کی اس عادت میں، جہالت کی خود فراموشی اور "غرور ریا" تھوڑے سے علم" کے چھچھورے پن کو ہرگز دخل نہیں ہوتا۔ یہ عادت ایک آدمی کو سکھاتی ہے کہ وہ نہایت عجز و انکسار کے ساتھ اپنی کم علمی کو تسلیم کرے لیکن ایمانداری کے ساتھ وہ یہ بھی سمجھ لیتا ہے کہ جو تھوڑا علم اس نے حاصل کیا ہے اسے اس پر پورا عبور ہے۔

اگر کسی بچہ کی ماں مجھ سے ایسے مضامین کے متعلق پوچھے جو بچہ کی قوت فکر کے ارتقا میں مدد دے سکتے ہوں تو میں اسے جواب دوں گا کہ ہر مضمون پڑھایا جا سکتا ہے لیکن وہ اس طریقے سے پڑھایا جائے کہ بچے کی ذہنی قوتوں پر خواہ مخواہ بوجھ ثابت نہ ہو۔ تعلیم و تدریس کا ایک بہت بڑا فن یہ ہے کہ ایک حقیقت کو آسان اور دلچسپ پیرایہ میں سمجھانے کی کوشش کی جائے۔ دنیا میں کوئی مضمون اس قدر خشک نہیں ہے جسے ایک آزمودہ کار معلم اپنے تعلیم کے طریقوں سے بچوں کے لئے دلچسپ نہ بنا سکے۔ ایک بچہ کے لئے ہر چیز نئی ہوتی ہے۔ یہ سچ ہے کہ جدت کا طلسم جلد ہی ٹوٹ جاتا ہے لیکن بچے میں اگر پختہ سال مار یک بینوں کی سی دقت نظر نہیں ہوتی تو کم از کم بحث و مباحثہ کے لئے طفلانہ بے صبری اور زبردست جوش تو ضرور ہوتا ہے اور اس طرح معلم کا کام بڑی حد تک آسان ہو جاتا ہے وہ تعلیم و تدریس کے سادہ اجزا کو ایک مجموعہ میں مرتب کر سکتا ہے جس سے مضمون میں مختلف دلچسپیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور لطف یہ ہے کہ بچے کی توجہ بھی نہیں ہٹتی۔

اگر میں یہ کہتا ہوں کہ اس مقصد کے لئے ہر مضمون کام آ سکتا ہے تو اسے بالکل صحیح سمجھنا چاہیئے نہ صرف بچہ کی زندگی اس کی تفریح کی باتوں اور اس کے والدین، دوستوں اور ہمجولیوں کے تعلقات میں سے تمہیں کوئی ایسے چھوٹے سے چھوٹا واقعہ ملیگا بلکہ حقیقتاً بچہ کی توجہ کو جذب کرنے والی کوئی ایسی چیز نہیں، ہے (خواہ وہ فطرت کے بیش بہا خزانوں میں سے ہو یا زندگی کی مصروفیتوں میں سے)، جو بچے کے لئے سبق کا ایسا مضمون مہیا نہ کر سکتی ہو جس سے کچھ مفید علم حاصل ہو سکے اور جس سے خصوصاً بچے کو اپنے مشاہدات پر غور کرنے اور پھر اپنے خیالات ظاہر کرنے کا خوگر نہ بنایا جا سکے۔

اس کا طریقہ یہ نہیں ہے کہ بچے کے سامنے کوئی تقریر کی جائے بلکہ اپنی تعلیم کے سبق بچے کے ساتھ ایک دلچسپ مکالمہ کی صورت میں پیش کئے جائیں۔ ایک لمبی چوڑی تقریر اس کے الفاظ خواہ کتنے ہی عام فہم کیوں نہ ہوں، بچے کے لئے کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔ اسے موقع دینا چاہیئے کہ وہ اپنے شکوک بھی تمہارے سامنے ظاہر کرے ایک مضمون کا الف سے لیکر یے تک پڑھا کر ختم کر دینا کچھ معنی نہیں رکھتا اس مضمون کے متعلق بچہ سے سوالات کرنے چاہئیں، اسے ان کا صحیح جواب سوچنے کی عادت ڈالنی چاہیئے اور پھر بچہ سے سوالات کرائے جائیں اور معلم اچھی اچھی چیزوں کی مثالیں دے کر اس کے شکوک رفع کرے۔ یہ بڑی مضحکہ خیز بات ہے کہ ہم ایک بچہ کی طفلانہ سیرت اور بے چین طبیعت سے یہ توقع رکھیں کہ وہ کسی طول طویل توضیح سے بالکل مردہ ہو جاتی ہے بلکہ ایسے سوالات کرنے سے وہ اپنے مضمون میں بہت زیادہ دلچسپی لیتا ہے۔

یہ سوالات چھوٹے چھوٹے، واضح اور قابل فہم ہونے چاہئیں۔ صرف یہی نہ ہو کہ بچے کو اسی ایک بات کا انہی الفاظ میں یا کسی اور ترتیب سے اعادہ کرنا پڑے، جو تھوڑی دیر پہلے وہ سن چکا ہو۔ یہ سوال اس قدر دلچسپ ہوں کہ بچے کا دماغ خودبخود ان باتوں کو سمجھ لینے کا محرک ہو کہ اس کے سامنے کیا ہے ؟ وہ کیا کچھ سیکھ چکا ہے؟ اور وہ اپنے تھوڑے سے علمی ذخیرے کو ان باتوں کے جواب دینے کے لئے کیسے استعمال کر سکتا ہے ؟ اسے ایک چیز کا کوئی وصف بتا دو اور پھر دوسری چیزوں میں یہی وصف اسے خود تلاش کرنے کے لئے کہو۔ اس کو دکھا دو کہ گیند کی شکل کو "گول" کہتے ہیں اس کے بعد اگر تم اس سے ایسی چیزوں

کے متعلق ...... سوال کروگے جو اسی شکل کی ہوں تو تم نے اس کے ذہن اور ادراک کو صحیح رستے پر لگا دیا ہی اور اس طرح ایک تو بچے کو غور سے سننے اور پھر اس بات کو وقت پر یاد کرنے کی عادت ہوگی اور دوسرے غور سے دیکھنے اور اس پر سوچنے کا شوق ہوگا

ذہنی تربیت

